

**1050** سوالات اوران کے جوابات کا مستند مجموعہ

# الفہیم
# حیاتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم
# کوئز

مرتب
شیخ رفعت سالار فیضی

www.KitaboSunnat.com

تقریظ و نظر ثانی
شیخ محفوظ الرحمن فیضی
سابق شیخ الجامعہ جامعہ اسلامیہ فیض عام مئو

مکتبہ الفہیم
مئوناتھ بھنجن یوپی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

# محدث لائبریری

کتاب و سنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | الفہیم حیات رسول صلی اللہ علیہ وسلم کوئز |
| مرتب | : | شیخ رفعت سالار فیضی |
| تقریظ ونظر ثانی | : | شیخ محفوظ الرحمن فیضی |
| طابع وناشر | : | مکتبۃ الفہیم مئوناتھ بھنجن یوپی |
| سال اشاعت | : | دسمبر ۲۰۱۲ء |
| تعداد اشاعت | : | ایک ہزار ایک سو |
| صفحات | : | 168 |

باہتمام

شفیق الرحمن، عزیز الرحمن

مکتبۃ الفہیم
مئوناتھ بھنجن یوپی

MAKTABA AL-FAHEEM
Raihan Market, 1st Floor, Dhobia Imli Road
Sadar Chowk, Maunath Bhanjan - (U.P.) 275101
Ph.: (O) 0547-2222013, Mob. 9236761926, 9889123129, 9336010224
Email : maktabaalfaheemmau@gmail.com
WWW.faheembooks.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# تقریظ

## فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا ومفتی محفوظ الرحمٰن صاحب فیضی حفظہ اللہ

## سابق شیخ الجامعہ وشیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ فیض عام، مئو

زیر نظر رسالہ ''حیات رسول ﷺ کوئز'' عزیزم مولوی رفعت سالار فیضی رسلمہ نے ترتیب دیا ہے، فاضل عزیزم نے ''عرض مرتب'' میں اس رسالہ کی جمع وترتیب کے پس منظر وپیش منظر، اس کے سبب تالیف اور غرض وغایت کو مناسب تفصیل سے بیان کر دیا ہے، انہوں نے اس رسالہ میں سیرت رسول ﷺ اور سیر صحابہ ؓ سے متعلق کہ وہ بھی سیرت رسول ﷺ ہی کا حصہ ہے تقریباً ایک ہزار (۱۰۰۰) سے زائد سوالات پیش کر کے ان کے صحیح ومستند جوابات بتائے ہیں، اور ان سب کا مستند ماخذ اور حوالہ بھی تحریر کرنے کا اہتمام کیا ہے، تاکہ سیرت طیبہ کے بارے میں لوگوں کو سہولت کے ساتھ مستند اور پختہ معلومات حاصل ہوسکیں۔

عزیزم مولوی رفعت سالار فیضی رسلمہ کو دعوت وارشاد اور تبلیغ وتربیت سے خصوصی شغف ہے اور انہیں اس میدان کا مناسب تجربہ ہے، اس تجربہ کی روشنی میں خوش سلیقگی کے ساتھ انہوں نے یہ مفید رسالہ مرتب فرمایا ہے، جو بچوں، عوام اور طلبہ ہر ایک کے لئے مفید ہے، امید ہے کہ اسے خاطر خواہ پذیرائی حاصل ہوگی، ان شاء اللہ الکریم۔

تعلیم وتربیت کے طریقوں میں ایک مفید طریقہ سوال وجواب بھی ہے اس سے لوگوں کے علم ومعرفت کی کمیت وکیفیت اور ان کی ذہانت وفطانت بھی معلوم ہوتی ہے، اور ان کی یادداشت کے بند دروازے کھلتے ہیں اور یہ طریقہ تشحیذ ذہن کے لئے بھی بہت مفید

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



ہے، رسول اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ میں اس حکیمانہ طرز تعلیم وتربیت کا نمونہ بھی موجود ہے، حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ایک روز رسول اکرم ﷺ نے صحابہ سے فرمایا ”درختوں میں ایک درخت ایسا ہے کہ اس کے پتے جھڑتے نہیں (وہ سدا بہار اور سایہ دار رہتا ہے اور بہت نفع بخش ہے) مسلمان کی مثال اسی درخت کی سی ہے“ ، پھر آپ ﷺ نے صحابہ سے سوال فرمایا بتاؤ وہ کون سا درخت ہے،؟ ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں یہ سوال سن کر صحابہ کا خیال جنگل کے درختوں کی طرف گیا اور وہ ذہن دوڑانے لگے کہ وہ کون سا درخت ہوسکتا ہے، لیکن وہ سمجھ نہ سکے اور کسی درخت کا نام نہ لے سکے، آخر رسول اللہ ﷺ ہی سے پوچھا کہ آپ ہمیں بتادیں کہ وہ کون سا درخت ہے تو آپ ﷺ نے بتایا ”وہ کھجور کا درخت ہے“ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اپنے متعلق بیان کرتے ہیں کہ میرے دل میں آگیا تھا کہ وہ کھجور کا درخت ہے، مگر میں اپنی کم عمری اور شرم وحیا کی وجہ سے خاموش رہا۔ (بخاری مع الفتح کتاب العلم)

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس رسالہ کو مقبول عام ومفید بنائے اور مرتب رسالہ کے دعوتی وتربیتی شغف اور پڑھنے لکھنے کے شوق وذوق میں اضافہ اور پختگی عطا فرمائے۔

آمین

۳۰ رمئی ۲۰۱۱

خیر اندیش

محفوظ الرحمن فیضی۔ مئو

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرض مرتب

نیک اور صالح اولاد بھی اللہ تعالیٰ کی عظیم ترین نعمت ہے یہی وجہ ہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام نے بھی اللہ تعالیٰ سے نیک اور صالح اولاد کی خواہش کی جیسا کہ قرآن کریم میں ہماری رہنمائی کیلئے کہیں سیدنا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاء مذکور ہے ﴿رب ھب لی من الصلحین﴾ (الصّفّت ۱۰۰) اے میرے رب! مجھے نیک بخت اولاد عطا فرما اور کہیں بوڑھے زکریا علیہ السلام کی التجا موجود ہے۔ ﴿ھُنَالِکَ دَعَا زَکَرِیَّا رَبَّه قَالَ رَبِّ ھَبْ لِی مِنْ لَّدُنْکَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّکَ سَمِیْعُ الدُّعَآءِ﴾ (آل عمران ۳۸) اسی جگہ زکریا (علیہ السلام) نے اپنے رب سے دعا کی، کہا کہ اے میرے پروردگار! مجھے اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرما ،بیشک تو دعا کا سننے والا ہے۔ اور کہیں عباد الرحمٰن کی صفت مذکور ہے کہ وہ اپنے خالق حقیقی سے ایسی ہی دعائیں کرتے ہیں ﴿رَبَّنَا ھَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّیّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْیُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا﴾ (الفرقان ۷۴) اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیز گاروں کا پیشوا بنا۔

نیک اور صالح اولاد والدین کیلئے موت کے بعد بھی درجات میں رفعت و بلندی کا سبب بنتی ہے جیسا کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد گرامی ہے۔ (عن ابی ھریرة رضی اللہ عنه ان رسول اللہ ﷺ قال اذا مات الانسان انقطع عمله الا من ثلاثة صدقة جاریة اوعلم ینتفع به اوولد صالح یدعو له) (صحیح مسلم کتاب الوصیة باب مایلحق الانسان من الثواب بعد وفاته) حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ انسان جب مرجاتا ہے تو اس کے اعمال کا سلسلہ ختم ہوجاتا ہے لیکن تین چیزیں باقی رہتی ہیں (۱) صدقۂ جاریہ (۲) وہ علم جس سے فائدہ حاصل ہو (۳) نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرے۔

دوسری روایت میں حضرت ابوہریرہؓ ہی سے منقول ہے (ان الرجل لترفع درجة

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



فی الجنة فیقول انی هذا فیقال باستغفار ولدک لک)) (ابن ماجہ ابواب الادب باب برالوالدین علامہ البانیؒ نے اس حدیث کو حسن قرار دیا ہے) آپ ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے پاس جب انسان کے درجات بلند کئے جاتے ہیں تو کہتا ہے کہ اے اللہ! میرے لئے درجات کی بلندی کا سبب کیا ہے؟ تو جواب ملتا ہے تیری اولاد، جو تیرے مرنے کے بعد تیرے لئے استغفار کرتی ہے۔

اولاد سے یہ سعادت حاصل کرنے کیلئے ہماری یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ ہم ان کی تعلیم وتربیت اسلامی اصول وضوابط کے مطابق کریں اور ابتدا سے توحید وسنت سے لگاؤ اور اس کے لئے جینے اور مرنے کا احساس پیدا کریں۔ حضرت عبداللہ بن عباسؓ روایت کرتے ہیں کہ ایک دن میں نبی ﷺ کی سواری پر پیچھے تھا آپ ﷺ نے فرمایا ''اے چھوٹے لڑکے! یقیناً میں تجھے کچھ باتیں سکھلا رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کی حفاظت کر، وہ تیری حفاظت کریگا، تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت کر تو اس کو اپنے روبرو پائے گا، تو جب سوال کرے تو اللہ تعالیٰ ہی سے سوال کر، اور جب مدد طلب کرے تو اللہ تعالیٰ ہی سے مدد مانگ، اس حقیقت کو جان لے کہ اگر ساری امت تجھے کچھ نفع پہنچانے کیلئے جمع ہو جائے تو تجھے وہی نفع پہنچے گا جو اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے لکھ دیا ہے، اور اگر تمام امت تجھے کچھ نقصان پہنچانے کیلئے متحد ہو جائے تو تجھے اتنا ہی ضرر پہنچا سکیں گے جو اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے مقدر کر دیا ہے، قلموں کو اٹھا لیا گیا ہے اور صحیفے خشک ہو چکے ہیں (ترمذی ابواب صفة القیامہ)۔

یہ تھا رسول کریم ﷺ کا بچوں کو تربیت کرنے کا انداز، رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا (مامن مولود یولد علی الفطرة فابواه یهود انه اوینصر انه او یمجسانه) (صحیح بخاری کتاب الجنائز باب اذا اسلم الصبی فمات هل یصلی علیه) ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے اس کے والدین اس کو یہودی، عیسائی یا مجوسی بناتے ہیں معلوم ہوا کہ بچے تو صحیح العقیدہ پیدا ہوتے ہیں اور اسی عقیدہ کی تبلیغ وتعلیم کیلئے خالق کائنات نے وقتاً فوقتاً انبیائے کرام علیہم السلام کے ذریعہ کتب نازل فرمائی۔ اور اس سلسلہ کی آخری کتاب رہبر اعظم سید ولد آدم شفیع یوم محشر

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



رحمۃ للعالمین حضرت محمد ﷺ کو قرآن کریم کی شکل میں نازل کی گئی آپ ﷺ کی سیرت طیبہ قرآن مجید کی عملی تفسیر ہے۔ آپ ﷺ کی کتاب زندگی کا ہر ہر ورق اپنے اندر ایسی روح پرور اور نشاط افزاء نسیم کی تاثیر رکھتا ہے جس کے بہار آفریں جھونکے قیامت تک انسانیت کے چمن کو سرسبز وشاداب رکھیں گے۔ قرآن کریم میں آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کو انسانیت کے لئے ایک اعلیٰ مثال کی حیثیت سے پیش کیا گیا ہے اس لئے دنیا وآخرت کی فلاح وسعادت کا انحصار اسوۂ رسالت مآب ﷺ ہیں لہٰذا جو بھی اپنے حق میں خیر خواہی اور نجات وخوش بختی کا خواہشمند ہے اس کے لئے لازم اور ضروری ہے کہ آپ ﷺ کے اسوہ کا، سیرت کا، اور حیات طیبہ کا مطالعہ کرے، اسی مطالعہ کا ذوق وشوق پیدا کرنے اور اسی کی روشنی میں اپنی زندگی گذارنے اور سنوارنے کیلئے مدرسہ فیضان الاسلام نعمت نگر، محسن پورہ کے منتظمین نے (جس کے قیام کے اہم ترین اغراض ومقاصد میں نسل جدید کی قرآن وسنت کے مطابق تربیت بھی ہے) اپریل ومئی ۲۰۱۰ء میں چند مسابقات مثلاً ایک رکعت نماز اور جنازہ صلوا كما رأيتموني اصلي (نماز اسی طرح پڑھو جس طرح مجھ کو پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو) کے مطابق عملی کمپٹیشن، اور سیرت نبوی ﷺ کے مکی ومدنی دور کا تحریری مسابقہ کے انعقاد کا فیصلہ کیا تھا۔

اسی سیرت کے مسابقہ کے تعلق سے چند مخلص احباب نے اہم ترین ماخذ ومستند کتابوں سے سوالات وجوابات جمع وترتیب دینے کا نیک ومفید مشورہ دیا انہیں مخلصین کے مشورہ کو عملی جامہ پہناتے ہوئے ایک ہزار سے زائد سوالات وجوابات ترتیب دیئے گئے تھے۔

بحمد اللہ جو اس وقت ''کوئز حیات رسول ﷺ'' کے نام سے کتابی شکل میں موجود ہے مرتب نے اس مجموعہ میں حتی المقدور کوشش کی ہے کہ تمام سوالات وجوابات مستند وثقہ حوالوں سے مزین ہوں تا کہ یہ مجموعہ اردو خواں لوگوں کے علاوہ طلبہ وطالبات کے لئے بھی گائڈ اور شرح کا کام دے اس کوشش میں کس قدر کامیابی ہے اس کا فیصلہ قارئین کے ہاتھوں میں ہے قارئین کرام سے مؤدبانہ التماس ہے کہ اس مجموعہ میں جو کمی اور نقص نظر آئے اس کی نشان دہی فرمائیں۔ آئندہ ایڈیشن میں آپ کے شکریہ کے ساتھ اس کا ازالہ کر دیا جائے گا۔ ان شاء اللہ العزیز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سب سے پہلے اس رب العزت اور محسن اعظم کا شکر ادا کرنا واجب ہے جس نے مجھ جیسے کو اس مجموعہ کو ترتیب دینے کی توفیق بخشا۔ پھر حدیث نبوی ﷺ (من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ) کے تحت اخیر میں ہم شکر گذار ہیں ان تمام معاونین کے جنہوں نے میرے دست وبازو بن کر شب وروز میرا تعاون کیا اور اس کی ترتیب واشاعت کے تمام مراحل میں میرا ساتھ دیا میں اس ضمن میں شکر گزار ہوں مکتبہ الفہیم، مئو کے ذمہ دار شفیق الرحمٰن وعزیز الرحمٰن صاحبان کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں۔ جنھوں نے مجھ جیسے نو آموز صاحب قلم کی اولین کوشش کو شائع کر کے میری حوصلہ افزائی فرمائی اور اپنی حسن توجہ، الطاف وعنایات اور پر خلوص مشوروں اور عملی معاونت سے قدم قدم پر سہارا دیا اللہ تعالیٰ ان کے کاروبار میں مزید ترقی عطا فرمائے اور ان لوگوں کو اور ان کے برادران وپسران کو نیک وصالح بنائے۔

آمین یارب العالمین

بڑی ناسپاسی اور احسان فراموشی ہوگی اگر میں اس حقیقت کا اظہار نہ کروں کہ میرے مشفق ومربی استاذ گرامی فضیلۃ الشیخ حضرت مولانا ومفتی محفوظ الرحمٰن صاحب فیضی حفظہ اللہ سرپرست مدرسہ فیضان الاسلام نعمت نگر کا کہ انہوں نے اپنی عدیم الفرصتی اور ہمہ جہت علمی اور تدریسی وتصنیفی مصروفیات کے باوجود اس کتاب پر نظر ثانی اور تقریظ تحریر فرما کر میری حوصلہ افزائی فرمایا اور کتاب کو سند وقار واعتبار بخشا ہم دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ انھیں دنیا اور آخرت میں بہترین جزاؤں سے نوازے اور ان کا فیضان اور سایہ تادیر باقی رکھے۔ آمین یارب العالمین۔

اخیر میں دعا ہے کہ رب العالمین اس مجموعہ کے فیضان کو دور تک اور دیر تک پہنچائے اور مرتب وجملہ معاونین کی کوششوں کو شرف قبولیت بخش کر ان تمام لوگوں کے لئے صدقۂ جاریہ کا سبب بنائے اور ان کے والدین واساتذہ کے لئے آخرت میں رفع درجات کا ذریعہ بنائے۔

آمین یارب العالمین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱ رسول اور نبی کسے کہتے ہیں؟

جواب اس نیک انسان (مرد) کو کہتے ہیں جسکو اللہ تعالیٰ نے دنیا میں لوگوں کو نیکی اور بھلائی کا راستہ بتانے کیلئے بھیجا ہو اور اسکی طرف وحی کی ہو۔

(شرح عقیدۃ الطحاویہ)

سوال:۲ سیرت رسول کسے کہتے ہیں؟

جواب آنحضرت ﷺ کی حیات گرامی کے حالات کو سیرت رسول کہتے ہیں۔

سوال:۳ پیارے نبی ﷺ کی سیرت کو جاننا کیوں ضروری ہے؟

جواب چونکہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کی ذات گرامی کو تمام مسلمانوں کیلئے بہترین آئیڈیل اور مکمل نمونہ قرار دیا ہے جیسا کہ ارشاد الٰہی ہے ﴿لقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ﴾ (الاحزاب ۲۱) لہٰذا جب تک آپ ﷺ کی سیرت ہمارے سامنے نہ ہو اس وقت تک نہ ہم اسلام کو سمجھ سکتے ہیں اور نہ صحیح طور پر اسپر عمل کر سکتے ہیں۔

سوال:۴ سیرت نبوی ﷺ کے موضوع پر لکھی گئی کم از کم تین کتابوں کے نام بتائیے؟

جواب
۱. زادالمعاد
۲. رحمۃ للعالمین
۳. الرحیق المختوم

سوال:۵ زادالمعاد کے مؤلف کا نام بتائیے؟

جواب علامہ شمس الدین ہے مگر ابن قیمؒ کے نام سے مشہور ہیں۔

سوال:۶ رحمۃ للعالمین کے مؤلف کا نام کیا ہے؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب قاضی محمد سلیمان سلمان منصور پوریؒ۔

سوال:۷ الرحیق المختوم کے مؤلف کا نام بتائیے؟

جواب علامہ صفی الرحمٰن مبارکپوریؒ۔

سوال:۸ ہمارے آخری نبی ﷺ کا نام بتائیے؟

جواب محمد (ﷺ)۔ (بخاری مع الفتح باب ماجاء فی اسماء رسول اللہ ﷺ)

سوال:۹ اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری نبی ﷺ کیلئے کس شہر کو منتخب کیا؟

جواب مکہ کو۔ (زادلمعاد: مترجم مولانا رئیس احمد جعفری مطبع صدیقیہ دیوبند ص۳۴ ج۱)

سوال:۱۰ شہر مکہ کی اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کتنی مرتبہ قسم کھائی ہے؟

جواب دو مرتبہ۔ (زادلمعاد ص۳۵ ج۱)

سوال:۱۱ ﴿ھذا البلد الامین﴾ اور ﴿لا اقسم بھذا البلد﴾ سے کون شہر مراد ہے؟

جواب مکہ (زادلمعاد ص۳۴ ج۱)

سوال:۱۲ روئے زمین پر سب سے پہلی مسجد کہاں ہے؟

جواب مکہ میں (زادلمعاد ص۳۴ ج۱)

سوال:۱۳ روئے زمین پر سب سے پہلی مسجد کا نام بتائیے؟

جواب مسجد حرام (بخاری مع الفتح رقم الحدیث ۳۴۲۵ مطبع مکتبۃ الاشرفیہ دیوبند)

سوال:۱۴ آپ صلی اللہ علیہ سلم کس خاندان سے تعلق رکھتے تھے؟

جواب بنو ہاشم سے۔ (ترمذی مع التحفہ رقم الحدیث ۳۸۴۸ مطبع مکتبۃ الاشرفیہ دیوبند)

سوال:۱۵ آپ ﷺ کی پیدائش کب ہوئی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ۹/ربیع الاول ۱ ؁ عام الفیل ۲۲/اپریل ۵۷۱ء بروز دوشنبہ۔

(رحمۃ للعالمین ص ۴۰ ج ۱)

سوال:۱۶ آپ ﷺ کی پیدائش واقعہ فیل کے کتنے دنوں کے بعد ہوئی؟

جواب ۵۵/دن بعد۔ (رحمۃ للعالمین ص ۴۰ ج ۱ حاشیہ نمبر ۵)

۵۰/دن بعد۔ (رحمۃ للعالمین ص ۳۶۱ ج ۲)

سوال:۱۷ آپ ﷺ کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب عبداللہ۔ (بخاری مع الفتح کتاب مناقب الانصار باب مبعث النبی ﷺ، ترمذی مع التحفہ رقم الحدیث ۳۸۵۰)

سوال:۱۸ آپ ﷺ کے والد کی قبر کہاں ہے؟

جواب یثرب میں۔ (رحمۃ للعالمین ص ۹۲ ج ۲)

سوال:۱۹ آپ ﷺ کی والدہ کا نام کیا تھا؟

جواب آمنہ۔ (رحمۃ للعالمین ص ۹۳ ج ۲)

سوال:۲۰ آپ ﷺ کے دادا کا نام کیا تھا؟

جواب شیبہ۔ (سیرۃ النبی لابن ہشام: مترجم عبدالجلیل صدیقی مطبع اعتقاد پبلشنگ ہاؤس ص ۱۶۳ ج ۱ - فتح الباری ص ۲۰۶ ج ۷)

سوال:۲۱ آپ ﷺ کے دادا کس نام سے مشہور تھے؟

جواب عبدالمطلب۔ (رحمۃ للعالمین ص ۷۰ ج ۲)

سوال:۲۲ نبی اکرم ﷺ کے دادا شیبہ عبدالمطلب کے لقب سے کیوں مشہور ہوگئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com


جواب نبی اکرم ﷺ کے دادا شیبہ کے والد (ہاشم) کی وفات کے بعد شیبہ کے چچا المطلب ان کو ننھیال (مدینہ) سے لے کر جب مکہ واپس ہوئے تو شیبہ المطلب کے اونٹ پر پیچھے بیٹھے ہوئے تھے یہ دیکھتے ہی قریش نے کہا یہ المطلب کا غلام ہے جسے وہ خرید کر لایا ہے اس واقعہ کی وجہ سے شیبہ عبدالمطلب کے لقب سے مشہور ہو گئے۔

(سیرۃ لابن ہشام ج ۱ ص ۱۶۳- فتح الباری ج ۷ ص ۲۰۹)

سوال: ۲۳ آپ ﷺ کے نانا کا نام کیا ہے؟

جواب وہب (رحمۃ للعالمین ج ۱ ص ۴۰- سیرۃ لابن ہشام ص ۱۸۱ ج ۱)

سوال: ۲۴ آپ ﷺ کا ارشاد گرامی ہے میں دو ذبیح کا اولاد ہوں دو ذبیح سے کون کون مراد ہیں؟

جواب (۱) اسماعیل علیہ السلام (۲) آپ ﷺ کے والد عبداللہ۔

(مختصر سیرت الرسول ص ۴۴، الرحیق المختوم ص ۸۰)

سوال: ۲۵ دادا نے آپ ﷺ کا کیا نام رکھا؟

جواب محمد (ﷺ) (رحمۃ للعالمین ص ۹۴ ج ۲)

سوال: ۲۶ آپ (ﷺ) کی والدہ نے آپ ﷺ کا کیا نام رکھا؟

جواب احمد۔ (رحمۃ للعالمین ص ۹۴ ج ۲)

سوال: ۲۷ آپ ﷺ کا نام محمد قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب ۴ بار۔ (۱) آل عمران آیت ۱۴۴ (۲) احزاب آیت ۴۰ (۳) محمد آیت ۲ (۴) فتح آیت ۲۹

سوال: ۲۸ آپ ﷺ کا نام احمد قرآن میں کتنی بار آیا ہے؟

جواب ایک بار۔ (صف آیت نمبر ۶)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۹ آپ ﷺ کی والدہ کے بعد آپ ﷺ کو سب سے پہلے کس نے دودھ پلایا؟

جواب ثویبہ نے. (زادالمعاد ص۶۲ ج۱،الرحیق المختوم ص۸۴)

سوال:۳۰ ثویبہ کس کی لونڈی تھی؟

جواب ابولہب کی. (بخاری رقم ۵۱۰۱)

سوال:۳۱ آپ ﷺ نے اپنی والدہ کے علاوہ کتنی عورتوں کا دودھ پیا؟

جواب ۲ رعورتوں کا. (زادالمعاد ص۶۲ ج۱)

سوال:۳۲ آپ ﷺ کی والدہ کے علاوہ جن دوعورتوں نے آپ ﷺ کو دودھ پلایا ان کا نام کیا ہے؟

جواب ثویبہ، حلیمہ سعدیہ. (زادالمعاد ص۶۲ ج۱)

سوال:۳۳ آپ ﷺ کے اس چچا کا کیا نام ہے جو آپ ﷺ کے رضاعی بھائی ہیں؟

جواب حضرت حمزہؓ. (زادالمعاد ص۶۲ ج۱)

سوال:۳۴ فتح مکہ کے موقع پر اسلام قبول کرنے والے آپ ﷺ کے رضاعی بھائی کا نام بتایئے؟

جواب ابوسفیان بن حارثؓ. (زادالمعاد ص۶۲ ج۱)

سوال:۳۵ آنحضرت ﷺ کی اس رضاعی بہن کا نام بتایئے جو بنی ہوازن کے وفد میں تشریف لائیں تو آپ ﷺ نے ان کے حق کا لحاظ کرتے ہوئے اپنی چادر مبارک بچھا کر اس پر بیٹھایا؟

جواب شیما. (زادالمعاد ص۶۳ ج۱)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۳۶ ام ایمن جنھوں نے رسول اکرم ﷺ کو گود کھلایا ان کا نام کیا ہے؟

جواب برکت۔ (الرحیق المختوم ص ۸۲- رحمۃ للعالمین ص ۹۲ ج ۲ حاشیہ نمبر ۴)

سوال:۳۷ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ شق صدر (سینہ چاک کرنے) کا واقعہ پہلی مرتبہ کب پیش آیا؟

جواب جب آپ ﷺ ابھی دائی حلیمہ کے یہاں رہتے تھے۔

(ابن ھشام ص ۱۸۵ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۸۷)

سوال:۳۸ آپ ﷺ کی والدہ کے انتقال کے وقت آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب ۶ر سال۔

(رحمۃ للعالمین ص ۴۱ ج ۱، مترجم سیرۃ النبی لابن ھشام ص ۱۸۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۸۸)

سوال:۳۹ آپ ﷺ کی والدہ کی قبر کہاں ہے؟

جواب ابوا میں۔ (زاد المعاد ص ۵۲ ج ۱، ابن ھشام ص ۸۹ ج ۱)

سوال:۴۰ ابوا کہاں ہے؟

جواب مکہ اور مدینہ کے درمیان۔ (زاد المعاد ص ۵۳ ج ۱، ابن ھشام ص ۸۹ ج ۱)

سوال:۴۱ آپ ﷺ کی عمر کتنے برس کی تھی تو دادا کا انتقال ہوا؟

جواب ۸ر برس ۲ر مہینے ۱۰ر دن۔ (زاد المعاد ص ۵۳ ج ۱، ابن ھشام ص ۸۹ ج ۱)

سوال:۴۲ دادا کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب مکہ میں۔ (الرحیق المختوم ص ۸۸)

سوال:۴۳ دادا نے انتقال کے وقت حضور ﷺ کی کفالت کے لئے کس کو وصیت کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ابوطالب کو۔ (مختصر سیرۃ الرسول ص ۳۹، الرحیق المختوم ص ۸۸)

سوال:۴۴ رشتہ میں ابوطالب حضور ﷺ کے کیا ہیں؟

جواب چچا۔ (زادالمعاد ص ۷۸ ج ۱)

سوال:۴۵ ابوطالب کا نام کیا ہے؟

جواب عبد مناف۔ (زادالمعاد ص ۷۸ ج ۱، فتح الباری ص ۲۴۶ ج ۷)

سوال:۴۶ جنگ فجار کے وقت آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب ۱۵ رسال۔ (الرحیق المختوم ص ۹۰)

سوال:۴۷ حلف الفضول کب پیش آئی؟

جواب ذی قعدہ میں۔ (الرحیق المختوم ص ۹۱)

سوال:۴۸ حلف الفضول کیلئے لوگ کہاں جمع ہوئے؟

جواب عبداللہ بن جدعان تیمی کے مکان پر۔

(ابن ھشام ص ۱۵۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۹۱)

سوال:۴۹ کس معاہدہ کے متعلق نبی کریم ﷺ فرماتے تھے کہ میں عبداللہ بن جدعان کے مکان پر ایسے معاہدہ میں شریک تھا کہ مجھے اسکے عوض سرخ اونٹ بھی پسند نہیں اور اگر دور اسلام میں اس عہدو پیمان کیلئے بلایا جاتا تو میں لبیک کہتا؟

جواب معاہدہ حلف الفضول کے متعلق۔ (ابن ھشام ص ۱۶۰ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۹۱)

سوال:۵۰ آپ ﷺ چند قیراط کے عوض اھل مکہ کے کس جانور کو چراتے تھے؟

جواب بکریاں۔ (بخاری مع الفتح رقم ۲۲۶۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۱ آپ ﷺ خدیجہؓ کا مال لیکر ان کے غلام کے ساتھ تجارت کیلئے کس ملک جاتے تھے؟

جواب شام۔

(ابن هشام ص ۲۱۱ ج ۱، فتح الباری ص ۱۶۸ ج ۷، رحمۃ للعالمین ص ۴۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۹۲)

سوال:۵۲ حضرت خدیجہ رضی اللہ عنھا کے اس غلام کا نام بتایئے جس کے ساتھ آپ ﷺ خدیجہؓ کا مال لیکر ملک شام جاتے تھے؟

جواب میسرہ۔

(ابن هشام ص ۲۱۱ ج ۱، فتح الباری ص ۱۶۸ ج ۷، رحمۃ للعالمین ص ۴۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۹۲- سیرت الرسول ص ۴۶)

سوال:۵۳ حضرت خدیجہؓ کی شادی کے متعلق نبی کریم ﷺ سے کس نے گفت وشنید کی؟

جواب حضرت خدیجہؓ کی سہیلی نفیسہ بنت منبہ۔ (الرحیق المختوم ص ۱۴۴)

سوال:۵۴ نکاح کے وقت آنحضرت ﷺ کی عمر کیا تھی؟

جواب ۲۵ر سال۔ (فتح الباری ص ۱۶۷ ج ۷، رحمۃ للعالمین ص ۱۴۴ ج ۲)

سوال:۵۵ نکاح کے وقت حضرت خدیجہؓ کی عمر کتنی تھی؟

جواب ۴۰ر سال۔ (رحمۃ للعالمین ص ۱۴۴ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۹۳)

سوال:۵۶ آپ ﷺ نے حضرت خدیجہؓ کی مہر میں کیا مقرر کیا؟

جواب ۲۰ر اونٹ۔ (ابن هشام ص ۲۱۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۹۳)

۶ر اونٹ (رحمۃ للعالمین ص ۱۴۴ ج ۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۷ آپ ﷺ نے سب سے پہلی کس خاتون سے شادی کی؟

جواب خدیجہؓ سے۔ (زادالمعاد ص ۷۸ ج ۱، ابن ہشام ص ۲۱۴ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۹۳)

سوال:۵۸ اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جنکی زندگی میں آپ ﷺ نے دوسری شادی نہیں کی؟

جواب حضرت خدیجہؓ۔ (مسلم مع شرح نووی کتاب الفضائل باب من فضائل خدیجہ ص ۲۸۴ ج ۲)

سوال:۵۹ نکاح کے بعد خدیجہؓ نے حضور ﷺ کو جو غلام ہبہ کیا تھا اس کا نام بتایئے؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ (زادالمعاد ص ۵۰۲ ج ۲، فتح الباری ص ۱۰۹ ج ۷)

سوال:۶۰ اس صحابی کا نام بتایئے، قرآن میں جن کا نام آیا ہے؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ (الاحزاب ۳۷)

سوال:۶۱ ابراہیم کے علاوہ آپ ﷺ کے تمام بچے کس کے بطن سے پیدا ہوئے؟

جواب حضرت خدیجہؓ کے بطن سے (زادالمعاد ص ۷۷ ج ۱، فتح الباری ص ۱۷۱ ج ۷)

سوال:۶۲ آپ ﷺ کے سب سے پہلے لڑکے کا نام کیا ہے؟

جواب قاسم. (زادالمعاد ص ۷۷ ج ۱- فتح الباری ص ۱۷۱ ج ۷)

سوال:۶۳ آپ ﷺ نے کس کے نام پر اپنی کنیت ابوالقاسم رکھی؟

جواب اپنے بیٹے قاسم کے نام پر (فتح الباری ص ۱۷۱ ج ۷)

سوال:۶۴ طیب اور طاہر آپ ﷺ کے کس بیٹے کا لقب ہے؟

جواب آپ ﷺ کے بیٹے عبداللہ کا. (فتح الباری ص ۱۷۱ ج ۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com


سوال:۶۵ آپ ﷺ کے بیٹے کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب بعثت نبوت کے بعد مکہ میں پیدا ہوئے۔ (زادالمعادص ۷۷ ج ۱)

سوال:۶۶ آپ ﷺ کے کل کتنے بیٹے تھے؟

جواب تین (زادالمعادص ۷۷ ج ۱۔رحمۃ للعالمین ص ۹۳ ج ۲)

سوال:۶۷ آپ ﷺ کے تمام بیٹے کس عمر میں انتقال کر گئے؟

جواب بچپن میں. (فتح الباری ص ۱۷۱ ج ۷)

سوال:۶۸ سورہ کوثر کا نزول کب ہوا؟

جواب آپ ﷺ کے بیٹے عبداللہ کی موت پر۔ (رحمۃ للعالمین ج ۲ ص ۹۴)

سوال:۶۹ آپ ﷺ کی سب سے بڑی لڑکی کا نام کیا ہے؟

جواب زینبؓ (فتح الباری ص ۱۰۷ ج ۷)

سوال:۷۰ زینبؓ کا نکاح کس سے ہوا؟

جواب ابوالعاص بن ربیع سے. (فتح الباری ص ۱۰۷ ج ۷)

سوال:۷۱ زینب کا نکاح کہاں ہوا؟

جواب مکہ میں. (فتح الباری ص ۱۰۷ ج ۷)

سوال:۷۲ آپ ﷺ کی سب سے چھوٹی بیٹی کا نام کیا ہے؟

جواب فاطمہؓ (زادالمعادص ۷۷ ج ۱۔رحمۃ للعالمین ص ۱۰۸ ج ۲)

سوال:۷۳ آپ ﷺ کی کل کتنی بیٹیاں تھیں؟

جواب چار (زادالمعادص ۷۷ ج ۱۔رحمۃ للعالمین ص ۹۳ ج ۲)

سوال:۷۴ آپ ﷺ کی بیٹیوں کے نام کیا ہیں؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب (۱) زینبؓ (۲) رقیہؓ (۳) ام کلثومؓ (۴) فاطمہؓ (زاد المعاد ص ۷۷ ج ۱)

سوال: ۷۵ جب قریش نے از سر نو کعبہ کی تعمیر کی تو آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب ۳۵ سال.

(ابن ھشام ص ۲۱۶ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۴۳ ج ۱، سیرت الرسول ص ۴۷۔ الرحیق المختوم ص ۹۳)

سوال: ۷۶ کعبہ کی پرانی تعمیر کو ڈھانے کی ابتدا کس نے کی؟

جواب ولید بن مغیرہ نے۔

(ابن ھشام ص ۲۱۸ ج ۱، سیرت الرسول ص ۴۷۔ الرحیق المختوم ص ۹۴)

سوال: ۷۷ اس معمار کا نام بتایئے جو کعبہ کی تعمیر میں بطور نگراں تھا؟

جواب باقوم نامی رومی معمار. (الرحیق المختوم ص ۹۴)

سوال: ۷۸ اس شخص کا نام بتایئے جس نے حجر اسود کو اسکی جگہ نصب کرنے کیلئے اختلاف ہونے پر یہ رائے دیا کہ جو مسجد حرم میں پہلے آئیگا وہی سب کا حَکَم ہوگا؟

جواب ابوامیہ بن مغیرہ۔ (ابن ھشام ص ۲۱۹ ج ۱، فتح الباری ص ۱۸۵ ج ۷، الرحیق المختوم ص ۹۴، رحمۃ للعالمین ص ۴۴ ج ۱۔ سیرت الرسول ص ۴۹)

سوال: ۷۹ تعمیر کعبہ کے وقت جب آپ ﷺ پتھر ڈھو رہے تھے تو آپ ﷺ کو کندھے پر تہبند رکھنے کا مشورہ کس نے دیا؟

جواب حضرت عباسؓ نے (بخاری مع الفتح رقم ۳۶۴)

سوال: ۸۰ حضرت عباس رضی اللہ عنہ رسول اکرم ﷺ سے عمر میں کتنے بڑے ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ۲ رسال. (رحمۃ للعالمین ص ۸۵ ج ۲)

سوال: ۸۱ حضرت عباسؓ رسول اکرم ﷺ کے رشتے کے اعتبار سے کون تھے؟

جواب چچا. (زادالمعاد ص ۸۷ ج ۱)

سوال: ۸۲ جب آپ ﷺ نے تہبند کندھے پر رکھ لیا تو اس کا کیا نتیجہ ہوا؟

جواب بیہوش ہوکر زمین پر گر پڑے۔ (بخاری مع الفتح رقم ۳۶۴)

سوال: ۸۳ آپ ﷺ نبی ہونے سے پہلے عبادت کیلئے کس جگہ جاتے تھے؟

جواب غار حرا میں. (بخاری مع الفتح رقم ۳)

سوال: ۸۴ غار حرا مکہ سے کتنی دور ہے؟

جواب دو میل دور ہے. (الرحیق المختوم ص ۱۰۸)

سوال: ۸۵ غار حرا کا طول وعرض کتنا ہے؟

جواب طول چار گز اور عرض پونے دو گز ہے۔

(الرحیق المختوم ص ۱۰۸، رحمۃ للعالمین ص ۴۷ ج ۱)

سوال: ۸۶ آپ ﷺ کیلئے خلوت نشینی اللہ تعالیٰ نے رسالت کی ذمہ داری عائد کرنے سے کتنے سال پہلے مقرر کردی؟

جواب ۳ رسال. (الرحیق المختوم ص ۱۰۲)

سوال: ۸۷ خواب مدت نبوت کا کون سا حصہ ہے؟

جواب چھیالیسواں حصہ. (بخاری مع الفتح ۶۹۸۷)

سوال: ۸۸ کل مدت نبوت کتنی ہے؟

جواب ۲۳ رسال. (بخاری مع الفتح ۳۹۰۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۸۹ مکی زندگی کی کل مدت کتنی ہے؟

جواب ۵۳؍سال. (بخاری مع الفتح ۳۹۰۲)

سوال:۹۰ نبی ہونے کے بعد مکی زندگی کی مدت کتنی ہے؟

جواب ۱۳؍سال. (بخاری مع الفتح ۳۹۰۲، ترمذی مع التحفہ ۳۸۶۴)

سوال:۹۱ وحی کی کل کتنی قسمیں ہیں؟ اور کون کون؟

جواب ۷؍قسمیں ہیں اور وہ درج ذیل ہیں۔

(۱) سچے خواب (۲) الہام (فرشتہ قلب میں القا کرتا) (۳) فرشتہ بصورت انسان آ کر آپ کو مخاطب کرتا (۴) گھنٹی بجنے کی صورت (۵) فرشتہ کو آپ ﷺ اس کی اصلی صورت میں دیکھتے (۶) شب معراج میں جب آسمانوں کے اوپر تھے تو اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی صلوٰۃ وغیرہ کی فرضیت نازل فرمائی (۷) اللہ تعالیٰ کا آپ سے فرشتہ کے واسطے کے بغیر کلام فرمانا۔ (زادلمعاد ص ۶۰ ج ۱)

سوال:۹۲ حضرت جبرئیلؑ جب انسانی شکل میں آتے تو کس صحابی کی شکل میں آتے؟

جواب حضرت دحیہ کلبی کی شکل میں۔

(مسلم مع شرح نووی کتاب الفضائل باب من فضائل ام سلمۃ ص ۲۹۱ ج ۲)

سوال:۹۳ نبوت کے وقت آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب ۴۰؍سال. (بخاری مع الفتح ۳۹۰۲، ترمذی مع التحفہ ۳۸۶۴)

سوال:۹۴ نبی کے پاس وحی لیکر آنے والے فرشتے کا نام بتایئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت جبرئیل علیہ السلام. (شعراء ۱۹۳)

سوال:۹۵ سب سے پہلے قرآن کی کون سی آیات نازل ہوئیں؟

جواب سورہ علق کی ابتدائی ۵ آیات. (بخاری مع الفتح ۳)

سوال:۹۶ کس مہینہ میں نزول قرآن کی ابتدا ہوئی؟

جواب رمضان میں. (بقرہ ۱۸۵)

سوال:۹۷ آپ ﷺ کس سورہ کے ذریعہ نبی اور کس سورہ کے ذریعہ رسول بنائے گئے؟

جواب اقراء کے ذریعہ نبی اور مدثر کے ذریعہ رسول بنائے گئے.

(فتح الباری ص ۸۷۷ ج ۸)

سوال:۹۸ قرآن کس نبی پر نازل ہوا؟

جواب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر. (شعراء ۱۹۴)

سوال:۹۹ کس رات میں قرآن مجید اتارا گیا؟

جواب شب قدر میں. (قدر ۔ ۱)

سوال:۱۰۰ وہ کون بزرگ ہیں جنھوں نے رسول موعود (ﷺ) کی تلاش میں دور۔ دور سفر کئے تھے اور آخر یہ معلوم کر کے کہ وہ مکہ مکرمہ میں پیدا ہونگے اور اسی مبارک انتظار میں رہ کر انتقال کر گئے؟

جواب زید بن عمرو جو عمر فاروقؓ کے چچا تھے. (رحمۃ للعالمین ص ۴۸ ج ۱)

سوال:۱۰۱ کس جگہ سب سے پہلے قرآن کا نزول ہوا؟

جواب غار حرا میں. (بخاری مع الفتح رقم ۳)

سوال:۱۰۲ نزول وحی کیوجہ سے آپ ﷺ کس چیز کا خوف محسوس کرتے تھے؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب جان کے خطرہ کا. (بخاری مع الفتح رقم ۳)

سوال:۱۰۳ اس خاتون کا نام بتائیے جنھوں نے حضور ﷺ کو نزول وحی کے متعلق اطمینان دلاتے ہوئے فرمایا ’’بخدا آپ ﷺ کو اللہ رسوا نہیں کریگا، آپ ﷺ صلہ رحمی کرتے ہیں درماندوں کا بوجھ اٹھاتے ہیں تہی دستوں کا بندوبست کرتے ہیں مہمان کی میزبانی کرتے ہیں‘‘؟

جواب حضرت خدیجہ۔ (بخاری مع الفتح رقم ۳)

سوال:۱۰۴ حضرت خدیجہ آپ ﷺ کو اطمینان قلب کیلئے کس کے پاس لیکر گئیں؟

جواب ورقہ بن نوفل کے پاس. (بخاری مع الفتح رقم ۳)

سوال:۱۰۵ پہلی نزول وحی کے بعد رسول ﷺ کے سامنے آپ ﷺ کی رسالت کی گواہی سب سے پہلے مکہ میں کس عیسائی عالم نے دی تھی؟

جواب ورقہ بن نوفل نے (رحمۃ للعالمین ص۴۰ ج۱)

سوال:۱۰۶ یہ کس کا قول ہے ’’اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے آپ ﷺ اس وقت کے نبی ہیں اور آپ ﷺ کے پاس وہی ناموس اکبر آیا ہے جو موسیٰ کے پاس آیا تھا‘‘؟

جواب ورقہ بن نوفل کا. (بخاری مع الفتح رقم ۳)

سوال:۱۰۷ ’’کاش میں ہجرت تک زندہ رہوں اور حضور ﷺ کی نمایاں خدمات کروں‘‘ کہنے والے کا نام بتائیے؟

جواب ورقہ بن نوفل. (بخاری مع الفتح رقم الحدیث ۳)

’’ محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ‘‘

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۰۸ نبی کریم ﷺ پر سب سے پہلے ایمان لانے والے کا نام بتایئے؟

جواب حضرت خدیجہؓ (ابن ھشام ص ۲۶۷ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۲۹)

سوال:۱۰۹ مردوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے کا نام بتایئے؟

جواب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ۔ (رحمۃ للعالمین ص ۴۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۱۲۶)

سوال:۱۱۰ بچوں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے کا نام بتایئے؟

جواب حضرت علی رضی اللہ عنہ (رحمۃ للعالمین ص ۴۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۱۲۶)

سوال:۱۱۱ قبول اسلام کے وقت حضرت علیؓ کی عمر کتنی تھی؟

جواب ۸ رسال. (زاد المعاد ص ۵۰۲ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۴۹ ج ۲)

سوال:۱۱۲ غلاموں میں سب سے پہلے ایمان لانے والے کا نام بتایئے؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ۔ (رحمۃ للعالمین ص ۴۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۱۲۶)

سوال:۱۱۳ مکی سورتوں کی کل تعداد کتنی ہے؟

جواب چھیاسی (۸۶)

سوال:۱۱۴ قرآن کریم مخلوق ہے یا غیر مخلوق؟

جواب غیر مخلوق. (شرح عقیدۃ الطحاویہ ص ۱۱۸)

سوال:۱۱۵ جو قرآن کریم مخلوق ہونے کا عقیدہ رکھے اسکا کیا حکم ہے؟

جواب کافر ہے. (شرح عقیدۃ الطحاویہ ص ۲۰۱)

سوال:۱۱۶ قرآن کس کا کلام ہے؟

جواب قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے. (شعراء ص ۱۹۲)

سوال:۱۱۷ اللہ تعالیٰ کہاں ہے؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب     عرش پر۔ (طہ ۵)

سوال:۱۱۸     آپ ﷺ نبی ہونے کے بعد لوگوں کو کس بات کی تعلیم دیتے تھے؟

جواب     توحید خالص کی۔

سوال:۱۱۹     توحید خالص کی کل کتنی قسمیں ہیں؟

جواب     تین۔ (شرح عقیدۃ الطحاویہ ص ۷۶)

سوال:۱۲۰     توحید کی تین قسمیں کون کون ہیں؟

جواب     ا۔توحید ربوبیت     ۲۔توحید الوھیت     ۳۔توحید اسماء وصفات۔

(شرح عقیدۃ الطحاویہ ص ۷۶)

سوال:۱۲۱     توحید خالص کی بنیاد کس کلمہ پر ہے؟

جواب     لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ (بخاری مع الفتح رقم ۸)

سوال:۱۲۲     نبوت کے ابتدائی کتنے سالوں تک آپ ﷺ لوگوں کو چپکے چپکے سمجھاتے تھے؟

جواب     ۳رسالوں تک۔ (رحمۃ للعالمین ص ۴۹ ج ا، الرحیق المختوم ص ۱۱۸)

سوال:۱۲۳     اس شخص کا نام بتایئے عکاظ، مجنہ اور ذوالمجاز کے بازاروں میں جب آپ ﷺ دین الہٰی کی تبلیغ کرتے تو پیچھے پیچھے یہ کہتا کہ اس کی بات نہ ماننا یہ جھوٹا بددین ہے؟

جواب     ابولہب۔ (الرحیق المختوم ۱۲۶)

سوال:۱۲۴     جب کوہ صفا پر آپ ﷺ نے فرمایا...میں تمہیں ایک سخت عذاب سے پہلے خبردار کرنے کیلئے بھیجا گیا ہوں تو اس پر کس نے کہا تو سارے دن غارت ہو کیا تو نے ہمیں اسی لئے جمع کیا تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب　ابولہب.　(بخاری مع الفتح رقم ۴۹۷۲)

سوال:۱۲۵　نبی اکرم ﷺ سے جب ابولہب نے کہا کہ تو سارے دن غارت ہو، کیا تو نے ہمیں اسی لئے جمع کیا تھا تو اس پر کون سی سورہ نازل ہوئی؟

جواب　﴿تبت يدا ابى لهب﴾　(بخاری مع الفتح رقم ۴۹۷۱)

سوال:۱۲۶　جب رسول اکرم ﷺ کسی جگہ کلام الٰہی اور عذاب الٰہی کی باتیں کرتے تو ایک شخص وہاں پہونچ کر کہتا کہ ''بخدا محمد ﷺ کی باتیں مجھ سے بہتر نہیں ہیں اور وہ لوگوں کو شاہان فارس اور رستم واسفندیار کے قصے سناتا، کہنے والے کا نام بتایئے؟

جواب　نضر بن حارث.　(ابن ھشام ص ۳۲۳ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۲۹)

سوال:۱۲۷　بعثت سے قبل ابولہب نے اپنے دو بیٹوں عتبہ اور عتیبہ کی شادی نبی ﷺ کی جن دو بیٹیوں سے کی تھی انکا نام بتایئے؟

جواب　۱۔ رقیہؓ　۲۔ ام کلثومؓ.　(الرحیق المختوم ۱۳۲)

سوال:۱۲۸　بعثت کے بعد ابولہب نے نبی کی بیٹیوں رقیہؓ اور ام کلثومؓ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب　طلاق دلوادیا.　(الرحیق المختوم ۱۲۹)

سوال:۱۲۹　نبی ﷺ کے صاحبزادے عبداللہ کا انتقال ہونے کے بعد اپنے رفقاء کو خوشخبری کہ محمد (ﷺ) ابتر (دمبریدہ) ہوگئے ہیں سنانے والے کا نام بتایئے؟

جواب　ابولہب.　(الرحیق المختوم ۱۲۹)

سوال:۱۳۰　ابولہب کی بیوی ام جمیل کا نام کیا تھا؟

جواب　عوراء (فتح الباری ص ۹۵۸ ج ۸)　اروی (الرحیق المختوم ...)

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۳۱ نبی ﷺ کے خلاف بدزبانی کرنے کیوجہ سے (حمالة الحطب) کس کو کہا گیا ہے؟

جواب ابولہب کی بیوی کو.

(فتح الباری ص۹۵۸ ج۸- سیرت ابن ہشام ص۳۸۸ ـ الرحیق المختوم ۱۲۹)

سوال:۱۳۲ جب آپ ﷺ بیت اللہ کے پاس نماز پڑھ رہے تھے تو ابوجہل کے کہنے پر اونٹ کی اوجھڑی ڈالنے والے کمبخت کا نام بتایئے؟

جواب عقبہ بن ابی معیط. (بخاری مع الفتح ۳۸۵۴)

سوال:۱۳۳ جب کمبخت عقبہ بن ابی معیط نے آپ ﷺ کی پیٹھ پر اوجھڑی کو ڈال دیا تو اس اوجھڑی کو اٹھا کر پھینکنے والے کا نام بتایئے؟

جواب حضرت فاطمہؓ (بخاری مع الفتح ۲۴۰)

سوال:۱۳۴ ایک بار نبی اکرم ﷺ کو حطیم میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھ کر عقبہ بن ابی معیط نے اپنا کپڑا آپ ﷺ کی گردن میں نہایت سختی کیساتھ گھونٹا تو اس کے دونوں کندھوں کو پکڑ کر دھکا دینے والے کا کیا نام ہے؟

جواب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (بخاری مع الفتح ۳۸۵۶)

سوال:۱۳۵ حرم کعبہ میں حضور کو کفار کے نرغہ سے چھڑانے والے اور یہ الفاظ کہنے والے صحابی کا نام بتایئے "کیا تم ایک شخص کو محض اسلئے قتل کررہے ہو کہ وہ کہتا ہے میرا رب اللہ ہے؟

جواب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ (بخاری مع الفتح ۳۸۵۶)

سوال:۱۳۶ ﴿ویل لکل ھمزة﴾ کس کے متعلق نازل ہوئی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب امیہ بن خلف کے متعلق۔ (ابن ہشام ص۳۹۰ ج۱، الرحیق المختوم ۱۳۵)

سوال:۱۳۷ ﴿ولا تطع كل حلاف مهين هماز مشاء بنميم مناع للخير معتد اثيم عتل بعد ذالك زنيم﴾ تم بات نہ مانو کسی قسم کھانے والے ذلیل کی جو لعن طعن کرتا ہے چغلیاں کھاتا ہے بھلائی سے روکتا ہے حد درجہ ظالم بد عمل جفا کار ہے اور اس کے بعد بد اصل بھی ہے میں کس کے اوصاف بیان کئے گئے ہیں؟

جواب اخنس بن شریق ثقفی کے۔ (ابن ہشام ص۳۹۶ ج۱، الرحیق المختوم ۱۳۶)

سوال:۱۳۸ ﴿فلا صدق ولا صلى﴾ اس نے نہ صدقہ دیا نہ نماز پڑھی کس کے متعلق نازل ہوئی؟

جواب ابو جہل کے متعلق۔ (الرحیق المختوم ۱۳۶)

سوال:۱۳۹ کس صحابی رسول کو انکا چچا اسلام قبول کرنے کیوجہ سے کھجور کی چٹائی میں لپیٹ کر نیچے سے دھواں دیتا تھا؟

جواب حضرت عثمان بن عفان ؓ کو۔ (رحمۃ للعالمین ص۵۵ ج۱، الرحیق المختوم ۱۳۸)

سوال:۱۴۰ کس صحابی رسول کو انکی ماں نے جب سے ان کے اسلام لانے کی خبر ہوئی تو ان کا کھانا پینا بند کر کے گھر سے باہر نکال دیا؟

جواب حضرت مصعب بن عمیر ؓ کی۔ (رحمۃ للعالمین ص۵۵ ج۱، الرحیق المختوم ۱۳۸)

سوال:۱۴۱ حضرت بلال ؓ کس کے غلام تھے؟

جواب امیہ بن خلف کے۔ (رحمۃ للعالمین ص۵۵ ج۱، الرحیق المختوم ۱۳۸)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال: ۱۴۲ اس صحابی رسول کا نام بتایئے جنھیں اسلام قبول کرنے کیوجہ سے امیہ انکی گردن میں رسی ڈال کر لڑکوں کو دیتا تھا اور وہ انھیں مکہ کی گلیوں میں گھماتے پھرتے تھے یہاں تک کہ گردن پر رسی کا نشان پڑ جاتا تھا خود امیہ بھی انھیں باندھ کر ڈنڈے سے مارتا تھا اور چلچلاتی دھوپ میں بیٹھائے رکھتا تھا بھوکا رکھتا تھا جب دوپہر کی گرمی شباب پر ہوتی تو مکہ کے پتھریلے کنکروں پر لیٹا کر سینے پر بھاری پتھر رکھوا دیتا پھر کہتا خدا کی قسم تو اسی طرح پڑا رہیگا یہاں تک کہ مرجائے یا محمد ﷺ کے ساتھ کفر کرے اس سب حالتوں میں آپؓ احد احد کہتے تھے؟

جواب حضرت بلالؓ (رحمۃ للعالمین ص ۵۵ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۳۸)

سوال: ۱۴۳ اس صحابی رسول کا نام بتایئے جن کے کھڑاؤں کی آواز آپ ﷺ نے جنت میں سنا تھا؟

جواب حضرت بلالؓ. (بخاری مع الفتح ۱۱۴۹)

سوال: ۱۴۴ حضرت بلالؓ کو کس نے خرید کر خدا کیلئے آزاد کر دیا تھا؟

جواب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے. (فتح الباری ۱۲۵ ج ۷)

سوال: ۱۴۵ اس شہیدہ کا نام بتایئے ابوجہل نے جنکی شرمگاہ میں نیزہ مارا اور وہ دم توڑ گئیں؟

جواب حضرت سمیہ رضی اللہ عنہا

(رحمۃ للعالمین ۵۵ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۳۹، مختصر سیرۃ الرسول ۵۹)

سوال: ۱۴۶ اس صحابی رسول کا نام بتایئے جوام انمار کے غلام تھے اور مشرکین انھیں طرح طرح کی سزائیں دیتے تھے انھیں کئی بار دہکتے ہوئے انگاروں پر لٹا کر اوپر سے پتھر رکھدیا تا کہ اٹھ نہ سکیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ (رحمۃ للعالمین ۵۵ ج۱، الرحیق المختوم ۱۴۰)

سوال:۱۴۷ آپ ﷺ نے کس سن میں اپنی دعوت کا سینٹر دار ارقم کو بنایا تھا؟

جواب ۵/ نبوی میں (الرحیق المختوم ۱۴۱)

سوال:۱۴۸ پہلی ہجرت کہاں ہوئی؟

جواب حبشہ کی طرف (رحمۃ للعالمین ۵۸ ج۱، الرحیق المختوم ۱۴۱)

سوال:۱۴۹ پہلی ہجرت حبشہ کب ہوئی؟

جواب رجب ۵/ نبوی میں (فتح الباری ص ۲۳۹ ج ۷، الرحیق المختوم ص ۱۴۳)

سوال:۱۵۰ پہلی ہجرت میں کل کتنے افراد تھے؟

جواب ۱۲/ مرد ۴/ عورتیں
(زاد المعاد ص ۳/ ۷۱ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۵۸ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۴۳)

سوال:۱۵۱ پہلی ہجرت کے امیر کون تھے؟

جواب حضرت عثمان بن عفانؓ (رحمۃ للعالمین ص ۵۸ ج۱، الرحیق المختوم ۱۴۳)

سوال:۱۵۲ رسول اکرم ﷺ نے کن لوگوں کے متعلق فرمایا تھا کہ حضرت ابراہیم اور لوط علیہما السلام کے بعد یہ پہلا جوڑا ہے جس نے اللہ کے راہ میں ہجرت کی؟

جواب حضرت عثمان بن عفان اور حضرت رقیہ رضی اللہ عنہما کے متعلق.
(فتح الباری ص ۲۳۹ ج ۷، رحمۃ للعالمین ص ۵۸ ج۱)

سوال:۱۵۳ شاہ حبشہ کا نام کیا تھا؟

جواب اصحمہ (بخاری مع الفتح رقم ۱۳۳۴)

سوال:۱۵۴ کس صحابی کو ذوالنورین کہا جاتا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عثمان غنیؓ کو (فتح الباری ص ۶۷ ج ۷)

سوال:۱۵۵ دوسری ہجرت حبشہ میں مردوں اور عورتوں کی کل تعداد کتنی تھی؟

جواب ۸۳/مرد اور ۱۸/عورتیں۔(زادالمعاد ص ۳۷ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۵۸ ج ۱)

سوال:۱۵۶ حبشہ کی طرف مشرکین نے جن دو لوگوں کو سفارتی مہم کیلئے منتخب کیا ان کا نام کیا ہے؟

جواب ۱۔عمرو بن عاص ۲۔عبداللہ بن ربیعہ

(ابن ھشام ص ۳۶۶ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۴۸)

سوال:۱۵۷ حبشہ کے دربار میں مسلمانوں کی ترجمانی کرتے ہوئے تقریر کرنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت جعفر طیارؓ (ابن ھشام ص ۳۶۹ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۴۷)

سوال:۱۵۸ حضرت جعفر طیارؓ کے والد کا نام کیا تھا؟

جواب ابوطالب۔

(بخاری مع الفتح کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب جعفر بن ابی طالب)

سوال:۱۵۹ نجاشی کے کہنے پر جعفر طیارؓ نے کس سورہ کی ابتدائی آیات تلاوت کی؟

جواب سورہ مریم کی۔ (ابن ھشام ص ۳۷۰ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۴۸)

سوال:۱۶۰ اس شخص کا نام بتائیے جس نے سورہ مریم کی ابتدائی آیات سننے کے بعد کہا کہ یہ کلام اور وہ کلام جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام لیکر آئے دونوں ایک ہی شمع دان کے نکلے ہوئے ہیں؟

جواب نجاشی۔ (ابن ھشام ص ۳۷۰ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۴۸)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۶۱ ”یہ لوگ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے بارے میں ایک بڑی بات کہتے ہیں“عمرو بن عاص نے کس سے کہا؟

جواب نجاشی سے۔ (ابن ہشام ص ۱۷۱ ج ۳، ۱،الرحیق المختوم ۱۴۸)

سوال:۱۶۲ اس صحابی رسول کا نام بتایئے جنھوں نے دربار نجاشی میں حاضر ہوکر فرمایا ہم عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق وہی بات کہتے ہیں جو ہمارے نبی لیکر آئے یعنی وہ اللہ کے بندے اور اسکے رسول ہیں اسکی روح اور اسکا کلمہ ہیں جسے اللہ نے کنواری پاکدامن حضرت مریم علیہا السلام کیطرف القاء کیا تھا؟

جواب حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے (ابن ہشام ص ۱۷۱ ج ۳، ۱،الرحیق المختوم ۱۴۹)

سوال:۱۶۳ حضرت عیسیٰؑ کی والدہ کا نام بتایئے؟

جواب مریم علیہا السلام (آل عمران آیت ۴۵)

سوال:۱۶۴ اس خاتون کا نام بتایئے جن کا نام قرآن میں آیا ہے؟

جواب مریم علیہا السلام (آل عمران آیت ۴۵)

سوال:۱۶۵ اس نبی کا نام بتایئے جو بغیر باپ کے پیدا ہوئے؟

جواب حضرت عیسیٰؑ۔ (سورہ مریم آیت ۲۰)

سوال:۱۶۶ اس نبی کا نام بتایئے جو صغرسنی (گود) میں بول اٹھے؟

جواب حضرت عیسیٰؑ۔ (سورہ مریم آیت ۳۰)

سوال:۱۶۷ حدیث شریف میں آیا ہے جو بچہ بھی پیدا ہوتا ہے شیطان اس کو مس کرتا ہے مگر دو ایسے ہیں جو اس مس شیطان سے محفوظ ہیں وہ دو کون ہیں؟

جواب مریم علیہا السلام اور ان کے بیٹے حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔
(بخاری مع الفتح رقم ۴۵۴۸)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۶۸ ''تم لوگ میرے قلمرو میں امن وامان سے رہو جو تمہیں گالی دے اس پر تاوان لگایا جائے گا، مجھے گوارا نہیں کہ میں کسی آدمی کو ستاؤں اور مجھے سونے کا پہاڑ مل جائے''مسلمانوں سے کس نے کہا؟

جواب نجاشی نے (ابن ھشام ص ۳۷۱ ج ا، الرحیق المختوم ۱۴۹)

سوال:۱۶۹ آپ ﷺ نے نماز جنازہ غائبانہ کس بادشاہ کی پڑھائی؟

جواب شاہ حبشہ نجاشی کی۔ (بخاری مع الفتح ۱۳۳۳)

سوال:۱۷۰ رسول اکرم ﷺ نے کس کیلئے بددعا کرتے ہوئے کہا تھا اے اللہ اپنے کتوں میں کوئی کتا اس پر مسلط کر دے؟

جواب عتیبہ کیلئے۔ (الرحیق المختوم ۱۵۳)

سوال:۱۷۱ عتیبہ پر آپ ﷺ کی بددعاء کا کیا اثر ہوا؟

جواب مقبول ہوئی۔ (الرحیق المختوم ۱۵۳)

سوال:۱۷۲ کس مقام پر شیر نے عتیبہ پر حملہ کر دیا؟

جواب ملک شام کے مقام زرقاء میں۔ (الرحیق المختوم ۱۵۳)

سوال:۱۷۳ حضرت حمزہؓ نے کس سن میں اسلام قبول کیا؟

جواب ۶ نبوی میں۔ (رحمۃ للعالمین ص ۶۳ ج ا، الرحیق المختوم ۱۵۷)

سوال:۱۷۴ حضرت حمزہؓ نے حضرت عمرؓ سے کتنے دن قبل اسلام قبول کیا؟

جواب ۳ دن قبل۔ (رحمۃ للعالمین ص ۶۴ ج ا، الرحیق المختوم ۱۵۸)

سوال:۱۷۵ حضرت عمرؓ نے کب اسلام قبول کیا؟

جواب ۶ نبوی میں۔ (رحمۃ للعالمین ص ۶۴ ج ا، الرحیق المختوم ۱۵۸)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۷۶ ان دو شخصوں کا نام بتائیے جنکے لئے حضور ﷺ نے دعا کی تھی اے اللہ ان دونوں میں کسی ایک کے ذریعہ اسلام کو قوت پہنچا؟

جواب ا۔عمر بن خطابؓ ۲۔عمرو بن ھشام یعنی ابو جہل۔

(ترمذی مع التحفہ رقم ۳۹۲۸)

سوال:۱۷۷ حضور ﷺ نے مکہ میں اسلام قبول کرنے کیلئے جن دو شخصوں کیلئے دعا کی تھی۔ان میں سے کس کے حق میں قبول ہوئی؟

جواب حضرت عمرؓ کے حق میں۔ (ترمذی مع التحفہ رقم ۳۹۳۰)

سوال:۱۷۸ حضرت عمر فاروقؓ کی اس بہن کا نام بتائیے جو آپ رضی اللہ عنہ سے قبل مشرف باسلام ہو چکی تھیں؟

جواب حضرت فاطمہ بنت خطابؓ۔ (رحمۃ للعالمین ص ۶۲ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۶۱)

سوال:۱۷۹ حضرت عمر فاروقؓ کی اس لونڈی کا نام بتائیے جنھیں حضرت عمر فاروقؓ اسلام لانے کیوجہ سے جب مارتے مارتے تھک جاتے تو کہتے ذرا دم لے لوں پھر مارونگا؟

جواب لبینہ۔ (الفاروق ص ۳۰ ج ۱)

سوال:۱۸۰ مسلمانوں کی بڑھتی تعداد کو دیکھکر حضرت عمر فاروقؓ کو غصہ آیا تو کیا کر گذرنے کا ارادہ کیا؟

جواب نبی ﷺ کو قتل کرنے کا۔ (رحمۃ للعالمین ص ۶۴ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۶۱)

سوال:۱۸۱ جب حضرت عمر فاروقؓ نبی ﷺ کو قتل کرنے کے ارادہ سے نکلے تو آپ ﷺ کہاں تھے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب دارارقم میں۔ (مختصر سیرۃ الرسول ص ٦٧)

سوال ۱۸۲: قبول اسلام سے قبل حضرت عمر فاروقؓ جب غصے میں اپنی بہن کے گھر پہونچے تو وہ کیا کررہی تھیں؟

جواب قرآن پڑھ رہی تھیں۔ (ابن ھشام ص ۳۷۸ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۶۱)

سوال ۱۸۳: اس صحابی کا نام بتایئے جو حضرت عمر فاروقؓ کے بہن اور بہنوئی کو قرآن پڑھا رہے تھے؟

جواب حضرت خبابؓ ابن ارت (ابن ھشام ص ۳۷۸ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۶۱)

سوال ۱۸۴: حضرت عمر فاروقؓ کے ہاتھوں پٹنے اور لہولہان ہوجانے کے بعد "تم جو چاہو کرو اب اسلام دل سے نہیں نکل سکتا" کہنے والے کا نام بتایئے؟

جواب فاطمہ بنت خطابؓ۔ (الفاروق ص ۳۱ ج ۱)

سوال ۱۸۵: حضرت عمر فاروقؓ نے کس جگہ اسلام قبول کیا؟

جواب دارارقم میں۔ (مختصر سیرت الرسول ص ٦٧)

سوال ۱۸٦: اس وادی کا نام بتایئے جہاں مشرکین مکہ نے جمع ہوکر بنی ہاشم اور بنی مطلب کے خلاف مکمل بائیکاٹ کا عہد و پیمان کیا تھا؟

جواب وادی محصب میں خیف بنی کنانہ کے اندر۔ (الرحیق المختوم ۱۷۱)

سوال ۱۸۷: بائیکاٹ کیلیے صحیفہ لکھنے والے کا نام بتایئے؟

جواب بغیض بن عامر بن ہاشم۔ (زادالمعاد ص ۵۰۷ ج ۱)

سوال ۱۸۸: بائیکاٹ کیلیے صحیفہ لکھنے کیوجہ سے نبی ﷺ نے بغیض ابن عامر کیساتھ کیا سلوک کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب بددعا کردیا۔ (زادالمعادص ۵۰۷ج ۱)

سوال:۱۸۹ نبی کریم ﷺ کی بددعا کا بغیض بن عامر پر کیا اثر ہوا؟

جواب ہاتھ شل ہوگیا۔ (زادالمعادص ۵۰۷ج ۱)

سوال:۱۹۰ کس سن میں بائیکاٹ کیا گیا؟

جواب ۷ نبوی محرم کی چاندرات کو۔ (زادالمعادص ۵۰۷ج ۱)

سوال:۱۹۱ بائیکاٹ کیلئے صحیفہ لکھے جانے کے بعد بنو ہاشم اور بنو مطلب کہاں محبوس ہوگئے؟

جواب شعب ابی طالب میں (زادالمعادص ۵۰۷ج ۱)

سوال:۱۹۲ بائیکاٹ کیلئے صحیفہ کہاں لٹکایا گیا؟

جواب خانہ کعبہ کے اندر۔ (ابن ھشام ص ۳۸۴ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۷۲)

سوال:۱۹۳ بائیکاٹ کا صحیفہ کس سن میں چاک کیا گیا؟

جواب ۱۰ رنبوی میں۔ (زادالمعادص ۵۰۷ج ۱)

سوال:۱۹۴ بائیکاٹ کتنے سالوں تک تھا؟

جواب ۳ رسالوں تک۔ (زادالمعادص ۵۰۷ج ۱)

سوال:۱۹۵ خلفاء راشدین میں سے انکا نام بتایئے جنھوں نے حضور ﷺ کے ساتھ شعب ابی طالب میں نظر بندی کا وقت گذارا؟

جواب حضرت علیؓ۔ (زادالمعادص ۵۰۷ج ۱)

سوال:۱۹۶ بائیکاٹ کے صحیفہ کو چاک کرنے کا اصل محرک کون تھا؟

جواب ھشام بن عمرو۔ (زادالمعادص ۵۰۷ج ۱)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۹۷ ھشام بن عمرو کی تحریک بائیکاٹ کا صحیفہ چاک کرنے کیلیے مزید کتنے شخص تیار ہوئے؟

جواب ۴ رشخص۔ (ابن ھشام ص ۴۱۰ ج ۱)

سوال:۱۹۸ ھشام بن عمرو کی تحریک پر بائیکاٹ کا صحیفہ چاک کرنے کیلیے جو شخص تیار ہوئے ان کا نام کیا ہے؟

جواب ۱۔زہیر بن ابی امیہ ۲۔مطعم بن عدی ۳۔ابوالبختری بن ھشام ۴۔زمعہ بن اسود۔ (ابن ھشام ص ۴۱۰ ج ۱)

سوال:۱۹۹ ھشام بن عمرو کس قبیلہ سے تعلق رکھتا تھا؟

جواب بنو عامر بن لوی سے۔ (ابن ھشام ص ۴۱۰ ج ۱)

سوال:۲۰۰ کیا ابو طالب نے ایمان قبول کیا تھا؟

جواب نہیں۔ (مسلم مع شرح النووی کتاب الایمان باب الدلیل علی صحۃ اسلام من حضرہ الموت مالم یشرع فی النزع ص ۴۰ ج ۱، بخاری مع الفتح رقم الحدیث ۴۷۷۲)

سوال:۲۰۱ ابو طالب ایمان سے کیوں محروم رہے؟

جواب قوم کی عار کی وجہ سے۔

(مسلم مع شرح النووی کتاب الایمان باب الدلیل علی صحۃ اسلام من حضرہ الموت مالم یشرع فی النزع ص ۴۰ ج ۱، بخاری مع الفتح رقم الحدیث ۴۷۷۲)

سوال:۲۰۲ ابو طالب کا انتقال کب ہوا؟

جواب ۱۰ رنبوی میں۔ (زادالمعاد ص ۵۰۷ ج ۱، فتح الباری ص ۲۴۶ ج ۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۰۳ آپ ﷺ کے اس چچا کا نام بتایئے جن کا تذکرہ ایک بار آپ ﷺ کے پاس ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا ممکن ہے قیامت کے دن انھیں میری شفاعت فائدہ پہونچا دے اور انھیں جہنم کی ایک اوتھلی جگہ رکھدیا جائے جو صرف ان کے دونوں ٹخنوں تک پہونچ سکے؟

جواب ابو طالب۔ (بخاری مع الفتح رقم ۶۵۶۴)

سوال:۲۰۴ آپ ﷺ کے اس چچا کا نام بتایئے جنکے متعلق آپ ﷺ نے فرمایا میں جب تک آپ ﷺ سے روک نہ دیا جاؤں دعا مغفرت کرتا رہوں گا؟

جواب ابو طالب (بخاری مع الفتح رقم ۴۶۷۵، مسلم مع شرح النووی کتاب الایمان باب الدلیل علی صحۃ اسلام من حضرہ الموت مالم یشرع فی النزع ص ۴۰ ج ۱)

سوال:۲۰۵ ﴿انك لاتهدی من احببت ولكن الله يهدی من يشاء﴾ کس کے متعلق نازل ہوئی؟

جواب ابو طالب کے متعلق. (بخاری مع الفتح ۴۷۷۲۔ مسلم مع شرح النووی کتاب الایمان باب الدلیل علی صحۃ اسلام من حضرہ الموت مالم یشرع فی النزع ص ۴۰ ج ۱)

سوال:۲۰۶ حضرت خدیجہؓ کا انتقال کہاں ہوا؟

جواب مکہ میں۔ (رحمۃ للعالمین ص ۱۴۷ ج ۲)

سوال:۲۰۷ حضرت خدیجہؓ کا انتقال کس سن میں ہوا؟

جواب ۱۰ ر نبوی میں۔ (فتح الباری ص ۱۶۸ ج ۷)

سوال:۲۰۸ نبی ﷺ کے گھر میں خدیجہؓ کی کل مدت قیام تقریباً کتنی ہے؟

جواب تقریباً ۲۵ ر سال۔ (فتح الباری ص ۱۶۸ ج ۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۰۹ خدیجہؓ کے انتقال کے وقت حضور ﷺ کی عمر کتنی تھی؟

جواب ۵۰ رسال (الرحیق المختوم ص ۱۸۳)

سوال:۲۱۰ عام الحزن کس سن کو کہا جاتا ہے؟

جواب ۱۰ رنبوی کو۔ (الرحیق المختوم ص ۱۸۴)

سوال:۲۱۱ حضرت خدیجہؓ کے انتقال کے بعد آپ ﷺ کی پہلی بیوی کون ہیں؟

جواب حضرت سودہؓ۔ (فتح الباری ص ۳۹۰ ج ۹)

سوال:۲۱۲ آپ ﷺ نے حضرت سودہؓ سے کس سن میں شادی کی؟

جواب ۱۰ رنبوی میں۔ (الرحیق المختوم ص ۱۸۵۔ رحمۃ للعالمین ص ۱۴۷ ج ۲)

سوال:۲۱۳ اس زوجہ مطہرہ کا نام بتائیے جنھوں نے نبی ﷺ کیلئے اپنی باری حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو ہبہ کر دیا تھا؟

جواب حضرت سودہؓ۔ (بخاری مع الفتح ۵۲۱۲)

سوال:۲۱۴ آپ ﷺ طائف کس سن میں تشریف لے گئے؟

جواب ۱۰ر نبوی میں۔ (الرحیق المختوم ص ۱۹۹)

سوال:۲۱۵ طائف کے سفر میں آپ ﷺ کے ہمراہ کون تھا؟

جواب حضرت زید بن حارثہ۔ (زاد المعاد ص ۵۰۸ ج ۲، الرحیق المختوم ۱۹۹)

سوال:۲۱۶ طائف میں آپ ﷺ کل کتنے دن ٹھہرے؟

جواب ۱۰ ردن۔ (زاد المعاد ص ۵۰۸ ج ۲، الرحیق المختوم ۱۹۹)

سوال:۲۱۷ طائف میں آپ ﷺ نے قبیلہ ثقیف کے جن تین سرداروں کے پاس تشریف لیجا کر اسلام کی دعوت دی انکا نام کیا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ۱۔عبد یالیل ۲۔مسعود ۳۔حبیب۔

(ابن ھشام ص ۴۶۸ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۶۶ ج ۱، الرحیق المختوم ۱۹۹)

سوال:۲۱۸ جب طائف میں اوباشوں نے آپ ﷺ پر بے پناہ ظلم کیا تو آپ ﷺ نے کس کے باغ میں پناہ لیا؟

جواب ابناءِ ربیعہ عتبہ اور شیبہ کے باغ میں۔

(ابن ھشام ص ۴۶۹ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۰۰)

سوال:۲۱۹ ابنائے ربیعہ نے نبی ﷺ کی حالت زار دیکھکر اپنے غلام سے آپ ﷺ کو کیا دینے کو کہا؟

جواب انگور کا خوشہ۔ (ابن ھشام ص ۴۷۰ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۶ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۰۱)

سوال:۲۲۰ ابنائے ربیعہ کے غلام کا نام کیا تھا؟

جواب عداس۔ (ابن ھشام ص ۴۷۰ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۶۶ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۰۱)

سوال:۲۲۱ ابنائے ربیعہ کا غلام عداس کس ملک کا رہنے والا تھا؟

جواب نینوی کا۔ (ابن ھشام ص ۴۷۰ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۶۶ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۰۱)

سوال:۲۲۲ ابنائے ربیعہ کا غلام کس مذہب کا پیروکار تھا؟

جواب عیسائی مذہب کا۔

(ابن ہشام ص ۴۷۰ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۶۶ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۰۱)

سوال:۲۲۳ ملک نینوی میں کون سے نبی آئے تھے؟

جواب یونس بن متیٰ علیہ السلام۔ (فتح الباری ص ۵۵۹ ج ۷)

سوال:۲۲۴ یونس بن متیٰ علیہ السلام کے متعلق نبی کریم ﷺ سے جانکاری حاصل کرنے کے بعد آپ ﷺ کیساتھ عداس نے کیا سلوک کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب آپ ﷺ پر جھک پڑا اور آپ ﷺ کے سر، ہاتھ اور پاؤں کو بوسہ دیا۔

(ابن ھشام ص ۴۲۰ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۶۶ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۰۱)

سوال: ۲۲۵ طائف میں نبی کریم ﷺ کو کس نے پناہ دیا؟

جواب مطعم بن عدی نے۔ (زاد المعاد ص ۵۰۹ ج ۲)

سوال: ۲۲۶ بدر میں جب کفار مکہ کی ایک بڑی تعداد قید ہو کر آئی اور بعض قیدیوں کی رہائی کیلئے جبیر بن مطعم آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو ''آپ ﷺ نے فرمایا اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتا اور وہ ان بدبودار لوگوں کے بارے میں گفتگو کرتا تو میں اسکی خاطر ان سب کو چھوڑ دیتا'' آپ ﷺ نے یہ بات مطعم بن عدی کے کس احسان کیوجہ سے فرمایا تھا؟

(بخاری مع الفتح ۴۰۲۴)

جواب اس کے طائف میں پناہ دینے کیوجہ سے۔ (فتح الباری ص ۴۱۱ ج ۷)

سوال: ۲۲۷ سفر طائف میں اللہ تعالیٰ نے جنوں کی ایک جماعت کس وادی میں بھیجی تھی؟

جواب وادی نخلہ میں۔ (ابن ھشام ص ۴۲۱ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۰۳)

سوال: ۲۲۸ وادی نخلہ میں آئی جنوں کی جماعت کا تذکرہ کس دو سورہ میں ہے؟

جواب ۱۔ احقاف ۲۹۔۳۱ ۲۔ جن ۱ر سے آخری قصہ تک

سوال: ۲۲۹ حضرت سوید بن صامت نے کس سن میں اسلام قبول کیا؟

جواب ۱۱ ر نبوی میں۔ (الرحیق المختوم ۲۱۰)

سوال: ۲۳۰ اس صحابی کا نام بتایئے جنکے چہرے پر اللہ تعالیٰ نے چراغ جیسی روشنی پیدا کی تھی؟

جواب حضرت طفیل دوسیؓ۔ (ابن ھشام ص ۳۸۲ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۱۴)

سوال: ۲۳۱ حضرت طفیل دوسیؓ کے چہرہ کی چراغ جیسی روشنی کہاں پلٹ گئی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب — ان کے ڈنڈے میں۔ (ابن ھشام ص ۴۲۱ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۱۴)

سوال: ۲۳۲ — حضرت عائشہؓ کا نکاح کس سن میں ہوا؟

جواب — ۱۱ر نبوی میں۔ (الرحیق المختوم ۲۱۸)

سوال: ۲۳۳ — حضرت عائشہؓ کی شادی کس مہینہ میں ہوئی؟

جواب — شوال میں۔ (مسلم باب استحباب التزوج والتزویج ص ۴۵۶ ج ۱)

سوال: ۲۳۴ — حضرت عائشہؓ کی شادی کہاں ہوئی؟

جواب — مکہ میں۔ (رحمۃ للعالمین ص ۱۴۹ ج ۲)

سوال: ۲۳۵ — نکاح کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر کتنی تھی؟

جواب — ۶ر سال۔ (بخاری مع الفتح ۵۱۵۸)

سوال: ۲۳۶ — رخصتی کے وقت حضرت عائشہؓ کی عمر کتنی تھی؟

جواب — ۹ر سال۔ (بخاری مع الفتح ۵۱۵۸)

سوال: ۲۳۷ — نبی کریم ﷺ کی اس زوجہ کا نام بتایئے جن کے نکاح سے قبل آپ ﷺ کو تین شب تک خواب میں ریشم کے ایک ٹکڑے پر انکی تصویر دیکھائی جاتی تھی؟

جواب — حضرت عائشہؓ (مسلم کتاب الفضائل باب فضل عائشہ ام المومنین ص ۲۸۵)

سوال: ۲۳۸ — حضور ﷺ کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جو آپ ﷺ سے شادی کے قبل کنواری تھیں؟

جواب — حضرت عائشہؓ (بخاری مع الفتح ۵۰۷۷)

سوال: ۲۳۹ — اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے جنکی شادی کو آپ ﷺ من جانب اللہ قرار دیتے تھے؟

جواب — حضرت عائشہؓ (رحمۃ للعالمین ص ۱۵۰ ج ۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۴۰ سب عورتوں پر ایسی ہی فضیلت ہے جیسے ثرید کو سب کھانوں پر یہ مثال آپ ﷺ نے کس ام المومنین ؓ کیلئے دیا تھا؟

جواب حضرت عائشہؓ۔ (مسلم کتاب الفضائل باب فضل عائشہ ام المومنین ص ۲۸۷ ج ۲)

سوال:۲۴۱ اس ام المومنینؓ کا نام بتائیے جنکے بستر پر بھی وحی کا نزول ہوتا تھا؟

جواب حضرت عائشہؓ (بخاری مع الفتح ۳۷۷۵)

سوال:۲۴۲ آیت تخییر نازل ہونے کے بعد آپ ﷺ نے سب سے پہلے کس کو سنایا؟

جواب حضرت عائشہؓ کو (بخاری مع الفتح ۴۷۸۵)

سوال:۲۴۳ اس ام المومنینؓ کا نام بتائیے جس سے آپ ﷺ نے فرمایا یہ جبرئیل ہیں اور تم کو سلام کہتے ہیں؟

جواب حضرت عائشہؓ۔ (بخاری مع الفتح ۳۷۶۸۔ مسلم کتاب الفضائل باب فضل عائشہ ام المومنین ص ۲۸۷ ج ۲)

سوال:۲۴۴ اس ام المومنینؓ کا نام بتائیے جن کی برآت میں اللہ تعالیٰ نے عرش سے قرآن نازل کیا؟

جواب حضرت عائشہؓ (بخاری مع الفتح ۴۷۵۰)

سوال:۲۴۵ اس ام المومنینؓ کا نام بتائیے جن کے متعلق حضرت عروہ بن زبیرؓ کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ انھوں نے ایک روز میں ستر ہزار درہم راہ خدا میں صرف کیا اور خود ان کے جسم پر پیوند لگا تھا؟

جواب حضرت عائشہؓ (رحمۃ للعالمین ص ۱۵۴ ج ۲)

سوال:۲۴۶ اس ام المومنینؓ کا نام بتائیے جن کے پاس عبداللہ بن زبیرؓ نے ایک لاکھ درہم بھیجے اور انھوں نے سب کے سب اسی روز راہ خدا میں صدقہ کردیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عائشہؓ (رحمۃ للعالمین ص ۱۵۴ ج ۲)

سوال: ۲۴۷ اسراء اور معراج سے کیا مراد ہے؟

جواب اسراء سے مراد راتوں رات نبی ﷺ کا مکہ سے بیت المقدس تشریف لے جانا اور معراج سے مراد بیت المقدس سے آسمان کی طرف جانا ہے۔ (احسن البیان فی ضمن بنی اسرائیل آیت:۱)

سوال: ۲۴۸ آپ ﷺ کو اسراء اور معراج روحانی، منامی یا جسمانی کس طرح کرائی گئی؟

جواب جسمانی. (فتح الباری ص ۲۵۰ ج ۷)

سوال: ۲۴۹ کیا واقعہ اسراء اور معراج کا صحیح سن متعین ہے؟

جواب نہیں۔ اس کے متعلق مختلف اقوال ہیں۔ چنانچہ علامہ منصور پوریؒ نے ۲۷ ر رجب ۱۰ ر نبوی قرار دیا ہے (رحمۃ للعالمین ص ۷۰ ج ۱) لیکن علامہ صفی الرحمنؒ مبارکپوری نے اسکو غیر صحیح قرار دیتے ہوئے اسراء اور معراج کے سن کے متعلق ۶ ر اقوال کا تذکرہ کیا ہے (الرحیق المختوم ص ۲۱۹) اور حافظ ابن حجر نے فتح الباری میں ۱۰ ر سے زائد اقوال کا تذکرہ کیا ہے۔

(فتح الباری ص ۲۵۷ ج ۷)

سوال: ۲۵۰ آنحضرت ﷺ کو معراج کا واقعہ کہاں پیش آیا؟

جواب مکہ میں۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال: ۲۵۱ آپ ﷺ کو معراج کس سواری پر کرائی گئی؟

جواب براق پر۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۵۲ واقعہ اسراء میں بیت المقدس کے پاس تمام انبیاء کرام علیہم السلام کی امامت کس نے فرمائی؟

جواب نبی کریم ﷺ نے۔ (فتح الباری ص۲۵۲ ج۷)

سوال:۲۵۳ معراج کے وقت آپ ﷺ کو کیا کیا چیزیں پیش کی گئیں؟

جواب دودھ اور شراب۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۵۴ معراج کے وقت آپ ﷺ نے دودھ اور شراب میں سے کس چیز کو اختیار کیا؟

جواب دودھ کو۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۵۵ جب آپ ﷺ نے معراج کے وقت دودھ اختیار کیا تو آپ ﷺ سے کیا کہا گیا؟

جواب آپ ﷺ کو فطرت کی راہ بتلائی گئی اور یاد رکھئے اگر آپ نے شراب لی ہوتی تو آپ ﷺ کی امت گمراہ ہو جاتی۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۵۶ آنحضرت ﷺ کی ملاقات پہلے آسمان پر کس نبی سے ہوئی؟

جواب حضرت آدمؑ سے۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۵۷ آنحضرت ﷺ کی ملاقات دوسرے آسمان پر کس نبی سے ہوئی؟

جواب حضرت یحیٰ اور عیسیٰؑ سے۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۵۸ آنحضرت ﷺ کی ملاقات تیسرے آسمان پر کس نبی سے ہوئی؟

جواب حضرت یوسف علیہ السلامؑ سے۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۵۹ آنحضرت ﷺ کی ملاقات چوتھے آسمان پر کس نبی سے ہوئی؟

جواب حضرت ادریسؑ سے۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۶۰ آنحضرت ﷺ کی ملاقات پانچویں آسمان پر کس نبی سے ہوئی؟

جواب حضرت ہارونؑ سے۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۶۱ آنحضرت ﷺ کی ملاقات چھٹے آسمان پر کس نبی سے ہوئی؟

جواب حضرت موسیٰؑ سے۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۶۲ آنحضرت ﷺ کی ملاقات ساتویں آسمان پر کس نبی سے ہوئی؟

جواب حضرت ابراہیمؑ سے۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۶۳ معراج کی رات اللہ کی طرف سے نبی کریم ﷺ کو کتنی نمازیں عطا کی گئیں؟

جواب پچاس۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۶۴ اللہ تعالیٰ سے آپ ﷺ نے نماز میں تخفیف کس نبی کے کہنے پر کرائی؟

جواب حضرت موسیٰؑ کے کہنے پر۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۶۵ آخر میں کل کتنی نمازیں باقی رہ گئیں؟

جواب پانچ۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۶۶ شروع میں کتنی کتنی رکعتیں نماز فرض تھیں؟

جواب دو۔ دو رکعتیں۔ (بخاری مع الفتح ۱۰۹۰)

سوال:۲۶۷ صرف پانچ نمازیں باقی رہ جانے کے بعد جب حضرت موسیٰؑ نے آپ ﷺ کو پھر واپسی اور طلب تخفیف کا مشورہ دیا تو آپ ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب اب مجھے اپنے رب سے شرم محسوس ہو رہی ہے میں اسی پر راضی ہوں اور سر تسلیم خم کرتا ہوں۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال ۲۶۸: جب پانچ نمازیں لیکر نبی کریم ﷺ کچھ دور تشریف لے گئے تو کیا ندا آئی؟

جواب میں نے اپنا فریضہ نافذ کر دیا اور اپنے بندوں سے تخفیف کر دی۔

(بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال ۲۶۹: کیا معراج کی رات نبی کریم ﷺ نے اپنے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کو دیکھا ہے؟

جواب نہیں۔ (بخاری مع الفتح رقم الحدیث ۴۸۵۵۔ مسلم کتاب الایمان باب معنی قول اللہ عز وجل ولقد رآہ نزلۃ اخری ص ۹۷ ج ۱)

سوال ۲۷۰: آپ ﷺ نے جبرئیل کو ان کی اصلی شکل میں کتنی بار دیکھا ہے؟

جواب دو بار۔ (بخاری مع الفتح ۴۸۵۵)

سوال ۲۷۱: آپ ﷺ نے جبرئیل کو ان کی اصلی شکل میں کہاں کہاں دیکھا ہے؟

جواب ایک مرتبہ زمین پر دوسری مرتبہ سدرۃ المنتھی کے پاس۔

(مسلم باب معنی قول اللہ لقد راہ نزلۃ اخری ص ۹۸)

سوال ۲۷۲: سدرۃ المنتھی سے کیا مراد ہے؟

جواب عرش کے نیچے ساتویں یا چھٹے آسمان پر ایک بیری کا درخت ہے اور یہ آخری حد ہے اس سے اوپر کوئی فرشتہ نہیں جا سکتا اور فرشتے اللہ کے احکام بھی یہیں سے حاصل کرتے ہیں۔

(تفسیر احسن البیان ضمن آیت عند سدرۃ المنتھی)

سوال ۲۷۳: بیت معمور کسے کہتے ہیں؟

جواب بیت معمور وہ جگہ ہے جسمیں ۷۰ ہزار فرشتے روزانہ عبادت کیلئے داخل ہوتے ہیں۔ (مسلم مع شرح النووی کتاب الایمان باب الاسراء برسول

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۷۴ حضرت جبرئیل کے کتنے پر ہیں؟

جواب چھ سو۔ (بخاری مع الفتح ۴۸۵۶، مسلم باب معنی قول اللہ لقد راٰہ نزلۃ اخری ص ۹۸)

سوال:۲۷۵ معراج کی رات آپ ﷺ نے جنت میں کل کتنی نہریں دیکھیں؟

جواب چار۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۷۶ جنت کی ظاہری نہریں کون کون سی ہیں؟

جواب نیل اور فرات۔ (بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۷۷ جب حضرت ابوبکرؓ نے واقعہ معراج کی تصدیق کی تو آپ رضی اللہ عنہ کو کیا خطاب عطا کیا گیا؟

جواب صدیقؓ (فتح الباری ص ۲۵۲ ج ۷)

سوال:۲۷۸ جب آپ ﷺ نے واقعہ معراج کو اپنی قوم کے سامنے بیان کیا تو قوم نے کیا کہا؟

جواب قوم کے لوگوں نے کہا آپ ﷺ بیت المقدس کی کیفیت بیان کریں۔

(تحفۃ الاحوذی ص ۴۴۹ ج ۸)

سوال:۲۷۹ مشرکین کے سوال پر آپ ﷺ نے بیت المقدس کی کیفیت کیسے بیان کی؟

جواب اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس کو آپ ﷺ کے سامنے کر دیا۔

(بخاری مع الفتح ۳۸۸۷)

سوال:۲۸۰ سورہ بنی اسرائیل کی پہلی آیت میں کس واقعہ کا ذکر ہے؟

جواب اسراء اور معراج کا۔

سوال:۲۸۱ سورہ اسراء سے کس پارہ کی ابتدا ہوئی ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب پندرہویں پارہ کی۔ (بنی اسرائیل آیت نمبر۔ ۱)

سوال:۲۸۲ سورہ اسراء کس لفظ سے شروع ہوتی ہے؟

جواب لفظ سبحان سے۔ (بنی اسرائیل آیت نمبر۔۱)

سوال:۲۸۳ مدینہ میں آپ ﷺ نے پہلا سفیر کس کو بنا کر بھیجا؟

جواب حضرت مصعب بن عمیرؓ کو۔ (ابن ھشام ص ۴۸۳ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۳۰)

سوال:۲۸۴ حضرت مصعب بن عمیرؓ نے مدینہ پہونچ کر کس کے گھر نزول فرمایا؟

جواب حضرت اسعد بن زرارہ کے گھر۔ (زادالمعاد ص ۵۱۵ ج ۲، الرحیق المختوم ۲۳۰)

سوال:۲۸۵ حضرت اسیدؓ کس کی تبلیغ سے مسلمان ہوئے؟

جواب حضرت مصعب بن عمیرؓ کی تبلیغ سے۔

(زادالمعاد ص ۵۱۶ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۳۰)

سوال:۲۸۶ ''میرے پیچھے ایک ایسا آدمی ہے اگر وہ تمہارا پیروکار ہو جائے تو اس قوم کا کوئی آدمی پیچھے نہیں رہیگا یہ اشارہ حضرت اسیدؓ نے کس کی طرف کیا تھا؟

جواب حضرت سعد بن معاذؓ کی طرف۔ (ابن ھشام ص ۴۸۵ ج ۱، الرحیق المختوم ۲۳۲)

سوال:۲۸۷ حضرت سعد بن معاذؓ کی کوششوں سے ایک شخص کو چھوڑ کر بنی عبدالاشہل کے تمام لوگوں نے اسلام قبول کر لیا اسلام نہ قبول کرنے والے کا نام بتایئے؟

جواب اصیرم۔ (زادالمعاد ص ۵۱۶ ج ۱)

سوال:۲۸۸ اصیرم کا اسلام کب تک موخر تھا؟

جواب جنگ احد تک۔ (زادالمعاد ص ۵۱۶ ج ۱)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۸۹ پہلی بیعت عقبہ کس سن میں ہوئی؟

جواب ۱۲ رنبوی میں۔ (الرحیق المختوم ۲۲۸)

سوال:۲۹۰ پہلی بیعت عقبہ کے موقع پر کل کتنے افراد تھے؟

جواب ۱۲ رافراد۔ (زاد المعاد ص ۵۱۴ ج ۱، سیرۃ ابن ہشام ص ۴۸۱ ج ۱۔ مختصر سیرۃ الرسول ص ۸۵، الرحیق المختوم ۲۲۸)

سوال:۲۹۱ دوسری بیعت عقبہ کس سن میں ہوئی؟

جواب ۱۳ رنبوی میں۔ (الرحیق المختوم ۲۳۴)

سوال:۲۹۲ دوسری بیعت عقبہ کے موقع پر کل کتنے افراد تھے؟

جواب کل ۷۵ رافراد جن میں ۷۳ رمرد اور ۲ رعورتیں تھیں۔

(فتح الباری ص ۲۸۰ ج ۷، زاد المعاد ص ۵۱۶ ج ۲، الرحیق المختوم ۲۳۵)

سوال:۲۹۳ ”آپ لوگ اپنی قوم کے جملہ معاملات کے کفیل ہیں جیسے حواری حضرت عیسیٰؑ کی جانب سے اور میں اپنی قوم یعنی مسلمانوں کا کفیل ہوں“ یہ آپ ﷺ نے کن لوگوں کے متعلق ارشاد فرمایا؟

جواب ۱۲ رنقباء کے متعلق. (فتح الباری ص ۲۸۰ ج ۷، مختصر سیرۃ الرسول ص ۹۰)

سوال:۲۹۴ سب سے پہلے مہاجر کا نام بتایئے؟

جواب حضرت ابوسلمہؓ (مختصر سیرۃ الرسول ص ۹۲)

سوال:۲۹۵ ایمان اور عقیدہ کی حفاظت کیلئے اپنے گھر بار کو چھوڑ کر دوسری جگہ چلے جانے کو کیا کہتے ہیں؟

جواب ہجرت۔ (ترجمہ قرآن محمد صاحب جونا گڈھی فی ضمن سورۃ التوبہ آیت نمبر ۱۰۰)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۹۶ اس صحابی رسول کا نام بتائیے جنھوں نے ہجرت کے موقع پر مشرکین سے کہا کہ اگر میں اپنا مال چھوڑ دونگا تو تم میری راہ چھوڑ دو گے تو ان لوگوں نے کہا ہاں۔ تو صحابی رسول نے کہا چلو میرا مال تمہارے حوالے ہے؟ اور جن کیلئے نبی کریم ﷺ نے ہجرت کے موقع پر ارشاد فرمایا اس نے نفع اٹھایا اس نے نفع اٹھایا؟

جواب حضرت صہیب رومیؓ (الرحیق المختوم ص ۲۴۶)

سوال:۲۹۷ مشرکین نے دار الندوہ میں تاریخ کا سب سے خطرناک اجتماع کس سن میں منعقد کیا؟

جواب ۲۶/صفر ۱۴/نبوی میں جمعرات کے دن۔ (الرحیق المختوم ص ۲۵۰)

سوال:۲۹۸ اس مجرم کا نام بتائیے جس نے دار الندوہ میں حضور ﷺ کے قتل کرنے کی تجویز رکھی؟

جواب ابوجہل۔ (ابن ھشام ص ۵۳۰ ج ۱، زاد المعاد ص ۵۱۸ ج ۱، مختصر سیرۃ الرسول ص ۹۳)

سوال:۲۹۹ جب دار الندوہ میں حضور ﷺ کے قتل کی مجرمانہ قرارداد طے ہو چکی تو قریش کی سازش سے کس نے آپ ﷺ کو آگاہ کیا؟

جواب حضرت جبرئیلؑ نے۔

(زاد المعاد ص ۵۱۸ ج ۱، فتح الباری ص ۲۹۹ ج ۷، الرحیق المختوم ص ۲۵۳)

سوال:۳۰۰ ہجرت کی اجازت مل جانے کے بعد آپ ﷺ حضرت ابوبکرؓ کے گھر کس وقت تشریف لے گئے؟

جواب ٹھیک دوپہر کے وقت۔ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۳۰۱ ہجرت کی رات رسول اکرم ﷺ کے مکان کے گھیراؤ کیلئے اکابر مجرین میں سے کتنے سردار منتخب کیے گئے؟

جواب ۱۱/اکابر مجرمین۔ (الرحیق المختوم ص ۲۵۴)

سوال:۳۰۲ اس صحابی رسول کا نام بتایئے جنھیں ہجرت کی اطلاع نبی کریم ﷺ نے سب سے پہلے دی تھی؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۰۳ ابوبکر کا اسم گرامی کیا ہے؟

جواب عبداللہ۔ (بخاری مع الفتح کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب المہاجرین)

سوال:۳۰۴ اس صحابی رسول کا نام بتایئے جنکو حضور ﷺ نے ہجرت کرنے کی اطلاع دی تو انھوں نے کہا یارسول اللہ ﷺ! کیا مجھے بھی ہمراہ ہونے کا شرف حاصل ہوگا؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۰۵ اس صحابی کا نام بتایئے جنھوں نے حضور ﷺ کی متوقع ہجرت کے پیش نظر دو اونٹنیاں اور ایک راستہ بتانے والے کا انتظام کیا تھا؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۰۶ اس راستہ بتانے والے کا نام بتایئے جنھیں حضرت ابوبکرؓ نے ہجرت کے موقع پر اجرت دیکر مقرر کیا تھا؟

جواب عبداللہ بن اریقط۔ (بخاری مع الفتح ۳۰۹۵)

سوال:۳۰۷ اس صحابی رسول کا نام بتایئے جنکو حضور ﷺ نے اپنے ساتھ ہجرت کی خوشخبری سنائی تو خوشی سے آنسو جاری ہو گئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت ابوبکرؓ (فتح الباری ص ۲۹۸ ج ۷)

سوال:۳۰۸ ہجرت کی رات حضور ﷺ اپنے کاشانہ مبارک سے نکل کر سب سے پہلے جس صحابی کے گھر تشریف لے گئے انکا نام بتائیے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (زادالمعاد ص ۵۱۹ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۲۵۶)

سوال:۳۰۹ ﴿وجعلنا من بين ايدهم سدا ومن خلفهم سدا فاغشينا هم فهم لا يبصرون﴾ تلاوت کرتے ہوئے اور مشرکین کی صفیں چیرتے ہوئے ایک مٹھی سنگریزوں والی مٹی انکے سروں پر ڈال کر کب آپ ﷺ باہر نکل گئے؟

جواب ہجرت کی رات (فتح الباری ص ۲۹۹ ج ۷)

سوال:۳۱۰ ہجرت کی دوران آپ ﷺ نے کس پہاڑ میں پناہ لیا؟

جواب غار ثور میں (فتح الباری ص ۲۹۹، بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۱۱ رسول اکرم ﷺ ہجرت کیلئے اپنے سب سے بااعتماد ساتھی حضرت ابوبکرؓ کے گھر کس تاریخ کو تشریف لے گئے؟

جواب ۲۷ صفر ۱۴ نبوی کو۔ (الرحیق المختوم ص ۲۵۷)

سوال:۳۱۲ غار ثور کی طرف سفر کرتے ہوئے جب نوکیلے پتھروں کیوجہ سے حضور کے قدم مبارک زخمی ہوگئے تو حضرت ابوبکرؓ نے کیا کیا؟

جواب حضور ﷺ کو کندھوں پر اٹھالیا۔ (رحمۃ للعالمین ص ۸۰ ج ۱)

سوال:۳۱۳ غار ثور میں پہلے کون داخل ہوئے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (فتح الباری ص ۳۰۰ ج ۷)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۳۱۴ غارثور میں آپ ﷺ کل کتنی رات تھے؟

جواب ۳ رات۔ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۱۵ یار غار کسے کہتے ہیں؟

جواب حضرت ابوبکرؓ کو۔ (فتح الباری ص ۱۱ ج ۷)

سوال:۳۱۶ اس صحابی کا نام بتایئے جنھوں نے ہجرت کی رات اپنا تہبند پھاڑ کر غارثور کے سوراخ بند کئے تھے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (رحمۃ للعالمین ص ۸۰ ج ۱)

سوال:۳۱۷ ہجرت کی رات ابوبکرؓ نے اپنے تہبند سے غارثور کے سوراخ بند کئے مگر دو سوراخ نہ بند ہو سکے اسکو بند کرنے کیلئے حضرت ابوبکرؓ نے کیا کیا؟

جواب سراخ میں اپنے پاؤں ڈالدیا۔ (الرحیق المختوم ص ۲۵۸)

سوال:۳۱۸ غارثور میں نبی کریم ﷺ کس کی آغوش میں سو گئے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ کی آغوش میں۔ (الرحیق المختوم ص ۲۵۸)

سوال:۳۱۹ غارثور میں جب آپ ﷺ حضرت ابوبکرؓ کی آغوش میں سوئے ہوئے تھے تو پھر کس طرح بیدار ہو گئے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ کے پاؤں میں کسی چیز کے ڈسنے کیوجہ سے ان کے آنسو رسول ﷺ کے چہرے پر ٹپک پڑے۔ (الرحیق المختوم ص ۲۵۸)

سوال:۳۲۰ نبی کریم ﷺ نے ابوبکرؓ کو ڈسے جانے کے بعد کیا چیز لگایا جس سے انکی تکلیف ختم ہو گئی؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب اپنا لعاب مبارک۔ (الرحیق المختوم ص ۲۵۸)

سوال:۳۲۱ اس شخص کا نام بتایئے جو غار ثور تک ان ایام میں اپنی بکریاں لایا کرتے تھے جبکہ حضرت ابوبکرؓ حضور ﷺ کے ساتھ میں غار ثور میں پناہ گزیں تھے؟

جواب حضرت عامر بن فہیرہؓ۔ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۲۲ اس شخص کا نام بتایئے جو حضور ﷺ اور ابوبکرؓ کو کفار مکہ کی دن بھر کی نقل وحرکت کی رپورٹ رات کو غار ثور میں پہونچایا کرتے تھے؟

جواب حضرت عبداللہ بن ابوبکرؓ۔ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۲۳ اس خاتون کا نام بتایئے جو رات کی تاریکی میں غار ثور میں حضرت ابوبکرؓ اور حضور ﷺ کو کھانا پہونچاتی تھیں؟

جواب حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۲۴ حضرت ابوبکرؓ کی اس بیٹی کا نام بتایئے جسے ہجرت کے روز آپ کا پتہ نہ بتانے پر ابوجہل نے زوردار تھپڑ مارا تھا؟

جواب حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ۔

(ابن ھشام ص ۴۸۷ ج ۱، رحمۃ للعالمین ص ۸۱ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۲۶۰)

سوال:۳۲۵ حضرت ابوبکرؓ کی اس بیٹی کا نام بتایئے جنھوں نے ہجرت کے موقع پر اپنا کمر بند کاٹ کر ستوؤں کے تھیلے کا منہ باندھا تھا؟

جواب حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال:۳۲۶ حضرت اسماء بنت ابی بکر کو ذات النطاقین کیوں کہا جاتا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ہجرت کے موقع پر حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ عنہما زادِ سفر لے کر آئیں مگر اس میں لٹکانے والا بندھن لگانا بھول گئیں جب روانگی کا وقت آیا اور حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے توشہ لٹکانا چاہا تو دیکھا کہ اس میں بندھن ہی نہیں ہے انھوں نے اپنا پٹکا (کمر بند) کھولا اور دو حصوں میں چاک کر کے ایک میں توشہ لٹکا دیا اور دوسرا کمر میں باندھ لیا اسی وجہ سے ان کا لقب ذات النطاقین پڑ گیا۔ (بخاری مع الفتح ۳۹۰۵)

سوال: ۳۲۷ اس صحابی کا نام بتائیے جنھوں نے کہا میں نبی ﷺ کے ساتھ غارِ ثور میں تھا سر اٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ لوگوں کے پاؤں نظر آ رہے ہیں میں نے کہا اے اللہ کے نبی اگر ان میں کوئی بھی شخص نگاہ نیچی کر دیگا تو ہمیں دیکھ لیگا؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۶۵۳)

سوال: ۳۲۸ آپ ﷺ نے کس جگہ ارشاد فرمایا اے ابوبکرؓ ایسے دو آدمیوں کے بارے میں کیا خیال ہے جنکا تیسرا اللہ ہے؟

جواب غارِ ثور میں۔ (بخاری مع الفتح ۳۶۵۳)

سوال: ۳۲۹ (لاتحزن ان اللہ معنا) آپ ﷺ نے کس صحابی سے ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت ابوبکرؓ سے۔ (بخاری مع الفتح ۳۶۵۲)

سوال: ۳۳۰ ہجرت کے موقع پر نبی کریم ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ یا ان میں سے کسی ایک کو زندہ یا مردہ حاضر کرنے پر ہر ایک کے بدلے مشرکین نے کتنے اونٹ انعام دینے کا اعلان کیا تھا؟

جواب ۱۰۰/اونٹ (فتح الباری ص ۳۰۵ ج ۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۳۳۱ حضرت ابوبکرؓ کے اس غلام کا نام بتائیے جس نے ہجرت کے موقع پر حضور ﷺ کے ارشاد پر سراقہ بن جعشم کو امان نامہ لکھ کر دیا تھا؟

جواب عامر بن فہیرہ۔ (بخاری مع الفتح ۳۶۵۲)

سوال:۳۳۲ عامر بن فہیرہ نے سراقہ بن جعشم کو کس چیز پر امان نامہ لکھ کر دیا تھا؟

جواب چمڑہ پر (بخاری مع الفتح ۳۶۵۲)

سوال:۳۳۳ اس صحابی کا نام بتائیے جو ہجرت کے موقع پر قریش کے زبردست انعام کے لالچ میں حضرت ابوبکرؓ اور حضور ﷺ کی تلاش میں نکلے لیکن جب رسول ﷺ سے سامنا ہوا اور گفتگو ہوئی تو نقد دل دے بیٹھے؟

جواب حضرت بریدہ اسلمیؓ۔ (رحمۃ للعالمین ص ۸۵ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۲۶۷)

سوال:۳۳۴ حضرت بریدہ اسلمیؓ اپنی قوم کے کتنے لوگوں کے ساتھ مسلمان ہوئے؟

جواب ستر۔ (رحمۃ للعالمین ص ۸۵ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۲۶۷)

سوال:۳۳۵ غار ثور سے مدینہ کی طرف سفر کرتے ہوئے حضور ﷺ کے ردیف (سواری پر پیچھے بیٹھنے والے) کون تھے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۱۱)

سوال:۳۳۶ سفر ہجرت میں جب کوئی شخص حضرت ابوبکرؓ سے پوچھتا کہ آپ کے آگے کون ہے تو حضرت ابوبکرؓ کیا جواب دیتے؟

جواب یہ آدمی مجھے راستہ بتاتا ہے۔ (بخاری مع الفتح ۳۹۱۱)

سوال:۳۳۷ حضور ﷺ نے جو رات غار ثور میں بسر کی تھی اس رات آپ ﷺ کے بستر پر کون سویا تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت علیؓ۔ (فتح الباری ص ۲۹۹ ج ۷)

سوال:۴۳۸ امانتیں لوٹانے کیلئے حضور ﷺ نے مکہ میں کس کو روکا تھا؟

جواب حضرت علیؓ کو۔ (فتح الباری ص ۲۹۹ ج ۷)

سوال:۴۳۹ حضور ﷺ نے ہجرت کی رات حضرت علیؓ سے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب آپ ﷺ نے فرمایا بے تکلف میرے بستر پر سو جاؤ بفضل خدا کوئی تکلیف نہیں پہونچے گی۔ (ابن ھشام ص ۵۳۰ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۲۵۷)

سوال:۴۴۰ حضور ﷺ کی ہجرت کے بعد حضرت علیؓ مکہ میں کتنے دن رہے؟

جواب ۳ دن۔ (الرحیق المختوم ص ۲۶۹)

سوال:۴۴۱ حضور ﷺ کے ہجرت کرنے کے بعد دوسرے دن صبح قریش نے آپ ﷺ کے بجائے حضرت علیؓ کو آپ ﷺ کے بستر پر موجود پایا تو ان لوگوں نے حضرت علیؓ سے کیا سلوک کیا؟

جواب حضرت علیؓ کو گھسیٹ کر خانہ کعبہ تک لے گئے اور ایک گھڑی زیر حراست رکھا؟ (رحمۃ للعالمین ص ۸۱ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۲۵۹)

سوال:۴۴۲ جس رات حضرت علیؓ حضور ﷺ کے بستر مبارک پر سوئے تھے تو آپؓ نے کیا اوڑھ رکھا تھا؟

جواب حضور ﷺ کی سبز حضرمی چادر۔

(ابن ھشام ص ۵۳۰ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۲۵۶)

سوال:۴۴۳ خلفاء راشدین میں سے آخر میں ہجرت کرنے والے کا نام بتائیے؟

جواب حضرت علیؓ۔ (رحمۃ للعالمین ص ۸۰ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۲۶۹)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۳۴۴ جب ہجرت کر کے حضرت علیؓ مدینہ پہونچے تو انکی ملاقات حضور ﷺ سے کہاں ہوئی؟

جواب قباء میں کلثوم بن الھدم کے مکان پر۔

(ابن ھشام ص ۴۹۳ج ۱، الرحیق المختوم ص ۲۷۰)

سوال:۳۴۵ قباء میں آپ کی تشریف آوری کب ہوئی؟

جواب ۸ ربیع الاول ۱۴ ؁ نبوی دوشنبہ۔ (الرحیق المختوم ص ۲۶۸)

سوال:۳۴۶ بنی عمرو بن عوف میں انصار کے لوگوں نے حضور ﷺ کو کیسے پہچانا؟

جواب جب دھوپ کی وجہ سے حضرت ابوبکرؓ نے آپ ﷺ پر سایہ کیا۔

(بخاری مع الفتح ص ۳۹۰۶)

سوال:۳۴۷ نبوت کے بعد پہلی مسجد کون ہے؟

جواب مسجد قباء۔ (بخاری مع الفتح ص ۳۹۰۶)

سوال:۳۴۸ قباء میں آپ ﷺ کس آبادی کے اندر پہونچے تو جمعہ کا وقت ہوا؟

جواب بنوسالم بن عوف میں۔ (مختصر سیرۃ الرسول ص ۹۸)

سوال:۳۴۹ مدینہ کا پرانا نام کیا ہے؟

جواب یثرب۔ (الرحیق المختوم ص ۲۷۰)

سوال:۳۵۰ قباء میں جمعہ کی نماز ادا کرنے کے بعد جب آپ ﷺ مدنیہ کی طرف چل پڑے اور لوگ آپ ﷺ کے ناقہ کی مہار پکڑ کر درخواست کرتے کہ آپ ﷺ ہمارے یہاں تشریف رکھیں تو آپ ﷺ کیا جواب دیتے؟

جواب اونٹنی کو چھوڑ دو یہ مامور من اللہ ہے۔ (مختصر سیرۃ الرسول ص ۹۹)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۳۵۱ آپ ﷺ کی اونٹنی کس محلّہ میں بیٹھی؟

جواب بنونجار کے محلّہ میں۔ (الرحیق المختوم ص ۲۷۱، زاد المعاد ص ۵۲۴ ج ۱)

سوال:۳۵۲ آپ ﷺ کی بنونجار کے لوگوں سے کیا رشتہ داری تھی؟

جواب نانہال۔ (الرحیق المختوم ص ۲۷۱، زاد المعاد ص ۵۲۴ ج ۱)

سوال:۳۵۳ آپ ﷺ کی اونٹنی کا کجاوہ کس نے اٹھالیا؟

جواب حضرت ابوایوب انصاریؓ نے۔ (زاد المعاد ص ۵۲۴ ج ۱)

سوال:۳۵۴ حضرت ابوایوب انصاریؓ کا نام کیا ہے؟

جواب خالد بن زید (شرح النووی ص ۳۱ ج ۱)

سوال:۳۵۵ حضرت ابوایوب انصاریؓ کے کجاوہ اٹھانے کے بعد آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب آدمی اپنے کجاوہ کے ساتھ ہے۔ (زاد المعاد ص ۵۲۴ ج ۱)

سوال:۳۵۶ آپ ﷺ کے اونٹنی کی نکیل کس نے پکڑی؟

جواب حضرت اسعد بن زرارہؓ نے۔ (الرحیق المختوم ص ۲۷۲)

سوال:۳۵۷ حضور ﷺ کی اونٹنی کس کے پاس تھی؟

جواب حضرت اسعد بن زرارہؓ کے پاس۔ (الرحیق المختوم ص ۲۷۲)

سوال:۳۵۸ مدینہ میں آپ ﷺ کا میزبان کون تھا؟

جواب حضرت ابوایوب انصاریؓ۔ (فتح الباری ص ۳۲۱ ج ۷)

سوال:۳۵۹ کتنے دنوں کے بعد آپ ﷺ ابوایوب انصاریؓ کے مکان سے منتقل ہوئے؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب ۷ رماہ کے بعد۔ (فتح الباری ص۲۱۷ ج ۷)

سوال: ۳۶۰ آپ ﷺ نے کس شہر کے متعلق دعا فرمائی ''اے اللہ! ہمارے نزدیک اس کو بھی اسی طرح محبوب کر دے جس طرح مکہ محبوب تھا یا اس سے بھی زیادہ اور.... اسکی فضا صحت بخش بنا دے اور اسکے صاع اور مد میں برکت دے اسکا بخار منتقل کر کے جحفہ پہنچا دے''۔

جواب شہر مدینہ کے متعلق۔ (بخاری مع الفتح ۳۹۲۶)

سوال: ۳۶۱ مدینہ کے متعلق آپ ﷺ کی دعا کا کیا اثر ہوا؟

جواب مقبول ہوئی اور حالات بدل گئے۔ (الرحیق المختوم ص ۲۷۳)

سوال: ۳۶۲ جب ہمارے نبی ﷺ مدینہ پہنچے تو وہاں کے لوگوں نے کس طرح آپ ﷺ کا استقبال کیا؟

جواب مدینہ کے مسلمان خوشی کیوجہ سے تقدیس وتحمید کے کلمات بلند کر رہے تھے اور انصار کی بچیاں خوشی سے اشعار کے نغمے بکھیر رہی تھیں۔

(فتح الباری ص ۳۳۲ ج ۷)

سوال: ۳۶۳ ہجرت کے موقع پر جب نبی کریم ﷺ مدینہ پہونچے تو انصار کی بچیاں کون سے اشعار گا رہی تھیں؟

جواب اَشْرَقَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا مِنْ ثَنِیَّاتِ الْوِدَاعِ

وَجَبَ الشُّکْرُ عَلَیْنَا مَا دَعَا لِلّٰہِ دَاعِ

اَیُّھَا الْمَبْعُوثُ فِیْنَا جِئْتَ بِالْاَمْرِ الْمُطَاعِ۔

(فتح الباری ص ۳۳۲ ج ۷ وقال حافظ وھو سند معضل)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۳۶۴ آپ ﷺ نے مدینہ میں حضرت ابوایوب انصاریؓ کے مکان کے سامنے کب نزول فرمایا؟

جواب ۱۲ / ربیع الاول بروز جمعہ۔ (فتح الباری ص ۳۸۷ ج ۸)

سوال:۳۶۵ بنو نجار کے محلّہ میں جس زمین پر آپ ﷺ کی اونٹنی بیٹھی تھی اس کا مالک کون تھا؟

جواب ۲/ یتیم بچے (۱) سہل (۲) سہیل۔ (بخاری رقم ۳۹۰۶)

سوال:۳۶۶ آپ ﷺ نے ان سے اس زمین کو کس طرح حاصل کیا؟

جواب قیمت دیکر۔ (بخاری مع الفتح رقم ۳۹۰۶)

سوال:۳۶۷ آپ ﷺ نے اس زمین کو کتنی قیمت میں خریدا تھا؟

جواب دس دینار میں۔ (فتح الباری ص ۳۱۳ ج ۷)

سوال:۳۶۸ آپ ﷺ مسجد نبوی کی تعمیر میں کس طرح شامل ہوئے؟

جواب بنفس نفیس۔ (بخاری مع الفتح رقم ۳۹۰۶)

سوال:۳۶۹ مسجد نبوی کی تعمیر کے وقت آپ ﷺ کیا فرماتے تھے؟

جواب اَللّٰهُمَّ لَاعَيْشَ اِلَّاعَيْشُ الْآخِرَة فَاغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَة

هٰذَا الْحِمَالُ لَاحِمَالَ خَيْبَرُ هٰذَا اَبَرُّ رَبَّنَا وَ اَطْهَرُ۔

(بخاری مع الفتح رقم ۳۹۰۶)

سوال:۳۷۰ مسجد نبوی کی تعمیر کے وقت جب نبی کریم ﷺ

اَللّٰهُمَّ اِنَّ الْاَجْرَ اَجْرُ الْآخِرَة فَارْحَمْ لِلْاَنْصَارِ وَالْمُهَاجِرَة

فرماتے تو صحابہ کرامؓ کیا فرماتے تھے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب لَئِنْ قَعَدْنَا وَالنَّبِيُّ يَعْمَلُ ذَاكَ إِذًا لِلْعَمَلُ الْمُضَلَّلُ

(فتح الباری ص ۳۱۴ ج ۷)

سوال:۳۷۱ مسجد نبوی کی تعمیر کے وقت قبلہ کیا تھا؟

جواب بیت المقدس. (زاد المعاد ص ۵۲۵ ج ۲)

سوال:۳۷۲ مدینہ میں آپ ﷺ کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے حجرے کہاں تھے؟

جواب مسجد نبوی کے بازو میں. (زاد المعاد ص ۵۲۶ ج ۲)

سوال:۳۷۳ راجح قول کے مطابق اذان کی ابتدا کب ہوئی؟

جواب ۱ھ (فتح الباری ص ۹۹ ج ۲)

سوال:۳۷۴ اذان کسے کہتے ہیں؟

جواب مخصوص الفاظ میں نماز کی خبر دینے کو اذان کہتے ہیں.

(فتح الباری ۹۸ ج ۲)

سوال:۳۷۵ حضور ﷺ کے حکم پر سب سے پہلے اذان دینے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت بلال رضی اللہ عنہ (زاد المعاد ص ۹۱ ج ۱)

سوال:۳۷۶ آنحضرت ﷺ کے کل کتنے مؤذن تھے؟

جواب چار. (زاد المعاد ص ۹۱ ج ۱)

سوال:۳۷۷ مکہ میں آنحضرت ﷺ کے مؤذن کون تھے؟

جواب حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ. (زاد المعاد ص ۹۱ ج ۱)

سوال:۳۷۸ حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کا نام کیا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت اوس بن مغیرہ جمحیؓ (زادالمعادص ۹۱ ج ۱)

سوال: ۳۷۹ حضرت ابومحذورہؓ اذان کس طرح دیتے تھے؟

جواب اذان میں رجعت کرتے تھے۔ (زادالمعادص ۹۱ ج ۱)

سوال: ۳۸۰ مسجد میں قباء میں آنحضرت ﷺ کے مؤذن کا نام کیا تھا؟

جواب حضرت سعد قرظؓ۔ (زادالمعادص ۹۱ ج ۱)

سوال: ۳۸۱ مدینہ پہونچکر آپ ﷺ نے دوسرا اہم کام کیا انجام دیا؟

جواب مہاجرین اور انصار کے مابین اخوت ومساوات قائم کرایا۔

(الرحیق المختوم ص ۲۹۱)

سوال: ۳۸۲ مہاجرین وانصار کے درمیان مواخات کس کے مکان پر کیا گیا؟

جواب حضرت انس بن مالکؓ کے مکان پر۔ (زادالمعادص ۵۲۶ ج ۱)

سوال: ۳۸۳ انصار کسے کہا جاتا ہے؟

جواب جن صحابہ کرام نے مہاجرین کی نصرت ومدد کی ان کو انصار کہا جاتا ہے۔

(ترجمہ قرآن محمد صاحبؒ جوجا گڈھی حاشیہ فی ضمن سورۃ التوبہ آیت نمبر ۱۰۰)

سوال: ۳۸۴ مواخات قائم کرانے کے وقت صحابہ کرام کی کل تعداد کتنی تھی؟

جواب ۹۰ (فتح الباری ص ۳۴۴ ج ۷)

سوال: ۳۸۵ مہاجرین وانصار کے درمیان مواخات کی بنیاد کیا تھی؟

جواب ایک دوسرے کی غمخواری اور موت کے بعد نسبی قرابتداروں کے بجائے ایک دوسرے کے ورثاء۔ (فتح الباری ص ۳۴۴ ج ۷)

سوال: ۳۸۶ مہاجرین اور انصار کے مابین وراثت کا حکم کب تک قائم تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب بدر تک. (زادالمعاد ص ۵۲۶ ج ۱)

سوال: ۳۸۷ مہاجرین اور انصار کے درمیان وراثت کا حکم کس آیت سے منسوخ کیا گیا؟

جواب ﴿واولوالارحام بعضهم اولى ببعض﴾ (زادالمعاد ص ۵۲ ج ۱)

سوال: ۳۸۸ بھائی چارگی کے قیام کا مقصود کیا تھا؟

جواب جاہلی عصبیتیں تحلیل ہو جائیں، حمیت وغیرہ جو کچھ ہو اسلام کیلئے ہو نسل رنگ اور وطن کے امتیازات ختم ہو جائیں بلندی و پستی کا معیار انسانیت اور تقوی کے علاوہ کچھ اور نہ ہو. (الرحیق المختوم ص ۲۹۱)

سوال: ۳۸۹ ”میں انصار میں سب سے زیادہ مالدار ہوں آپ میرا مال دو حصوں میں بانٹ کر (آدھا لے لیں) اور میری دو بیویاں ہیں آپ دیکھ لیں جو زیادہ پسند ہو مجھے بتا دیں میں اسے طلاق دیدوں اور عدت گذرنے کے بعد آپ اس سے شادی کر لیں“ عبدالرحمٰن بن عوف سے یہ بات کہنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ (بخاری رقم ۵۱۶۷)

سوال: ۳۹۰ ہجرت کے بعد آپ ﷺ نے تیسرا اہم کام کیا انجام دیا؟

جواب مدینہ کے کفار اور یہودیوں سے معاہدہ کیا. (الرحیق المختوم ص ۲۹۸)

سوال: ۳۹۱ کفار مکہ نے نبی کریم ﷺ کی ہجرت کے بعد آپ ﷺ کو پریشان کرنے کیلئے کس کے پاس خط لکھا؟

جواب عبداللہ بن ابی کے پاس. (الرحیق المختوم ص ۲۹۸)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال: ۳۹۲ کفار مکہ کے بعد عبداللہ بن ابی نے کیا رول ادا کیا؟

جواب عبداللہ بن ابی اور اس کے رفقاء جنگ کے لئے جمع ہو گئے۔

(الرحیق المختوم ص ۳۰۲)

سوال: ۳۹۳ عبداللہ بن ابیؔ اور اسکے رفقاء کی جنگ کے متعلق آپ ﷺ نے کیا کیا؟

جواب آپ ﷺ ان کے پاس تشریف لے گئے اور ان کو سمجھایا

(الرحیق المختوم ص ۳۰۲)

سوال: ۳۹۴ جنگ کے متعلق آپ ﷺ کے سمجھانے کا ان پر کیا اثر ہوا؟

جواب وہ لوگ بکھر گئے۔ (الرحیق المختوم ص ۳۰۲)

سوال: ۳۹۵ مدینہ تشریف لانے کے بعد ایک رات رسول اکرم ﷺ جاگ رہے تھے کہ فرمایا کاش! آج رات میرے صحابہ میں سے کوئی صالح آدمی میرے یہاں پہرہ دیتا ابھی آپ ﷺ اسی حالت میں تھے کہ ہتھیار کی جھنکار سنائی پڑی آپ ﷺ نے فرمایا کون ہے تو کیا جواب آیا؟

جواب سعد بن ابی وقاصؓ۔ (بخاری مع الفتح ۲۸۸۵)

سوال: ۳۹۶ مدینہ میں نبی کریم ﷺ کو کب تک پہرہ دیا جاتا تھا؟

جواب ﴿واللہ یعصمک من الناس﴾ (المائدۃ: ۶۷) کے نزول تک۔

(ترمذی مع التحفہ ۳۸۳۲)

سوال: ۳۹۷ اذن قتال کے متعلق کون سی آیت نازل ہوئی؟

جواب سورہ حج کی آیت نمبر ۳۹ ﴿اُذِنَ لِلَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ بِاَنَّھُمْ ظُلِمُوْا﴾

(تحفۃ الاحوذی ص ۱۲ ج ۹)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۳۹۸ اس آیت میں قتال کا مقصود کیا ہے؟

جواب ظلم سے بچاؤ باطل کا خاتمہ اور اللہ کے شعائر کا قیام ہے۔

(الرحیق المختوم ص ۳۰۳)

سوال:۳۹۹ غزوہ کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب غزوہ اس فوجی مہم کو کہتے ہیں جسمیں نبی کریم ﷺ بنفس نفیس تشریف لے گئے ہوں خواہ جنگ ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو۔

(الرحیق المختوم ص ۳۰۶ حاشیہ ۸)

سوال:۴۰۰ سریہ کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب وہ فوجی مہم جس میں آپ ﷺ خود تشریف نہ لیگئے ہوں.

(الرحیق المختوم ص ۳۰۶ حاشیہ ۸)

سوال:۴۰۱ سب سے پہلا سریہ کون سا ہے؟

جواب سیف البحر (الرحیق المختوم ۳۰۶)

سوال:۴۰۲ سریہ سیف البحر کس سن میں واقع ہوا؟

جواب رمضان ۱ھ میں (زادالمعاد ص ۵۷۲ ج۱)

سوال:۴۰۳ سریہ سیف البحر کا امیر کون تھا؟

جواب حضرت حمزہ بن عبدالمطلب ؓ (زادالمعاد ص ۵۷۲ ج۱)

سوال:۴۰۴ سریہ سیف البحر میں کتنے صحابہ تھے؟

جواب ۳۰ صحابہ. (زادالمعاد ص ۵۷۲ ج۱)

سوال:۴۰۵ سریہ سیف البحر میں قریشی قافلہ کی تعداد کتنی تھی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ۳۰۰ (زادالمعاد ص۲۷۵ ج۱)

سوال:۴۰۶ سریہ سیف البحر کا مقصد کیا تھا؟

جواب قریشی قافلہ کا پتہ لگانا. (زادالمعاد ص۲۷۵ ج۱)

سوال:۴۰۷ سریہ سیف البحر میں جنگ ہوئی یا نہیں؟

جواب نہیں. (زادالمعاد ص۲۷۵ ج۱، فتح الباری ص۳۵۵ ج۷، سیرة الرسول ۱۰۷)

سوال:۴۰۸ اس صحابی کا نام بتایئے جنھیں پہلا جھنڈا رسول کریم ﷺ نے اپنے دست مبارک سے باندھا تھا؟

جواب حضرت حمزہؓ. (الرحیق المختوم ۳۰۷)

سوال:۴۰۹ سریہ سیف البحر کے علمبردار کون تھے؟

جواب حضرت ابومرثد کناز بن حصین غنوی رضی اللہ عنہ۔

(زادالمعاد ص۲۷۵ ج۱، فتح الباری ص۳۵ ج۷)

سوال:۴۱۰ سریہ رابغ کس سن میں واقع ہوا؟

جواب شوال ۱ھ میں (زادالمعاد ص۱۷۵ ج۱)

سوال:۴۱۱ سریہ رابغ کا امیر کون تھا؟

جواب حضرت عبیدہ بن حارثؓ (زادالمعاد ص۱۷۵ ج۱)

سوال:۴۱۲ سریہ رابغ میں مہاجرین کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۴۰ (زادالمعاد ص۱۷۵ ج۱)

سوال:۴۱۳ سریہ رابغ میں ابوسفیان کے ساتھ کتنے آدمی تھے؟

جواب ۲۰۰ (زادالمعاد ص۱۷۵ ج۱)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۴۱۴ سریہ رابغ میں مسلمانوں سے آکر ملنے والے مکی لشکر کے دو آدمیوں کے اسماء گرامی کیا ہیں؟

جواب (۱) مقداد بن عمروؓ (۲) عتبہؓ بن غزوان. (الرحیق المختوم ص ۳۰۷)

سوال:۴۱۵ اللہ کے راستے میں سب سے پہلے تیر چلانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب سعد بن ابی وقاصؓ (بخاری الرقم ۳۷۲۸)

سوال:۴۱۶ سریہ رابغ کا علمبردار کون تھا؟

جواب حضرت مسطحؓ بن اثاثہؓ۔ (الرحیق المختوم ص ۳۰۷)

سوال:۴۱۷ سریہ خرار کب پیش آیا؟

جواب ذی قعدہ ۱ھ میں (مختصر سیرۃ الرسول ص ۱۰۷، الرحیق المختوم ص ۳۰۷)

سوال:۴۱۸ سریہ خرار کا امیر کون تھا؟

جواب حضرت سعد بن ابی وقاصؓ (مختصر سیرۃ الرسول ص ۱۰۷، الرحیق المختوم ص ۳۰۷)

سوال:۴۱۹ سریہ خرار میں کتنے صحابہ تھے؟

جواب ۲۰ رصحابہ. (مختصر سیرۃ الرسول ص ۱۰۷، الرحیق المختوم ص ۳۰۷)

سوال:۴۲۰ سریہ خرار کے علمبردار کون تھے؟

جواب مقداد بن عمروؓ. (الرحیق المختوم ص ۳۰۸)

سوال:۴۲۱ سب سے پہلے غزوہ کا نام کیا ہے؟

جواب ابواء. (بخاری کتاب المغازی باب غزوۃ العشیرہ)

سوال:۴۲۲ غزوہ ابواء کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب ودّان (فتح الباری ص ۳۵۵ ج ۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۴۲۳ غزوہ ابواء یا ودّان کب واقع ہوا؟

جواب صفر ۲ھ میں (فتح الباری ص ۳۵۵ ج ۷)

سوال:۴۲۴ غزوہ ابواء میں کتنے مہاجرین شریک تھے؟

جواب ۷۰ (الرحیق المختوم ص ۳۰۸)

سوال:۴۲۵ غزوہ ابواء کے موقع پر مدینہ میں رسول ﷺ کا قائم مقام کون تھا؟

جواب حضرت سعد بن عبادہؓ. (فتح الباری ص ۳۵۵ ج ۷)

سوال:۴۲۶ غزوہ ابواء میں علمبردار کون تھے؟

جواب حضرت حمزہؓ. (الرحیق المختوم ص ۳۰۸)

سوال:۴۲۷ غزوہ ابواء میں آپ ﷺ نے بنو حمزہ کے کس شخص سے معاہدہ کیا؟

جواب عمرو بن مخشی الضمری سے. (فتح الباری ص ۳۵۵ ج ۷)

سوال:۴۲۸ غزوہ بواط کب واقع ہوا؟

جواب ربیع الاول ۲ھ میں (فتح الباری ص ۳۵۵ ج ۷)

سوال:۴۲۹ غزوہ بواط میں کتنے صحابہ تھے؟

جواب ۲۰۰ (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۳۰ غزوہ بواط کے موقع پر قریش کے قافلہ میں کتنے افراد اور اونٹ تھے؟

جواب (۱۰۰) ایک سو افراد (۲۵۰۰) ڈھائی ہزار اونٹ (سیرۃ الرسول ص ۱۰۸)

سوال:۴۳۱ غزوہ بواط کے موقع پر مدینہ کا امیر کون تھا؟

جواب حضرت سعد بن معاذؓ (الرحیق المختوم ص ۳۰۹، فتح الباری ص ۳۵۵ ج ۷)

سوال:۴۳۲ غزوہ بواط کے واقع پر علمبردار کون تھے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت سعد بن ابی وقاصؓ (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۳۳ غزوہ سفوان کب واقع ہوا؟

جواب ربیع الاول ۲ھ میں (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۳۴ غزوہ سفوان کا سبب کیا تھا؟

جواب کرز بن جابر فہری کا تعاقب کرنا تھا کیونکہ اس نے مشرکین کی ایک مختصر سی فوج کے ساتھ مدینہ کی چراگاہ پر چھاپہ مارا اور کچھ مویشی لوٹ لئے۔

(الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۳۵ غزوہ سفوان میں کتنے صحابہ کرامؓ تھے؟

جواب ۷۰ (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۳۶ غزوہ سفوان کے موقع پر مدینہ کا امیر کون تھا؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۳۷ غزوہ سفوان میں علمبردار کون تھا؟

جواب حضرت علیؓ (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۳۸ غزوہ ذی العُشَیرہ کب واقع ہوا؟

جواب جمادی الاولی اور جمادی الآخر ۲ھ میں (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۳۹ غزوہ ذی العُشَیرہ میں آپ نے کس سے عدم جنگ کا معاہدہ کیا؟

جواب بنو مدلج اور ان کے حلیف بنو ضمرہ سے۔ (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

سوال:۴۴۰ غزوہ ذی العُشَیرہ کے درمیان مدینہ کا سربراہ کون تھا؟

جواب حضرت ابو سلمہ بن عبداللہ اسد مخزومیؓ۔ (الرحیق المختوم ص ۳۰۹)

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



سوال:۴۴۱ غزوہ ذی العُشَیرہ میں علمبردار کون تھا؟

جواب حضرت حمزہؓ. (الرحیق المختوم ص ۳۱۰)

سوال:۴۴۲ سریہ نخلہ کب واقع ہوا؟

جواب رجب ۲ھ میں (زادلمعاد ص ۳۷۵ ج ۱)

سوال:۴۴۳ سریہ نخلہ میں امیر کون تھا؟

جواب حضرت عبداللہ بن جحشؓ (زادلمعاد ص ۳۷۵ ج ۱)

سوال:۴۴۴ سریہ نخلہ میں کتنے مہاجرین تھے؟

جواب ۱۲ (زادلمعاد ص ۳۷۵ ج ۱)

سوال:۴۴۵ سریہ نخلہ کے امیر کو رسول اکرم ﷺ نے کیا چیز دیتے ہوئے سفر کرنے کے دو دن بعد دیکھنے کا حکم دیا تھا؟

جواب ایک تحریر دیتے ہوئے. (زادلمعاد ص ۳۷۵ ج ۱)

سوال:۴۴۶ جب دو دن بعد امیر نے تحریر دیکھا تو اسمیں کیا درج تھا؟

جواب جب تم میری یہ تحریر دیکھو تو آگے بڑھتے جاؤ یہاں تک کہ مکہ اور طائف کے درمیان نخلہ میں اترو، اور وہاں قریش کے ایک قافلہ کی گھات میں لگ جاؤ اور ہمارے لئے اسکی خبروں کا پتہ لگاؤ. (زادلمعاد ص ۳۷۵ ج ۱)

سوال:۴۴۷ حضرت عبداللہؓ نے اپنے رفقاء کو تحریر کی اطلاع دیتے ہوئے کیا فرمایا؟

جواب میں کسی پر جبر نہیں کرتا جس کو شہادت محبوب ہو وہ اٹھ کھڑا ہو اور جس کو موت ناگوار ہو وہ واپس چلا جائے باقی رہا میں تو میں ہر حال میں آگے جاؤنگا. (زادلمعاد ص ۳۷۵ ج ۱)

سوال:۴۴۸ نبی کریم ﷺ کے تحریری فرمان کو سنکر ان کے تمام رفقاء نے کیا کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب سارے رفقاء اٹھ کھڑے ہوئے اور منزل مقصود کیلئے چل پڑے۔

(زادلمعادص ۵۷۳ ج ۱)

سوال: ۴۴۹ سریہ نخلہ کے موقع پر قریش کے قافلہ میں کون کون لوگ تھے؟

جواب عبداللہ بن مغیرہ کے دو بیٹے (۱) عثمان (۲) نوفل (۳) عمرو بن حضرمی
(۴) حکیم بن کیسان مولی مغیرہ (زادلمعادص ۵۷۳ ج ۱)

سوال: ۴۵۰ سریہ نخلہ میں مسلمانوں نے قریش سے کیا سلوک کیا؟

جواب ان پر حملہ کرتے ہوئے ایک شخص نے عمرو بن حضرمی کو تیر مار کر کام تمام کر دیا باقی لوگوں نے حکیم اور عثمان کو گرفتار کر لیا البتہ نوفل بھاگ نکلا۔

(زادلمعادص ۵۷۳ ج ۱)

سوال: ۴۵۱ اسلامی تاریخ کا پہلا خمس کون ہے؟

جواب سریہ نخلہ کے موقع پر مال غنیمت پہلا خمس ہے۔ (زادلمعادص ۵۷۳ ج ۱)

سوال: ۴۵۲ اسلامی تاریخ کا پہلا مقتول کون ہے؟

جواب عمرو بن حضرمی (زادلمعادص ۵۷۳ ج ۱، فتح الباری ص ۲۵۶ ج ۷)

سوال: ۴۵۳ اسلامی تاریخ کے پہلے قیدی کون ہیں؟

جواب حکیم اور عثمان پہلے قیدی ہیں۔ (مختصر سیرۃ الرسول ص ۱۰۹)

سوال: ۴۵۴ سریہ نخلہ کے موقع پر جب مسلمانوں نے قریش کے قافلہ پر حملہ کر دیا تو رسول اکرم ﷺ نے کیا تاثر ظاہر کیا؟

جواب آپ ﷺ نے مسلمانوں کے اس رویہ پر نکیر کا اظہار کرتے ہوئے فرمایا میں نے تمہیں حرام مہینے میں جنگ کرنے کا حکم نہیں دیا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۴۵۵ سریہ نخلہ کے موقع پر آپ ﷺ نے قریش کے سامان کے متعلق کیا رویہ اختیار کیا؟

جواب آپ ﷺ نے قریش کے سامان کے متعلق کسی بھی طرح کے تصرف سے ہاتھ روک لیا. (الرحیق المختوم ص ۳۱۱)

سوال:۴۵۶ سریہ نخلہ کے متعلق مشرکین نے کیا پروپیگنڈہ کیا؟

جواب مشرکین نے پروپیگنڈہ کیا کہ مسلمانوں نے اللہ کے حرام کردہ مہینہ کو حلال کرلیا ہے. (زادالمعاد ص۳۷۵ ج۲)

سوال:۴۵۷ اللہ تعالیٰ نے کس آیت کے ذریعہ مشرکین کے پروپیگنڈہ کی قلعی کھولی؟

جواب سورہ بقرہ آیت ۲۱۷ يسئلونك عن الشهر الحرام قتال فيه قل قتال فيه كبير...... کے ذریعہ (الرحیق المختوم ص ۳۱۱)

سوال:۴۵۸ نخلہ کے موقع پر رسول اکرم ﷺ نے مشرکین کے قیدیوں کے ساتھ کیسا سلوک کیا؟

جواب ان کو آزاد کردیا. (الرحیق المختوم ص ۳۱۱)

سوال:۴۵۹ آپ ﷺ نے سریہ نخلہ کے موقع پر مشرکین کے مقتولین کیساتھ کیسا رویہ اختیار کیا؟

جواب ان کے اولیاء کو ان کا خون بہا ادا کیا. (الرحیق المختوم ص ۳۱۱)

سوال:۴۶۰ مسلمانوں پر جنگ کی فرضیت کب نازل ہوئی؟

جواب شعبان ۲ ھ میں (الرحیق المختوم ص ۳۱۳)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب نمازعصر میں. (بخاری مع الفتح ۴۰)

سوال:۴۶۲ اسلام کا پہلا فیصلہ کن معرکہ کون ہے؟

جواب غزوہ بدر. (الرحیق المختوم ص ۳۱۷)

سوال:۴۶۳ نبی اکرم ﷺ ہجرت کے بعد کتنے مہینوں تک بیت المقدس کی طرف منھ کر کے نماز پڑھتے تھے؟

جواب ۱۶ر مہینہ اور چند روز (مسلم مع شرح نووی باب تحویل القبلہ)

سوال:۴۶۴ غزوہ بدر کب واقع ہوا؟

جواب رمضان ۲ ھ میں (زادالمعاد ص ۵۷۸ ج ۱۔ سیرۃ الرسول ص ۱۱۰)

سوال:۴۶۵ غزوہ بدر کا سبب کیا ہے؟

جواب قریش کے اس قافلہ کا تعاقب جو شام جاتے ہوئے ذوالعُشَیر ہ کے موقع پر نبی کی گرفت سے بچکر نکل گیا تھا. (فتح الباری ص ۳۵۷ ج ۷)

سوال:۴۶۶ قریش کا قافلہ جب شام واپس آنے لگا تو آپ ﷺ نے اس کے حالات کا پتہ لگانے کیلئے کس کو روانہ فرمایا؟

جواب طلحہ بن عبیداللہؓ اور سعید بن زیدؓ کو. (الرحیق المختوم ص ۳۱۷)

سوال:۴۶۷ قریش کے قافلہ کا پتہ لگانے کیلئے طلحہ بن عبیداللہؓ اور سعید بن زیدؓ کہاں تک تشریف لیجا کر ٹھہر گئے؟

جواب مقام حوراء تک. (الرحیق المختوم ص ۳۱۷)

سوال:۴۶۸ قریش کے قافلہ میں کتنی دولت تھی؟

جواب ایک ہزار اونٹ، پچاس ہزار دینار (دوسو ساڑھے باسٹھ کیلو سونا)۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۴۶۹ غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۳۱۰ سے کچھ زیادہ (بخاری مع الفتح ۳۹۷۵)

سوال:۴۷۰ غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس کل کتنے گھوڑے تھے؟

جواب ۲ (زادالمعاد ص ۵۷۵ ج ۱۔ سیرۃ الرسول ص ۱۱۰)

سوال:۴۷۱ غزوہ بدر میں مسلمانوں کے پاس کل کتنے اونٹ تھے؟

جواب ۷۰ (زادالمعاد ص ۵۷۵ ج ۱۔ سیرۃ لابن ہشام ص ۶۰۶ ج ۱)

سوال:۴۷۲ غزوہ بدر میں اونٹ کی سواری پر رسول اکرم ﷺ اور کون کون صحابہ کرام رضی اللہ عنہم باری باری سوار ہوتے تھے؟

جواب حضرت علیؓ، حضرت مرثد بن ابی مرثد غنویؓ۔ (زادالمعاد ص ۵۷۵ ج ۱۔ سیرۃ لابن ہشام ص ۶۰۶ ج ۱)

سوال:۴۷۳ غزوہ بدر کے موقع پر مدینہ کا انتظام اور نماز کی امامت پہلے پہل کس کے سپرد کی گئی؟

جواب حضرت عمرو بن ام مکتومؓ کے (زادالمعاد ص ۵۷۵ ج ۱)

سوال:۴۷۴ مقام روحاء تک پہونچکر آپ ﷺ نے کس کو مدینہ کا منتظم بنا کر واپس بھیج دیا؟

جواب حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر رضی اللہ عنہ۔

(زادالمعاد ص ۵۷۵ ج ۱۔ سیرۃ الرسول ص ۱۱۰۔ سیرۃ لابن ہشام ص ۶۰۶ ج ۱)

سوال:۴۷۵ غزوہ بدر میں جنرل کمان کا پرچم کس کے سپرد کیا گیا؟

جواب حضرت مصعب بن عمیرؓ کے سپرد۔ (الرحیق المختوم ص ۳۱۸)

سوال:۴۷۶ [illegible] سنبھالی؟

”محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com



جواب رسول اکرم ﷺ نے۔ (الرحیق المختوم ص ۳۱۸)

سوال:۴۷۷ غزوہ بدر میں مکی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۱۰۰۰ (الرحیق المختوم ص ۳۲۲)

سوال:۴۷۸ مکی لشکر کا سردار کون تھا؟

جواب ابوجہل (الرحیق المختوم ص ۳۲۲)

سوال:۴۷۹ مکی لشکر کے گھوڑوں اور زرہوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب (۱۰۰) ایک سو گھوڑے (۶۰۰) چھ سو زرہیں۔ (الرحیق المختوم ۳۲۰)

سوال:۴۸۰ مکی لشکر کے رسد کی ذمہ داری کتنے لوگوں پر تھی؟

جواب (۹) نو لوگوں پر (الرحیق المختوم ۳۲۰)

سوال:۴۸۱ بدر میں مکی لشکر کیلئے روزانہ کتنے اونٹ ذبح ہوتے تھے؟

جواب ایک دن نو اور ایک دن دس اونٹ۔ (ابن ھشام ص ۶۱۷ ج ۱، الرحیق المختوم ۳۲۰)

سوال:۴۸۲ غزوہ بدر کے موقع پر ابلیس لعین کس کی شکل میں نمودار ہوا؟

جواب سراقہ بن مالک جعشم کی شکل میں

(زاد المعاد ص ۹ ۵۷ ج ۱۔ سیرۃ لابن ہشام ص ۶۰۷ ج ۱)

سوال:۴۸۳ غزوہ بدر میں ابلیس لعین سراقہ بن مالک کی شکل میں نمودار ہو کر کیا بولا؟

جواب بولا: میں بھی تمہارا رفیق کار ہوں اور اس بات کی ضمانت دیتا ہوں کہ کنانہ تمہارے پیچھے کوئی ناگوار کام نہ کریں گے۔

(ابن ھشام ص ۶۰۷ ج ۱، الرحیق ص ۳۲۰)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۴۸۴ جحفہ کے مقام پر مکی لشکر کو ابوسفیان کا نیا پیغام کیا موصول ہوا؟

جواب آپ لوگ اپنے قافلے، اپنے آدمیوں اور اپنے اموال کی حفاظت کی غرض سے نکلے ہیں اور چونکہ اللہ نے سب کو بچا لیا ہے لہٰذا اب واپس پلٹ جائیے۔ (الرحیق المختوم ص ۳۲۱)

سوال:۴۸۵ ابوسفیان کا نیا پیغام سنکر مکی لشکر نے کیا ارادہ کیا؟

جواب واپس جانے کا ارادہ کر لیا۔ (الرحیق المختوم ص ۳۲۱)

سوال:۴۸۶ لیکن طاغوت اکبر کھڑا ہو گیا اور نہایت کبر و غرور سے بولا "خدا کی قسم! ہم واپس نہ ہونگے یہاں تک کہ بدر جا کر وہاں تین روز قیام کریں گے، اور دریں اثنا اونٹ ذبح کریں گے لوگوں کو کھانا کھلائیں گے اور شراب پلائیں گے اور لونڈیاں ہمارے لئے گانا گائیں گی اور سارا عرب ہمارا اور ہمارے سفر و اجتماع کا حال سنے گا اور اس طرح ہمیشہ کیلئے ان پر ہماری دھاک بیٹھ جائیگی" کہنے والے طاغوت اکبر کا نام بتائیے؟

جواب ابوجہل (ابن ھشام ص ۶۱۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۲۱)

سوال:۴۸۷ اخنس بن شریق نے کیا مشورہ دیا؟

جواب واپس جانے کا مشورہ دیا۔ (ابن ھشام ص ۶۱۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۲۱)

سوال:۴۸۸ اخنس بن شریق کے مشورہ کا لوگوں پر کیا اثر ہوا؟

جواب لوگوں نے اسکی بات نہیں مانی۔ (ابن ھشام ص ۶۱۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۲۱)

سوال:۴۸۹ اخنس بن شریق کا مشورہ لوگوں نے نہیں مانا تو اس نے کیا کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب بنوزہرہ کے لوگوں کو ساتھ لیکر واپس چلا گیا۔
(ابن ھشام ص۶۱۲ ج۱، الرحیق المختوم ص ۳۲۱)

سوال:۴۹۰ اللہ کے رسول ﷺ! اللہ تعالیٰ نے جو آپ ﷺ کو راہ دکھائی اس پر رواں دواں رہیے۔ ہم آپ کے ساتھ ہیں خدا کی قسم! ہم آپ سے وہ بات نہیں کہیں گے جو بنو اسرائیل نے حضرت موسیٰؑ سے کہی تھی کہ ﴿اذهب انت وربك فقاتلا انا ههنا قاعدون﴾ بلکہ ہم کہیں گے آپ اور آپ کے پروردگار چلیں اور لڑیں اور ہم بھی آپ کے ساتھ ساتھ لڑیں گے اس ذات کی قسم! اگر آپ ہم کو برک غماد تک لے چلیں گے تو ہم راستے والوں سے لڑتے بھڑتے آپ کے ساتھ وہاں بھی چلیں گے کہنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت مقداد بن عمروؓ (زاد المعاد ص ۵۷۷ ج۱)

سوال:۴۹۱ حضرت مقداد ابن عمروؓ نے مذکورہ بالا باتیں رسول اکرم ﷺ سے کس موقع پر کہا؟

جواب جب آپ ﷺ صحابہ کرامؓ سے غزوہ بدر کے متعلق مشورہ لے رہے تھے۔ (ابن ھشام ص ۶۰۸ ج۱، الرحیق المختوم ص ۳۱۴)

سوال:۴۹۲ غزوہ بدر کے متعلق رسول اکرم ﷺ انصار کی رائے معلوم کرنے کے خواہاں کیوں تھے؟

جواب کیونکہ وہی لشکر میں اکثریت رکھتے تھے اور معرکے کا اصل بوجھ انہیں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۴۹۳ اس صحابیِ رسول کا نام بتایئے جنھوں نے بدر کے موقع پر عرض کیا ہم تو آپ پر ایمان لائے ہیں آپ کی تصدیق کی ہے اور یہ گواہی دی ہے کہ آپ ﷺ جو کچھ لیکر آئے ہیں سب حق ہے اور اس پر ہم نے آپ ﷺ کو اپنی سمع وطاعت کا عہد و میثاق دیا ہے لہٰذا اے اللہ کے رسول ﷺ آپ کا جو ارادہ ہے اس کے لئے پیش قدمی فرمایئے اس ذات کی قسم! جس نے آپ ﷺ کو حق کے ساتھ مبعوث فرمایا ہے اگر آپ ﷺ ہمیں ساتھ لیکر سمندر میں کودنا چاہیں تو ہم اس میں بھی آپ ﷺ کے ساتھ کود پڑیں گے ہمارا ایک آدمی بھی پیچھے نہ رہے گا ہمیں قطعاً کوئی ہچکچاہٹ نہیں کہ کل آپ ﷺ ہمارے ساتھ دشمن سے ٹکرا جائیں ہم جنگ میں پامرد اور لڑنے میں جواں مرد ہیں اور ممکن ہے اللہ آپ ﷺ کو ہمارا وہ جوہر دکھائے جس سے آپ ﷺ کی آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں پس آپ ﷺ ہم کو ہمراہ لیکر چلیں اللہ برکت دے؟

جواب حضرت سعد بن معاذؓ انصاری (ابن ھشام ص ۶۰۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۲۴)

سوال:۴۹۴ غزوہ بدر کے موقع پر جاسوسی کاروائی کیلئے مہاجرین کے تین قائدین میں کون کون لوگ تھے؟

جواب حضرت علیؓ، حضرت زبیر بن عوامؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ۔

(الرحیق المختوم ص ۳۲۶، زاد المعاد ص ۵۷۷ ج ۱)

سوال:۴۹۵ آپ ﷺ آگے تشریف لے چلیں اور قریش کے سب سے قریب جو چشمہ ہو اس پر پڑاؤ ڈالیں پھر ہم بقیہ چشمے پاٹ دیں گے اور اپنے پاس حوض بنا کر پانی بھر لیں گے اس کے بعد ہم قریش سے جنگ کریں گے تو ہم پانی پیتے رہیں گے اور انہیں پانی نہ ملے گا۔ غزوہ بدر کے موقع پر نبی کریم ﷺ کو یہ مشورہ دینے والے صحابی کا نام بتایئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت حباب بن منذرؓ (ابن ہشام ص ۶۲۰ ج ۱، الرحیق المختوم ۳۲۸)

سوال: ۴۹۶ بدر میں رسول اکرم ﷺ کے حوض سے پانی پینے والے قریش کا انجام کیا ہوا؟

جواب حکیم بن حزام کے علاوہ تمام لوگوں کو اس جنگ میں مارا گیا۔

(ابن ھشام ص ۶۲۱ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۳۱)

سوال: ۴۹۷ خانہ کعبہ میں پیدا ہونے والے صحابی رسول کا نام بتائیے؟

جواب حضرت حکیم بن حزامؓ

(مسلم مع النووی کتاب البیوع باب ثبوت خیار المجلس للمتبایعین ص ۶ ج ۲)

سوال: ۴۹۸ "لا والذی نجانی من یوم بدر" قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھے بدر کے دن سے نجات دی کے ذریعہ پختہ قسم کھانے کا کس کا دستور تھا؟

جواب حضرت حکیم بن حزامؓ کا۔ (الرحیق المختوم ص ۳۳۱، ابن ھشام ص ۶۲۱ ج ۱)

سوال: ۴۹۹ قریش نے مدنی لشکر کا اندازہ لگانے کیلئے کس کو روانہ کیا؟

جواب عمیر بن وھب جمحی کو (الرحیق المختوم ص ۳۳۱، ابن ھشام ص ۶۲۱ ج ۱)

سوال: ۵۰۰ غزوہ بدر میں نبی کریم ﷺ نے ایک سرخ اونٹ پر ایک شخص کو دیکھ کر فرمایا، اگر قوم میں کسی کے پاس خیر ہے تو سرخ اونٹ والے کے پاس اگر لوگوں نے اس کی بات مانی تو صحیح راہ پائیں گے یہ ارشاد آپ ﷺ نے کس شخص کے متعلق فرمایا؟

جواب عتبہ بن ربیعہ کے متعلق (الرحیق المختوم ص ۳۳۱، ابن ھشام ص ۶۲۱ ج ۱)

سوال: ۵۰۱ غزوہ بدر کے موقع پر مسلمانوں کی صفوں کی درستگی کے دوران کیا عجیب واقعہ پیش آیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب آپ ﷺ کے دست مبارک میں ایک تیر تھا جس کے ذریعہ آپ ﷺ صفوں کو درست فرما رہے تھے کہ حضرت سواد بن غزیہؓ کے پیٹ پر جو صف سے کچھ آگے نکلے ہوئے تھے تیر کا دباؤ ڈالتے ہوئے فرمایا سواد برابر ہو جاؤ سوادؓ نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ آپ نے مجھے تکلیف پہونچائی ہے بدلہ دیجئے آپ ﷺ نے اپنا پیٹ کھول دیا اور فرمایا بدلہ لے لو سواد اس سے چمٹ گئے اور آپ ﷺ کے پیٹ کا بوسہ لینے لگے۔

(الرحیق المختوم ص ۳۳۴، ابن ھشام ص ۶۲۰ ج ۱)

سوال:۵۰۲ غزوہ بدر کا پہلا ایندھن کون تھا؟

جواب اسود بن عبدالاسد مخزومی (الرحیق المختوم ص ۳۳۵)

سوال:۵۰۳ اسود بن عبدالاسد کو قتل کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت حمزہؓ (فتح الباری ص ۳۹۰ ج ۷)

سوال:۵۰۴ عتبہ، شیبہ اور ولید کے دعوت مبارزت پر کون کون صحابہ کرامؓ پہلے آئے؟

جواب انصار کے تین جوان (۱) حضرت عوف (۲) حضرت معوذ (۳) حضرت عبداللہ بن رواحہ رضی اللہ عنہم

(الرحیق المختوم ص ۳۳۵، زاد المعاد ص ۵۷۸ ج ۱)

سوال:۵۰۵ انصار کے تینوں جوانوں کو عتبہ شیبہ اور ولید نے کیا جواب دیا؟

جواب آپ لوگ شریف اور مد مقابل ہیں لیکن ہمیں آپ سے سروکار نہیں ہم تو اپنے چچیرے بھائیوں کو چاہتے ہیں۔ (الرحیق المختوم ص ۳۳۵)

سوال:۵۰۶ مبارزت میں قریش کے قوم کی ہمسری کا مطالبہ کرنے پر کس کا کس سے مقابلہ ہوا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب (۱) حضرت عبیدہؓ کا عتبہ بن ربیعہ سے (۲) حضرت حمزہؓ کا شیبہ سے
(۳) حضرت علیؓ کا ولید سے
(فتح الباری ص ۳۷۸ ج ۷، ابن ھشام ص ۷۱۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۳۵)

سوال:۵۰۷ حضرت عبیدہؓ کا انتقال کہاں ہوا؟
جواب وادی صفراء سے گذرتے ہوئے (بخاری مع الفتح ۳۹۶۷)

سوال:۵۰۸ ﴿ھذان خصمان اختصموا فی ربھم﴾ کن لوگوں کے متعلق نازل ہوئی؟
جواب حضرت عبیدہؓ، حمزہؓ اور علی رضی اللہ عنھم کے متعلق نازل ہوئی۔
(بخاری مع الفتح ۳۹۶۷)

سوال:۵۰۹ جب بدر میں گھمسان کی جنگ شروع ہوگئی تو آپ ﷺ نے کیا دعاء فرمائی؟
جواب اللھم ان تھلک ھذہ العصابة من اھل الا سلام الیوم لاتعبد فی الارض ابدا۔ (فتح الباری ص ۳۶۶ ج ۷)

سوال:۵۱۰ اے اللہ کے رسول ﷺ بس فرمایئے آپ ﷺ نے اپنے رب سے بڑے الحاح کے ساتھ دعاء فرمائی، عرض کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟
جواب حضرت ابوبکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۵۳)

سوال:۵۱۱ غزوہ بدر کے موقع پر شہید ہونے والے اس صحابی کا نام بتایئے جو اپنے توشہ دان سے کھجور نکال کر کھانے لگے پھر بولے اگر میں کھجور کھانے تک زندہ رہا تو یہ لمبی زندگی ہو جائے گی چنانچہ کھجور پھینک کر لڑتے لڑتے شہید ہو گئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عمیر بن حمامؓ (زادالمعاد ص ۸۰ ج ۲)

سوال: ۵۱۲ غزوہ بدر میں نزول ملائکہ کی دلیل کیا ہے؟

جواب ایک انصاری صحابی حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کو قید کر کے لائے تو حضرت عباسؓ کہنے لگے واللہ! مجھے اس نے قید نہیں کیا ہے مجھے تو ایک بے بال کے سر والے آدمی نے قید کیا ہے جو نہایت خوبرو تھا اور ایک چتکبرے گھوڑے پر سوار تھا اب میں اسے لوگوں میں نہیں دیکھ رہا ہوں انصاری صحابی نے کہا اے اللہ کے رسول ﷺ انہیں میں نے قید کیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا خاموش رہو اللہ نے ایک ہزار فرشتے سے تمہاری مدد فرمائی؟ (زادالمعاد ص ۸۰ ج ۱)

سوال: ۵۱۳ ابوجہل کو قتل کرنے والے صحابہ کرام کا نام کیا ہے؟

جواب حضرت معاذ بن عمروؓ معوذ بن عفراءؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۶۲)

سوال: ۵۱۴ ابوجہل کا سامان کس کو دیا گیا؟

جواب معاذ بن عمرو بن جموحؓ کو (فتح الباری ص ۳۷۲ ج ۷)

سوال: ۵۱۵ معوذ بن عفراءؓ کس غزوہ میں شہید ہوئے؟

جواب غزوہ بدر میں (فتح الباری ص ۳۷۶ ج ۷)

سوال: ۵۱۶ ابوجہل کا نام کیا تھا؟

جواب عمرو بن ھشام (تحفۃ الاحوذی ص ۱۱۷ ج ۱۰)

سوال: ۵۱۷ نبی کریم ﷺ کے فرمان کے مطابق اس امت کا فرعون کون ہے؟

جواب ابوجہل (زادالمعاد ص ۸۱ ج ۱۔ سیرۃ الرسول ص ۱۱۵۔ الرحیق المختوم ص ۳۴۳)

سوال: ۵۱۸ ابوجہل کو اپنے قتل کیے جانے کے وقت کس چیز کا افسوس تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب کاش مجھے کسانوں کے بجائے کسی اور نے قتل کیا ہوتا۔

(بخاری مع الفتح ۴۰۲۰)

سوال:۵۱۹ ابو جہل کا سر کاٹ کر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پیش کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عبداللہ بن مسعودؓ (زاد المعاد ص ۱۸۵ ج ۱)

سوال:۵۲۰ غزوہ بدر کے موقع پر کن کن لوگوں کو قتل کرنے سے منع کیا گیا تھا؟

جواب بنو ہاشم، ابو البختری بن ھشام، عباس بن عبد المطلب.

(ابن ھشام ص ۶۲۳ ج ۱)

سوال:۵۲۱ کیا ہم اپنے باپ، بیٹے، بھائیوں اور قبیلے کے لوگوں کو قتل کریں گے اور عباس کو چھوڑ دیں گے خدا کی قسم اگر اس سے میری مڈبھیڑ ہوگئی تو میں اسے تلوار کی لگام بنا دوں گا. غزوہ بدر میں کہنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب عتبہ کے صاحبزادے حضرت ابو حذیفہؓ.

(ابن ھشام ص ۶۲۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۸۵)

سوال:۵۲۲ حضرت ابو حذیفہؓ کس جنگ میں شہید کئے گئے؟

جواب جنگ یمامہ میں (ابن ھشام ص ۶۲۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۸۵)

سوال:۵۲۳ آپ ﷺ نے ابو البختری کو قتل کرنے سے کیوں منع کیا تھا؟

جواب مکہ میں یہ شخص آپ ﷺ کو کسی بھی قسم کی تکلیف پہونچانے سے گریز کرتا تھا اور یہ ان لوگوں میں سے تھا جن لوگوں نے بنی ہاشم اور بنی مطلب کے بائیکاٹ کا صحیفہ چاک کیا تھا۔

(ابن ھشام ص ۶۲۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۸۵)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۲۴ ابوالبختری کو کس نے قتل کیا؟

جواب مجذر نے (ابن ھشام ص ۷۲۵ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۴۷)

سوال:۵۲۵ امیہ بن خلف اور اس کا بیٹا کس غزوہ میں مارے گئے؟

جواب بدر میں (ابن ھشام ص ۳۲۷ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۴۷)

سوال:۵۲۶ اس صحابی کا نام بتایئے غزوہ بدر میں جن کی تلوار ٹوٹ جانے پر نبی کریم ﷺ نے لکڑی کا ایک پھٹا تھمادیا تو وہ تلوار بن گئی؟

جواب حضرت عُکّاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ (زاد المعاد ص ۵۸۱ ج ۱۔ سیرۃ لابن ہشام ص ۷۳۱ ج ۱)

سوال:۵۲۷ حضرت عُکّاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام کیا تھا؟

جواب عون (ابن ھشام ص ۷۳۱ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۴۸)

سوال:۵۲۸ حضرت عُکّاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کی فضلیت بتایئے؟

جواب جنت میں بغیر حساب و کتاب کے ستر ہزار لوگ جو داخل ہوں گے ان میں عُکّاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ بھی ہیں. (بخاری کتاب الطب الرقم ۵۷۰۵)

سوال:۵۲۹ حضرت عُکّاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کس جنگ میں شہید کئے گئے؟

جواب دور صدیقی میں مرتدین کے خلاف جنگ کرتے ہوئے.

(زاد المعاد ص ۵۸۱ ج ۱)

سوال:۵۳۰ حضرت عُکّاشہ بن محصن رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے والے کا نام بتایئے؟

جواب طلیحہ بن خویلد الاسدی (ابن ھشام ج ۱ ص ۷۳۱)

سوال:۵۳۱ اس صحابیٔ رسول کا نام بتایئے جس نے ابوعزیز عبدری کے ہاتھ باندھتے ہوئے دیکھ کر انصاری صحابی سے فرمایا اپنے ہاتھ مضبوط کرو اس کی ماں بڑی مالدار ہے وہ غالباً تمہیں اچھا فدیہ دے گی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت مصعب بن عمیر عبدریؓ

(سیرۃ لابن ہشام ص ۷۴۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۴۸)

سوال: ۵۳۲ غزوہ بدر میں شہید ہونے والے صحابہ کرام کی تعداد کتنی ہے؟

جواب ۱۴ (سیرۃ الرسول ص ۱۱۶۔ رحمۃ للعالمین ص ۱۴۷ ج ۲)

سوال: ۵۳۳ غزوہ بدر میں شہید ہونے والے مہاجرین کی تعداد کتنی ہے؟

جواب ۶ (الرحیق المختوم ص ۳۴۹)

سوال: ۵۳۴ غزوہ بدر میں شہید ہونے والے انصار کی تعداد کتنی ہے؟

جواب ۸ (الرحیق المختوم ص ۳۴۹)

سوال: ۵۳۵ غزوہ بدر میں کفار مقتولین کی تعداد کتنی ہے؟

جواب ۷۰ (ابن ھشام ص ۸۲۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۴۹)

سوال: ۵۳۶ غزوہ بدر میں کتنے کفار قید کیے گئے؟

جواب ۷۰ (ابن ھشام ص ۸۲۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۴۹)

سوال: ۵۳۷ غزوہ بدر کے موقع پر جب نبی کریم ﷺ نے کنویں کی بار پر کھڑے ہو کر پکارنا شروع کیا اے فلاں..... کیا تم کو یہ بات خوش آتی ہے کہ تم نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی؟ کیونکہ ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا تھا اسے ہم نے برحق پایا تو کیا تم سے جو تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا اسے تم نے برحق پایا؟ تو صحابی رسول نے عرض کیا یارسول اللہ آپ ایسے جسموں سے کیا باتیں کرتے ہیں جن میں روح ہی نہیں ہے؟ رسول اکرم ﷺ سے عرض کرنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت عمرؓ (بخاری مع الفتح ۳۹۷۶)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۳۸ آپ ﷺ ایسے جسموں سے باتیں کر رہے ہیں جن میں روح ہی نہیں ہے حضرت عمرؓ کے سوال کرنے پر آپ ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب آپ ﷺ نے فرمایا میں جو کچھ کہہ رہا ہوں اسے تم لوگ ان سے زیادہ نہیں سن سکتے. (بخاری مع الفتح ۳۹۷۶)

سوال:۵۳۹ قریش کی شکست کی خبر سب سے پہلے مکہ لیکر کون آیا؟

جواب حیسمان بن عبداللہ خزاعی (ابن ھشام ص ۶۴۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۰)

سوال:۵۴۰ مکہ میں قریش کی شکست کی خبر سنانے والے کے متعلق یہ کہنے والے کا نام بتایئے؟ اگر یہ ہوش میں ہے تو اس سے میرے متعلق پوچھو؟

جواب صفوان بن امیہ (ابن ھشام ص ۶۴۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۰)

سوال:۵۴۱ نبی کریم ﷺ نے حضرت رقیہؓ کی تیمارداری کیلئے حضرت عثمانؓ کے ساتھ جن صحابی کو چھوڑا تھا انکا نام بتایئے؟

جواب حضرت اسامہ بن زیدؓ (ابن ھشام ص ۶۴۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۰)

سوال:۵۴۲ ابولہب کی وفات کب ہوئی؟

جواب غزوہ بدر کے سات روز بعد (ابن ھشام ص ۶۴۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۰)

سوال:۵۴۳ ابولہب کی وفات کا سبب کیا تھا؟

جواب عدسہ طاعون کی ایک قسم کی بیماری.

(ابن ھشام ص ۶۴۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۰)

سوال:۵۴۴ ابولہب مرنے کے بعد کتنے دنوں تک بے گور و کفن پڑا رہا؟

جواب ۳/دن تک (ابن ھشام ص ۶۴۳ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۰)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۴۵ تین روز کے بعد ابولہب کی لاش کے ساتھ اس کے بیٹوں نے کیا سلوک کیا؟

جواب ایک گڈھا کھود کر اس میں لکڑی سے اس کی لاش ڈھکیل کر دور ہی سے پتھر پھینک کر چھپا دیا۔ (الرحیق المختوم ص۳۵۲)

سوال:۵۴۶ رسول اکرم ﷺ نے غزوہ بدر کی فتح کی خوشخبری سنانے کیلئے عوالی میں کس کو بھیجا؟

جواب حضرت عبداللہ بن رواحہ کو. (ابن ھشام ص۶۴۰ ج۱، الرحیق المختوم ص۳۵۳)

سوال:۵۴۷ رسول اکرم ﷺ نے غزوہ بدر کی فتح کی خوشخبری سنانے کیلئے زیریں (مدینہ کے نشیبی حصہ) میں کس کو بھیجا؟

جواب حضرت زید بن حارثہؓ کو (ابن ھشام ص۶۴۰ ج۱، الرحیق المختوم ص۳۵۳)

سوال:۵۴۸ حضرت زید بن حارثہؓ فتح کی خوشخبری سنانے کیلئے کس اونٹنی پر تشریف لے گئے تھے؟

جواب قصواء (الرحیق المختوم ص۳۵۳)

سوال:۵۴۹ ﴿یسئلونك عن الانفال قل الانفال لله﴾ (الانفال:۱) کب نازل ہوئی؟

جواب جب بدر میں مال غنیمت کے تعلق سے اختلاف رونما ہو پڑا۔ (الرحیق المختوم ص۳۵۳)

سوال:۵۵۰ بدر کے قیدی اور مال غنیمت کی نگرانی کس کے سپرد کی گئی تھی؟

جواب حضرت عبداللہ بن کعب کے سپرد (الرحیق المختوم ص۳۵۵)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۵۱ بدر کا مال غنیمت کہاں تقسیم کیا گیا؟

جواب وادی صفراء اور نازیہ کے درمیان ایک ٹیلے پر (الرحیق المختوم ص ۳۵۵)

سوال:۵۵۲ نضر بن حارث کو آپ ﷺ نے کہاں قتل کرنے کا حکم دیا؟

جواب وادی صفراء میں (ابن ھشام ص ۶۴۱ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۵)

سوال:۵۵۳ نضر بن حارث کے قاتل کا نام کیا ہے؟

جواب حضرت علیؓ (ابن ھشام ص ۶۴۱ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۵)

سوال:۵۵۴ عتبہ بن ابی مُعَیط کو آپ ﷺ نے قتل کرنے کا کہاں حکم دیا؟

جواب عرق الظبیہ میں (ابن ھشام ص ۶۴۱ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۵)

سوال:۵۵۵ ''یا رسول اللہ ﷺ یہ لوگ چچیرے بھائی اور قبیلے کے لوگ ہیں میری رائے ہے آپ ان سے فدیہ لے لیں اس طرح جو کچھ ہم لیں گے وہ کفار کے خلاف ہماری قوت کا ذریعہ ہوگا اور یہ بھی متوقع ہے اللہ انہیں ہدایت دیدے اور وہ ہمارے بازو بن جائیں'' یہ رائے بدر کے قیدیوں کے متعلق دینے والے کا نام بتائیے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (سیرۃ الرسول ص ۱۱۷، الرحیق المختوم ص ۳۵۷)

سوال:۵۵۶ ''واللہ میری یہ رائے نہیں ہے جو ابوبکرؓ کی رائے ہے میری رائے یہ ہے آپ ﷺ ان کو میرے حوالے کریں اور میں اسکی گردن ماردوں.... یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کو معلوم ہو جائے ہمارے دلوں میں مشرکین کے لئے نرم گوشہ نہیں ہے'' یہ رائے بدر کے قیدیوں کے متعلق دینے والے کا نام بتائیے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عمرؓ (سیرۃ الرسول ص ۱۱۷، الرحیق المختوم ص ۳۵۷)

سوال:۵۵۷ غزوہ بدر کے قیدیوں کے متعلق بطور فدیہ دراھم کی مقدار کیا تھی؟

جواب چار ہزار اور تین ہزار درھم سے لیکر ایک ہزار درھم تک.

(الرحیق المختوم ص ۳۵۸)

سوال:۵۵۸ قیدیوں کے پاس دراھم نہ ہونیکی صورت میں نبی کریم ﷺ نے کیا فدیہ مقرر کیا؟

جواب مدینہ کے دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں۔

(ابن ھشام ص ۷۵۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۸)

سوال:۵۵۹ مطلب بن حنطب، صیفی بن ابی رفاعہ، ابوعزہ کے ساتھ فدیہ کے تعلق سے کیا سلوک کیا گیا؟

جواب بغیر فدیہ رہا کر دیا گیا۔ (ابن ھشام ص ۷۵۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۸)

سوال:۵۶۰ آپ ﷺ کے داماد ابوالعاص کو کس شرط پر رہا کیا گیا؟

جواب اس شرط پر رہا کیا گیا کہ وہ حضرت زینبؓ کی راہ نہ روکیں گے.

(ابن ھشام ص ۷۵۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۸)

سوال:۵۶۱ اے اللہ کے رسول اس کے اگلے دو دانت تڑوا دیجئے اس کی زبان لپٹ جایا کریگی اور وہ کسی جگہ خطیب بن کر آپ کے خلاف کبھی کھڑا نہ ہو سکے گا؟ یہ رائے حضرت عمرؓ نے کس کے متعلق دیا تھا؟

جواب سہیل بن عمرو کے متعلق (ابن ھشام ص ۷۵۹ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۵۸)

سوال:۵۶۲ روزہ کب فرض کیا گیا؟

جواب ۲ ھ میں (فتح الباری ص ۳۰۹ ج ۴)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۶۳ صدقہ فطر کب فرض کیا گیا؟

جواب ۲ھ میں (تحفۃ الاحوذی ص۳۷۸ج۳)

سوال:۵۶۴ پہلی عید الفطر کب منائی گئی؟

جواب ۲ھ میں (مرعاۃ المفاتیح ص۲۱ج۵،باب صلاۃ العیدین)

سوال:۵۶۵ غزوہ بدر کے متعلق تبصرہ کس سورہ میں کیا گیا ہے؟

جواب سورہ انفال میں (الرحیق المختوم ص۳۹۰)

سوال:۵۶۶ غزوہ بنی سلیم بدر سے واپسی کے کتنے دنوں بعد پیش آیا؟

جواب ۷/دن بعد (ابن ھشام ص۲۱ج۲،الرحیق المختوم ص۳۶۵)

سوال:۵۶۷ غزوہ بنی سلیم میں نبی کریم ﷺ نے کتنے سواروں کے ساتھ دھاوا بول دیا؟

جواب دوسو(۲۰۰)سواروں کے ساتھ۔ (الرحیق المختوم ص۳۶۵)

سوال:۵۶۸ بنوسلیم کے لوگ کتنے اونٹ چھوڑ کر بھاگ گئے؟

جواب ۵۰۰/اونٹ (الرحیق المختوم ص۳۶۵)

سوال:۵۶۹ غزوہ بنوسلیم میں مسلمانوں کو ہاتھ آنے والے غلام کا نام کیا ہے؟

جواب یسار (الرحیق المختوم ص۳۶۵)

سوال:۵۷۰ ''تم اور صفوان حطیم میں بیٹھے اسکے قریش کے جو مقتولین کنوئیں میں پھینکے گئے ہیں ان کا تذکرہ کیا اور پھر تم نے کہا اگر مجھ پر قرض نہ ہوتا اور میرے اھل وعیال نہ ہوتے تو میں یہاں سے جاتا اور محمد (ﷺ) کو قتل کر دیتا اس پر صفوان نے تمہارے قرض اور اھل وعیال کی ذمہ داری لی بشرطیکہ تم مجھے قتل کردو لیکن یاد رکھو! اللہ میرے اور تمہارے درمیان حائل

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عمیرؓ سے (ابن ھشام ص۳۰۲ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۳۶۷)

سوال: ۵۷۱ حضرت عمیرؓ کے ایمان لانے کا سبب کیا ہے؟

جواب نبی کریم ﷺ نے جب اس سے صفوان اور اس کے درمیان کی مخفی باتوں کا تذکرہ کیا تو اسے یقین ہو گیا یہ بات اللہ کے علاوہ کسی اور نے آپ ﷺ تک نہیں پہونچائی ہے۔ (الرحیق المختوم ص ۳۶۷)

سوال: ۵۷۲ غزوہ سویق کب واقع ہوا؟

جواب ۲ ھ میں (زاد المعاد ص۵۸۳ ج۱)

سوال: ۵۷۳ غزوہ سویق کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

جواب سویق عربی زبان میں ستو کو کہتے ہیں ابوسفیان اور اس کے ساتھیوں نے بوجھ ہلکا کرنے کیلئے ستو تو شے اور بہت سارا سامان پھینک دیا تھا جو مسلمانوں کے ہاتھ لگا۔ (زاد المعاد ص۵۸۳ ج۱)

سوال: ۵۷۴ غزوہ سویق میں ابوسفیان کتنے سواروں کو لیکر نکلا؟

جواب دوسو (۲۰۰) سواروں کو (زاد المعاد ص۵۸۳ ج۱)

سوال: ۵۷۵ غزوہ سویق کے موقع پر ابوسفیان نے مدینہ کے اطراف میں کہاں حملہ کیا؟

جواب عریض نامی مقام پر (الرحیق المختوم ص ۳۷۵)

سوال: ۵۷۶ غزوہ سویق کے موقع پر رسول اکرم ﷺ کہاں تک تعاقب کرکے واپس ہٹے؟

جواب کرکرۃ الکدر تک (ابن ھشام ص۴۲ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۳۷۵)

سوال: ۵۷۷ غزوہ سویق کے دوران مدینہ کا منتظم کون تھے؟

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



جواب — حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر رضی اللہ عنہ۔ (ابن ھشام ص ۲۲ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۳۷۵)

سوال:۵۷۸ — حضرت ابولبابہ کا نام کیا تھا؟

جواب — بشیر بن عبدالمنذر رضی اللہ عنہ (ابن ھشام ص ۲۲ ج ۲)

سوال:۵۷۹ — غزوہ ذی امر کب واقع ہوا؟

جواب — ۳ھ میں (رحمۃ للعالمین ص ۱۸۶ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۳۷۵)

سوال:۵۸۰ — غزوہ ذی امر کا سبب کیا تھا؟

جواب — اسکا سبب یہ تھا کہ مدینہ کے شعبۂ اطلاع نے رسول اکرم ﷺ کو یہ اطلاع فراہم کی کہ بنوثعلبہ اور محارب کی بہت بڑی جمعیت مدینہ پر چھاپہ مارنے کیلئے اکٹھی ہورہی ہے یہ اطلاع ملتے ہی رسول اکرم ﷺ نے مسلمانوں کو تیاری کا حکم دیا۔ (الرحیق المختوم ص ۳۷۶)

سوال:۵۸۱ — غزوہ ذی امر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب — ساڑھے چار سو (رحمۃ للعالمین ص ۱۸۶ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۳۷۶)

سوال:۵۸۲ — راستہ میں صحابہ نے کس شخص کو گرفتار کرلیا؟

جواب — بنوثعلبہ کے جبار نامی شخص کو۔ (الرحیق المختوم ص ۳۷۶)

سوال:۵۸۳ — اس شخص کا نام بتائیے جو یہودیوں سے تھا اسکا تعلق بنونبھان سے تھا اور اسکی ماں بنی نضر سے تھی اور اسے اسلام اور مسلمانوں سے نہایت سخت عداوت اور جلن تھی یہ نبی ﷺ کو تکلیف پہونچاتا تھا اور آپ ﷺ کے خلاف جنگ کی کھلم کھلا دعوت دیتا تھا؟

جواب — کعب بن اشرف (فتح الباری ص ۴۲۸ ج ۷)

سوال:۵۸۴ — مکہ کے قریش میں سے کعب بن اشرف کے میزبان کا نام بتائیے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب مطلب بن ابو وداعہ سہمی (الرحیق المختوم ص ۳۷۷)

سوال:۵۸۵ جب مکہ میں ابوسفیان اور مشرکین نے کعب بن اشرف سے دریافت کیا کہ ہمارا دین تمہارے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے یا محمد ﷺ اور اسکے ساتھیوں کا؟ اور دونوں میں سے کون سا فریق زیادہ ہدایت یافتہ ہے، کعب بن اشرف نے کہا تم لوگ زیادہ ہدایت یافتہ اور افضل ہو تو اس موقع پر کون سی آیت نازل ہوئی؟

جواب الم ترالی الذین اوتوانصیبامن الکتاب

(نساء ۱۵۱) (الرحیق المختوم ص ۳۷۷)

سوال:۵۸۶ جب رسول اکرم ﷺ نے فرمایا کون ہے جو کعب بن اشرف سے نمٹے کیونکہ اسی نے اللہ اور اسکے رسول کو اذیت دی ہے اسکے جواب میں خدمات پیش کرنے والے صحابہ کرامؓ کے اسماء کیا ہیں؟

جواب محمد بن مسلمہؓ، عبّاد بن بشرؓ، حارث بن اوسؓ، ابو عبس بن جبرؓ، ابونائلہؓ (بخاری مع الفتح ۴۰۳۷)

سوال:۵۸۷ ابونائلہؓ کا نام کیا ہے؟

جواب سلکان بن سلامہؓ (زادالمعاد ص ۵۸۴ ج ۱، فتح الباری ص ۳۴۰ ج ۷)

سوال:۵۸۸ کعب بن اشرف کو قتل کرنے والی کمپنی کے کمانڈر کا نام کیا ہے؟

جواب حضرت محمد بن مسلمہؓ (الرحیق المختوم ص ۳۷۸)

سوال:۵۸۹ کعب بن اشرف کو قتل کرنے والے دستہ میں اسکے رضاعی بھائی کا نام کیا ہے؟

جواب ابونائلہؓ (بخاری مع الفتح ۴۰۳۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۹۰ کعب بن اشرف کو قتل کرنے والے دستہ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں کب پہونچا؟

جواب ۱۴/ربیع الاول ۳ھ کو (الرحیق المختوم ص ۳۸۰)

سوال:۵۹۱ نبی کریم ﷺ نے دستہ کی مشایعت کہاں تک فرمائی؟

جواب بقیع غرقد تک (فتح الباری ص ۴۲۹ ج ۷)

سوال:۵۹۲ کعب بن اشرف کے قلعہ کے دامن میں پہونچکر اسکو آواز دینے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب ابونائلہؓ (بخاری مع الفتح ۴۰۳۷)

سوال:۵۹۳ ابونائلہؓ کی آواز سنکر جب کعب بن اشرف باہر آنے کیلئے اٹھا تو اسکی بیوی نے کیا کیا؟

جواب اسنے کہا اسوقت کہاں جارہے ہو میں ایسی آواز سن رہی ہوں گویا جس سے خون ٹپک رہا ہے۔ (بخاری مع الفتح ۴۰۳۷)

سوال:۵۹۴ ابونائلہؓ نے اپنے ساتھیوں سے کعب بن اشرف کو قتل کرنے کیلئے کیا کہا تھا؟

جواب جب وہ آجائیگا تو میں اسکے بال پکڑلونگا جب تم دیکھنا کہ میں نے اس کا سر پکڑ کر اسے قابو میں کرلیا ہے تو اسپر پل پڑنا اور اسے مار ڈالنا۔ (بخاری مع الفتح ۴۰۳۷)

سوال:۵۹۵ کعب بن اشرف کے سر میں ہاتھ ڈال کر اچھی طرح پکڑنے کے بعد ابونائلہؓ کیا بولے؟

جواب لے لو اللہ کے اس دشمن کو (الرحیق المختوم ص ۳۸۱)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۵۹۶ کعب بن اشرف کو قتل کرنے کیلئے محمد بن مسلمہؓ نے کیا طریقہ اختیار کیا؟

جواب محمد بن مسلمہؓ نے اپنی تلوار لی اور اسکے سر پر لگا کر چڑھ بیٹھے تلوار آر پار ہوگئی اور اللہ کا یہ دشمن وہیں ڈھیر ہوگیا۔ (الرحیق المختوم ص ۳۸۱)

سوال:۵۹۷ کعب بن اشرف پر حملہ کے دوران اپنے ساتھیوں کے تلوار کی نوک سے زخمی ہونے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حارث بن اوسؓ. (فتح الباری ص ۴۳۱ ج ۷، زاد المعاد ص ۵۸۴ ج ۱)

سوال:۵۹۸ کعب بن اشرف کو قتل کرنے کے بعد صحابہ کرامؓ نے کس جگہ پہونچ کر نعرہ لگایا؟

جواب بقیع غرقد پہونچ کر۔ (فتح الباری ص ۴۳۱ ج ۷)

سوال:۵۹۹ حارث بن اوسؓ کے زخم پر آپ ﷺ نے کیا چیز لگایا؟

جواب لعاب دھن (فتح الباری ص ۴۳۱ ج ۷، زاد المعاد ص ۵۸۴ ج ۱)

سوال:۶۰۰ غزوہ بحران کب واقع ہوا؟

جواب ربیع الآخر ۳ھ میں (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۰۱ غزوہ بحران میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۳۰۰ (الرحیق المختوم ص ۳۸۱)

سوال:۶۰۲ سریہ زید بن حارثہؓ کب واقع ہوا؟

جواب جمادی الآخرہ ۳ھ میں (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۰۳ شام کے سفر کیلئے ساحل کا راستہ چھوڑ کر عراق کا راستہ اختیار کرنے کیلئے صفوان بن امیہ کو مشورہ دینے والے کا نام بتایئے؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب اسود بن عبد المطلب (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۰۴ شام کے سفر کیلئے عراق کے راستہ سے قافلہ کا قائد کون تھا؟

جواب صفوان بن امیہ (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۰۵ شام کے سفر کیلئے عراق کے راستہ سے قافلہ کا رہنما کون تھا؟

جواب فرات بن حیان (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۰۶ عراق کے راستہ سے شام کے سفر کیلئے جانے والے قافلہ کی خبر رسول اکرم ﷺ تک کیسے پہنچ گئی؟

جواب حرمت شراب سے قبل بادہ نوشی کی ایک مجلس میں سلیطؓ بن نعمان جو مسلمان ہو چکے تھے نعیم بن مسعود کے ساتھ جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے جمع ہوئے جب نعیم پر نشہ کا غلبہ ہوا تو انھوں نے قافلہ کی پوری تفصیل بیان کر ڈالی سلیط پوری برق رفتاری کے ساتھ خدمت نبوی ﷺ میں حاضر ہو کر ساری تفصیل کہہ سنائی. (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۰۷ زید بن حارثہؓ نے قریش کے قافلہ پر کس مقام پر حملہ کیا؟

جواب فروہ نامی چشمہ پر (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۰۸ سریہ زید بن حارثہؓ میں مسلمانوں نے کس کو گرفتار کر لیا؟

جواب قافلہ کے رہنما فرات بن حیان کو (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۰۹ سریہ زید بن حارثہؓ میں مسلمانوں کو بطور غنیمت کیا حاصل ہوا؟

جواب ظروف اور چاندی کی بہت بڑی مقدار جسکا اندازہ تقریباً ایک لاکھ درہم تھا. (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۱۰ فرات بن حیان نے کس موقع پر اسلام قبول کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب سریہ زید بن حارثہؓ کے موقع پر۔ (الرحیق المختوم ص ۳۸۲)

سوال:۶۱۱ غزوہ احد کب واقع ہوا؟

جواب ۳ھ میں (زاد المعاد ص ۵۸۵ ج ۱، فتح الباری ص ۴۳۹ ج ۷)

سوال:۶۱۲ ابوسفیان نے غزوہ احد کیلئے اشعار کے ذریعہ مشرکین کے قبائل کو بھڑکانے کیلئے کن کو آمادہ کیا؟

جواب ابوعزہ اور مسافع بن عبد مناف جمحی کو (ابن ھشام ص ۴۲ ج ۲)

سوال:۶۱۳ غزوہ احد میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۷۰۰ (زاد المعاد ص ۵۸۵ ج ۲، فتح الباری ص ۴۳۹ ج ۷)

سوال:۶۱۴ غزوہ احد میں مشرکین کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۳۰۰۰ (فتح الباری ص ۴۳۹ ج ۷، زاد المعاد ص ۵۸۵ ج ۲)

سوال:۶۱۵ غزوہ احد میں مشرکین کی کتنی عورتیں شریک تھیں؟

جواب ۱۵ (فتح الباری ص ۴۴۴ ج ۷)

سوال:۶۱۶ غزوہ احد میں مشرکین کے پورے لشکر کا سپہ سالار کون تھا؟

جواب ابوسفیان (فتح الباری ص ۴۴۶ ج ۷)

سوال:۶۱۷ غزوہ احد میں مکی لشکر کے میمنہ کی کمان کس کے سپرد کی گئی؟

جواب خالد بن ولید (مختصر سیرۃ الرسول ص ۱۲۰)

سوال:۶۱۸ غزوہ احد میں مشرکین کے رسالے کی میسرہ کی کمان کس کے سپرد کی گئی؟

جواب عکرمہ بن ابی جہل (الرحیق المختوم ص ۳۹۸)

سوال:۶۱۹ غزوہ احد میں مشرکین کا علم بردار کون تھا؟

جواب طلحہ بن عثمان (فتح الباری ص ۴۳۹ ج ۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۶۲۰ مدینہ میں قریش کی ساری نقل وحرکت اور جنگی تیاریوں کا چابکدستی اور گہرائی سے مطالعہ کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عباسؓ (الرحیق المختوم ص ۳۸۷)

سوال:۶۲۱ حضرت عباسؓ کا قاصد نبی کریم ﷺ کے پاس خط لیکر پہونچا تو آپ ﷺ اس وقت کہاں تھے؟

جواب مسجد قباء میں (الرحیق المختوم ص ۳۸۸)

سوال:۶۲۲ احد کے موقع پر نبی کریم ﷺ کو حضرت عباسؓ کا خط پڑھ کر سنانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب ابی بن کعبؓ (الرحیق المختوم ص ۳۸۸)

سوال:۶۲۳ غزوہ احد کے موقع پر مکی لشکر جب ابوا پہنچا تو ابوسفیان کی بیوی ہند بنت عتبہ نے کیا تجویز پیش کی؟

جواب نبی کریم ﷺ کی ماں کی قبر اکھیڑ دی جائے۔ (الرحیق المختوم ص ۳۸۸)

سوال:۶۲۴ احد کے موقع پر مکی لشکر نے اپنا پڑاو کہاں ڈالا؟

جواب عُینین نامی مقام پر (ابن ھشام ص ۶۳ ج ۲)

سوال:۶۲۵ غزوہ احد کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے جو خواب دیکھا تھا اس کو بیان کیجئے؟

جواب آپ ﷺ نے دیکھا کہ گائے ذبح کی جارہی ہیں اور آپ ﷺ کی تلوار کے سرے پر کچھ شکستگی ہے اور آپ ﷺ نے اپنا داہنا ہاتھ ایک محفوظ زرہ میں داخل کیا ہے۔ (ابن ھشام ص ۶۳ ج ۲۔ مختصر سیرة الرسول ص ۱۱۹)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:٦٢٦ نبی کریم ﷺ نے غزوہ احد کے موقع پر اپنے دیکھے ہوئے خواب کی کیا تعبیر بتلائی؟

جواب آپ نے گائے ذبح کئے جانے کی تعبیر یہ بتلائی کہ کچھ صحابۂ کرام ؓ قتل کئے جائیں گے تلوار میں شکستگی کی تعبیر یہ بتلائی کہ آپ ﷺ کے گھر کا کوئی آدمی شہید کیا جائے گا اور محفوظ زرہ کی یہ تعبیر بتلائی کہ اس سے مراد شہر مدینہ ہے۔ (ابن ہشام ص ۶۳ ج ۲۔ مختصر سیرۃ الرسول ص ۱۱۹)

سوال:٦٢٧ ''اس ذات کی قسم جس نے آپ ﷺ پر کتاب نازل کی ہے میں کوئی غذا نہ چکھونگا یہاں تک کہ مدینہ سے باہر اپنی تلوار کے ذریعہ ان سے دو دو ہاتھ کرلوں'' غزوہ احد کے موقع پر نبی کریم ﷺ سے عرض کرنے والے صحابی کا نام بتائے؟

جواب حضرت حمزہ ؓ (الرحیق المختوم ص ۳۹۰)

سوال:٦٢٨ غزوہ احد کے موقع پر بعد نماز عصر جب نبی کریم ﷺ عمامہ باندھے ہوئے لباس اور اوپر نیچے دو زرہیں پہنے ہوئے تلوار اور ہتھیار سے مزین ہوکر جب صحابہ کرام کے سامنے تشریف لائے تو ان لوگوں نے کیا عرض کیا؟

جواب یا رسول اللہ ﷺ ہمیں آپ ﷺ کی مخالفت نہیں کرنی چاہئے تھی آپ ﷺ کو جو پسند ہو وہی کیجئے اگر آپ ﷺ کو پسند ہو کہ آپ ﷺ مدینہ میں رہیں تو یہی کیجئے۔ (ابن ھشام ص ۶۴ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۳۹۱)

سوال:٦٢٩ یارسول اللہ! ہمیں آپ ﷺ کی مخالفت نہیں کرنی چاہئے تھی... صحابہ کرام ؓ کے کہنے پر رسول اکرم ﷺ نے کیا جواب دیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب آپ ﷺ نے فرمایا کوئی نبی جب اپنا ہتھیار پہن لے تو مناسب نہیں کہ اسے اتارے تا آنکہ اللہ تعالیٰ اس کے درمیان اور اس کے دشمن کے درمیان فیصلہ فرمادے۔

(ابن ہشام ص ۶۳ ج ۲، فتح الباری ص ۳۴۹ ج ۷، الرحیق المختوم ص ۳۹۱)

سوال: ۶۳۰ غزوہ احد کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے اسلامی لشکر کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا؟

جواب تین حصوں میں (الرحیق المختوم ص ۳۹۱)

سوال: ۶۳۱ رسول اکرم ﷺ نے غزوہ احد میں مہاجرین کا پرچم کس کو عطا کیا؟

جواب مصعب بن عمیر عبدریؓ کو

(ابن ھشام ص ۶۷ ج ۲، فتح الباری ص ۳۴۹ ج ۷، الرحیق المختوم ص ۳۹۱)

سوال: ۶۳۲ رسول اکرم ﷺ نے قبیلہ اوس کا پرچم کس کو عطا کیا؟

جواب اُسید بن حُضیرؓ کو (الرحیق المختوم ص ۳۹۱)

سوال: ۶۳۳ رسول اکرم ﷺ نے قبیلہ خزرج کا پرچم کس کو عطا کیا؟

جواب حباب بن منذرؓ کو (الرحیق المختوم ص ۳۹۱)

سوال: ۶۳۴ غزوہ احد کے موقع پر مدینہ میں امامت کیلئے کس کو مقرر کیا؟

جواب ابن ام مکتومؓ کو (الرحیق المختوم ص ۳۹۱)

سوال: ۶۳۵ غزوہ احد میں نبی کریم ﷺ کے آگے آگے زرہ پہنکر چلنے والے صحابہ کرامؓ کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

جواب سعد بن معاذؓ، سعد بن عبادہؓ (الرحیق المختوم ص ۳۹۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۶۳۶ حضرت رافع بن خدیجؓ اور سمرہ بن جندبؓ کو صغر سنی کے باوجود غزوۂ احد میں شرکت کی اجازت کیسے مل گئی؟

جواب حضرت رافع بن خدیجؓ رضی اللہ عنہ کو تیر اندازی میں مہارت کی بناء پر جب اجازت مل گئی تو حضرت سمرہ بن جندبؓ نے کہا کہ میں رافعؓ سے زیادہ طاقتور ہوں میں اسے پچھاڑ سکتا ہوں چنانچہ آپ ﷺ نے دونوں سے اپنے سامنے کشتی کروائی اور واقعتاً سمرہؓ نے رافعؓ کو پچھاڑ دیا لہٰذا انہیں بھی اجازت مل گئی۔ (الرحیق المختوم ص ۳۹۳)

سوال:۶۳۷ مقام شیخان پر نبی کریم ﷺ کے خاص پہرے دار صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت ذکوانؓ بن عبداللہ بن قیس۔ (الرحیق المختوم ص ۳۹۳)

سوال:۶۳۸ مقام ''شیخان'' پر پہریداری کیلئے کتنے صحابہ کرامؓ منتخب فرمائے گئے؟

جواب ۵۰ (الرحیق المختوم ص ۳۹۳)

سوال:۶۳۹ غزوہ احد کے موقع پر عبداللہ بن ابی سرکشی اختیار کرتے ہوئے ۳۰۰/افراد کو لیکر جہاں سے واپس چلا گیا اس مقام کا نام بتائیے؟

جواب شوط۔ (ابن ھشام ص ۶۵ ج ۲، الرحیق المختوم ۳۹۳)

سوال:۶۴۰ جب قبیلہ اوس میں سے بنو حارثہ اور قبیلہ خزرج میں سے بنو سلمہ واپسی کی سوچ رہے تھے لیکن اللہ نے انکی دستگیری فرمائی اور یہ دونوں جماعتیں اضطراب اور ارادۂ واپسی کے بعد جم گئیں تو اس وقت کون سی آیت نازل ہوئی؟

جواب ﴿اذھمت طائفتان منکم.....﴾ (آل عمران:۱۲۲)

(الرحیق المختوم ص ۳۹۴)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۶۴۱ غزوہ احد میں جب منافقین نے واپسی کا فیصلہ کیا تو اس نازک ترین موقع پر انہیں انکا فرض دلانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عبداللہ بن حرامؓ۔ (ابن ھشام ص ۶۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۳۹۴)

سوال:۶۴۲ غزوہ احد کے موقع پر جب آپ ﷺ نے دریافت کیا کہ کوئی آدمی ہے جو ہمیں دشمن کے پاس سے گذرے بغیر کسی قریبی راستہ سے لے چلے اس خدمت کیلئے حاضر ہونے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت ابوخیثمہؓ (ابن ھشام ص ۶۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۳۹۴)

سوال:۶۴۳ ابوخیثمہؓ کی رہنمائی میں جاتے ہوئے لشکر کا گذر کس منافق کے باغ سے ہوا؟

جواب مربع بن قیظی (ابن ھشام ص ۶۶ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۳۹۴)

سوال:۶۴۴ جبل رُماۃ پر ۵۰ ماہر تیر اندازوں کا دستہ منتخب کرتے ہوئے انکی کمان کس صحابی کے سپرد کی گئی؟

جواب عبداللہ بن جبیرؓ کے (بخاری مع الفتح رقم الحدیث ۴۰۴۳)

سوال:۶۴۵ جبل رماۃ پر صحابہ کرامؓ کا دستہ منتخب کرنے کا مقصد کیا تھا؟

جواب اس کا مقصد آپ ﷺ کے درج ذیل ارشاد سے واضح ہوتا ہے. آپ ﷺ نے انکے کمانڈر کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا شہسواروں کو تیر مار کر ہم سے دور رکھو، وہ پیچھے سے ہم پر چڑھ نہ آئیں ہم جیتیں یا ہاریں تم اپنی جگہ رہنا، تمہاری طرف سے ہم پر حملہ نہ ہونے پائے، پھر آپ ﷺ نے تیر اندازوں کو مخاطب کر کے فرمایا ہماری پشت کی حفاظت کرنا اگر دیکھو ہم مارے جارہے ہیں تو ہماری مدد کو نہ آنا اور اگر دیکھو کہ ہم مال غنیمت سمیٹ رہے ہیں تو ہمارے ساتھ شریک نہ ہونا" (الرحیق المختوم ص ۳۹۶)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:٦٤٦ غزوہ احد میں لشکر کی ترتیب کیا تھی؟

جواب میمنہ پر منذر بن عمروؓ ، میسرہ پر زبیرؓ بن عوام اور ان کا معاون مقداد بن اسودؓ کو بنایا گیا. (الرحیق المختوم ص۳۹۶)

سوال:٦٤٧ غزوہ احد کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے نہایت تیز تلوار بے نیام کی اور فرمایا کون ہے، جو اس تلوار کو لیکر اسکا حق ادا کرے۔ ایک صحابی نے آگے بڑھکر عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ اس کا حق کیا ہے آپ ﷺ نے فرمایا اس سے دشمن کے چہرہ کو مارو، انہوں نے کہا یارسول اللہ ﷺ میں اس تلوار کو لیکر اس کا حق ادا کرنا چاہتا ہوں۔ آپ ﷺ نے تلوار انہیں دیدیا صحابئ رسول کا نام بتایئے؟

جواب حضرت ابودجانہؓ سماک بن خرشہ۔

(صحیح مسلم کتاب الفضائل باب فضائل ابی دجانہ سماک بن خرشہ)

سوال:٦٤٨ حضرت ابودجانہؓ کا جنگ میں شرکت کے وقت کیا طریقہ تھا؟

جواب جنگ میں شرکت کے وقت ان کا طریقہ تھا کہ سرخ رنگ کی ایک پٹی بطور نشان سر پر باندھ لیتے۔ (سیرۃ لابن ہشام ص۴۸ ج۲)

سوال:٦٤٩ حضرت ابودجانہؓ تلوار لینے کے بعد سر پر سرخ پٹی باندھے ہوئے فریقین کی صفوں کے درمیان اکڑ کر چلنے لگے تو اس موقع پر رسول اکرم ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ چال اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے لیکن اس جیسے موقع پر نہیں. (ابن ھشام ص۴۸ ج۲، الرحیق المختوم ص۳۹۸)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:٦٥٠ میدان احد میں احابیش اور اہل مکہ کے غلاموں کے ہمراہ مسلمانوں کے سامنے پہلا شخص کون آیا؟

جواب عبد عمرو بن صیفی اسکو راہب کہا جاتا تھا لیکن رسول اکرم ﷺ نے اس کا نام ابو فاسق رکھا تھا۔ (ابن ھشام ص ٦٨ ج ٢، الرحیق المختوم ص ٤٠١)

سوال:٦٥١ سید الشہداء کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت حمزہؓ (فتح الباری ص ٤٦٧ ج ٧)

سوال:٦٥٢ حضرت حمزہؓ نے کس کو قتل کیا؟

جواب سباع بن عبد العزی کو (بخاری مع الفتح رقم ٤٠٧٢)

سوال:٦٥٣ وحشی بن حرب نے مسیلمہ کذاب کو کس جنگ میں قتل کیا؟

جواب جنگ یمامہ میں۔ (الرحیق المختوم ص ٦٥٣)

سوال:٦٥٤ غزوہ احد کا پہلا ایندھن کون ہے؟

جواب مشرکین کا علمبردار طلحہ بن ابی طلحہ (الرحیق المختوم ص ٤٠١)

سوال:٦٥٥ غزوہ احد میں طلحہ بن ابی طلحہ کے دعوت مبارزت پر نکلنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت زبیرؓ (الرحیق المختوم ص ٤٠١)

سوال:٦٥٦ حواری امت کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت زبیرؓ کو (بخاری مع الفتح ٣٧١٩)

سوال:٦٥٧ غزوہ احد میں مسلمانوں کا کوڈ لفظ کیا تھا؟

جواب اَمِتْ اَمِتْ (الرحیق المختوم ص ٤٠٣، زاد المعاد ص ٥٨٧ ج ٢)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۶۵۸ حضرت حمزہ کو شہید کرنے والے کا نام بتایئے؟

جواب وحشی بن حرب (بخاری مع الفتح ۴۰۷۲)

سوال:۶۵۹ وحشی بن حرب کس کے غلام تھے؟

جواب جبیر بن مطعم کے (بخاری مع الفتح ۴۰۷۲)

سوال:۶۶۰ اس شخص کا نام بتایئے جس نے وحشی بن حرب سے کہا کہ اگر تم محمد ﷺ کے چچا حمزہؓ کو میرے چچا کے بدلے قتل کر دو گے تو آزاد ہو؟

جواب جبیر بن مطعم (بخاری مع الفتح ۴۰۷۲)

سوال:۶۶۱ غزوہ احد میں حضرت حمزہؓ نے کس کو کہا؟ او شرمگاہ کی چمڑی کاٹنے والے کے بیٹے؟

جواب سباع بن عبد العزی کو (بخاری مع الفتح ۴۰۷۲)

سوال:۶۶۲ غسیل الملائکہ کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت حنظلہؓ کو (ابن ھشام ص ۵۶ ج ۲۔رحمۃ للعالمین ص ۲۱۷ ج ۲)

سوال:۶۶۳ حضرت حنظلہؓ کے والد کا نام بتایئے؟

جواب عبد عمرو بن صیفی ابو عامر راہب

(ابن ھشام ص ۵۶ ج ۲۔سیرۃ الرسول ص ۱۲۰۔الرحیق المختوم ص ۴۰۷)

سوال:۶۶۴ حضرت حنظلہؓ کو شہید کرنے والے کا نام بتایئے؟

جواب شداد بن اوس (ابن ھشام ص ۱۱۶ ج ۲)

سوال:۶۶۵ غزوہ احد میں مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہونے والے صحابی کا نام بتایئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت یمانؓ (بخاری مع الفتح ۴۰۶۷)

سوال:۶۶۶ ''جنت کی خوشبو کا کیا کہنا اے سعد! میں اسے احد کے پرے محسوس کر رہا ہوں'' کہنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت انس بن نضرؓ (بخاری مع الفتح ۴۰۶۸)

سوال:۶۶۷ اس صحابی کا نام بتایئے جنھیں زخم کی وجہ سے شہادت کے بعد پہچانا نہیں جا سکتا تھا مگر انکی بہن نے محض انگلیوں کی پور سے پہچانا؟

جواب انس بن نضرؓ (بخاری مع الفتح ۴۰۶۸)

سوال:۶۶۸ ''اگر محمد ﷺ قتل کر دیئے گئے ہیں تو اللہ تعالیٰ زندہ ہے وہ نہیں مر سکتا تم اپنے دین کیلئے لڑو، اللہ تمہیں فتح دیگا'' غزوہ احد میں یہ کہنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت ثابت بن دحداحؓ (الرحیق المختوم ص ۴۱۴)

سوال:۶۶۹ ''تم اب مجھے مردہ ہی سمجھو لیکن مہربانی سے رسول ﷺ کی خدمت میں میرا اسلام عرض کر دینا اور میری طرف سے یہ گذارش عرض کرنا کہ ''اللہ تعالیٰ آپ کو وہ بہترین جزا عطا فرمائے جو کسی نبی کو کسی امت کی ہدایت پر نہ دی گئی ہو قوم کو میری طرف سے یہ کہہ دینا، کہ جب تک ایک جھپکنے والی آنکھ بھی تم میں باقی رہے، اس وقت تک اگر دشمن نبی ﷺ تک پہنچ گیا تو خدا کے حضور میں تم کوئی عذر نہ پیش کر سکو گے'' کہنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت سعد بن ربیعؓ (سیرۃ لابن ہشام ص ۹۷ ج ۲۔ رحمۃ للعالمین ص ۱۰۵ ج ۱)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



سوال: ۶۷۰ غزوہ احد میں جان دیتے ہوئے اپنے رخسار نبی ﷺ کے تلوؤں سے لگا دینے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب عُمارہ بن زیادؓ (رحمۃ للعالمین ص ۱۰۶ ج ۱)

سوال: ۶۷۱ غزوہ احد میں آپ ﷺ کو پتھر مارنے والے کا نام بتائیے جس سے آپ ﷺ پہلو کے بل گر گئے اور آپ ﷺ کا داہنا نچلا رباعی دانت ٹوٹ گیا اور آپ ﷺ کا نچلا ہونٹ زخمی ہو گیا؟

جواب عتبہ بن ابی وقاص۔

(فتح الباری ص ۳۶۴ ج ۷، ابن ہشام ص ۶۲ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۱۶)

سوال: ۶۷۲ غزوہ احد میں آپ ﷺ کی پیشانی مبارک زخمی کرنے والے کا نام بتائیے؟

جواب عبداللہ بن شہاب زہری.

(فتح الباری ص ۳۶۴ ج ۷، ابن ہشام ص ۶۲ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۱۶)

سوال: ۶۷۳ اس شخص کا نام بتائیے جس نے غزوہ احد میں لپک کر آپ ﷺ کے کندھے پر ایسی سخت تلوار ماری کہ آپ ﷺ ایک مہینہ سے زیادہ عرصے تک اس کی تکلیف محسوس کرتے رہے؟

جواب عبداللہ بن قمئہ.

(فتح الباری ص ۳۶۴ ج ۷، ابن ہشام ص ۶۲ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۱۶)

سوال: ۶۷۴ غزوہ احد میں جب آپ ﷺ زخمی کر دیئے گئے تو اس وقت آپ ﷺ اپنے چہرے سے خون پوچھتے ہوئے فرماتے جا رہے تھے وہ قوم کیسے کامیاب ہو سکتی ہے جو اپنے نبی کے چہرے کو زخمی کر دے حالانکہ وہ انہیں اللہ کی طرف دعوت دے رہا تھا اس موقع پر کس آیت کا نزول ہوا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ﴿لیس لک من الامر شیٔ او یتوب علیھم او یعذبھم فانھم ظالمون﴾ (آل عمران:۱۲۸) (بخاری باب لیس لک من الامر شیٔ)

سوال:۶۷۵ اللہ کے راستے میں سب سے پہلے تیر چلانے والے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب سعد بن ابی وقاصؓ (بخاری مع الفتح ۳۷۱۸)

سوال:۶۷۶ اس صحابی کا نام بتائیے جن کو غزوہ احد کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں؟

جواب سعد بن ابی وقاصؓ (بخاری مع الفتح ۴۹۵۵)

سوال:۶۷۷ اس صحابی کا نام بتائیے غزوہ احد میں جن کے متعلق آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص کسی شہید کو روئے زمین پر دیکھنا چاہے تو اس کو دیکھ لے؟

جواب طلحہ بن عبید اللہؓ (ترمذی مع التحفہ ۳۹۸۶)

سوال:۶۷۸ حضرت سعدؓ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو احد کے روز دیکھا آپ ﷺ کے ساتھ دو آدمی سفید کپڑے پہنے ہوئے تھے یہ دونوں آپ ﷺ کی طرف سے انتہائی زوردار لڑائی لڑ رہے تھے میں نے اس سے پہلے اور اس کے بعد ان دونوں کو کبھی نہیں دیکھا (بخاری مع الفتح ۴۰۵۴) دونوں آدمی کون کون تھے؟

جواب (۱) جبرئیل (۲) میکائیل (فتح الباری ص ۴۵۵ ج ۷)

سوال:۶۷۹ غزہ احد میں رسول اکرم ﷺ نے کس صحابی کے متعلق ارشاد فرمایا تھا کہ اپنے بھائی کو سنبھالو اس نے جنت واجب کر لی ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت طلحہؓ (الرحیق المختوم ص ۴۲۱)

سوال: ۶۸۰ غزوہ احد میں آپ ﷺ کے چہرۂ مبارک میں خود کی دھنسی ہوئی دونوں کڑیوں کو نکالنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت ابوعبیدہؓ۔

(ابن ھشام ص ۶۳ ج ۲، زاد المعاد ص ۵۸۷ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۴۲۱)

سوال: ۶۸۱ غزوہ احد میں نبی کریم ﷺ کیلئے اپنے سینے کو سپر بنانے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت ابوطلحہؓ (بخاری مع الفتح ۴۰۶۴)

سوال: ۶۸۲ ابوطلحہؓ کا اسم گرامی کیا ہے؟

جواب زید بن سہلؓ (فتح الباری ص ۴۵۹ ج ۷)

سوال: ۶۸۳ غزوہ احد میں نبی کریم ﷺ کیلئے اپنے پیٹھ کو سپر بنانے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت ابودجانہؓ

(زاد المعاد ص ۵۸۷ ج ۱، ابن ھشام ص ۶۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۲۳)

سوال: ۶۸۴ غزوہ احد میں عتبہ بن ابی وقاص کو قتل کرنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ (الرحیق المختوم ۴۲۴)

سوال: ۶۸۵ اس صحابی کا نام بتائیے غزوہ احد میں جن کی آنکھ چوٹ کھا کر چہرے پر ڈھلک آئی نبی کریم ﷺ نے اسے اپنے ہاتھ سے پپوٹے کے اندر داخل کر دیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت قتادہ بن نعمانؓ (زاد المعاد ص ۵۸۷ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۴۲۴)

سوال: ۶۸۶ اس صحابی کا نام بتایئے جو غزوہ احد میں بیر میں بعض زخم کی وجہ سے لنگڑے ہو گئے؟

جواب عبدالرحمٰن بن عوفؓ (ابن ھشام ص ۶۶ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۲۴)

سوال: ۶۸۷ حضرت مصعب بن عمیرؓ کو شہید کرنے والے شخص کا نام بتایئے؟

جواب عمرو ابن قمۂ (ابن ھشام ص ۵۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۲۵)

سوال: ۶۸۸ نبی کریم ﷺ کے ہم شکل صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت مصعب بن عمیرؓ (ابن ھشام ص ۵۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۲۵)

سوال: ۶۸۹ احد میں مصعب بن عمیرؓ کی شہادت کے بعد آپ نے جھنڈا کس صحابی کو عطا کیا؟

جواب حضرت علیؓ کو (زاد المعاد ص ۵۸۷ ج ۱، ابن ھشام ص ۵۵ ج ۲)

سوال: ۶۹۰ اس صحابی کا نام بتایئے جن سے نیزہ لیکر آپ ﷺ نے ابی بن خلف پر حملہ کیا؟

جواب حارث بن صمہ

(زاد المعاد ص ۵۸۸ ج ۱، ابن ھشام ص ۶۷ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۲۷)

سوال: ۶۹۱ ’’خدا کی قسم! اگر وہ (محمد ﷺ) مجھ پر تھوک دیتا تو بھی میری جان چلی جاتی‘‘ کہنے والے کا نام بتایئے؟

جواب ابی بن خلف (ابن ھشام ص ۶۷ ج ۲)

سوال: ۶۹۲ ابی بن خلف کس مقام پر مرا؟

’’ محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ‘‘

www.KitaboSunnat.com



جواب مقام سَرِف میں۔ (سیرۃ لابن ہشام ص ۶۸ ج ۱)

سوال:۶۹۳ اس صحابی کا نام بتایئے جوفرمایا کرتے تھے خدا کی قسم میرے دل میں کسی آدمی کو قتل کرنے کا ایسا جذبہ کبھی پیدا نہ ہوا جیسا اپنے بھائی عتبہ بن ابی وقاص کو قتل کرنے کے لئے پیدا ہوا؟

جواب سعد بن ابی وقاصؓ (فتح الباری ص ۳۶۴ ج ۷۔ سیرۃ لابن ہشام ص ۶۹ ج ۲)

سوال:۶۹۴ غزوہ احد میں نبی کریم ﷺ کے زخم کو دھونے والے کا نام بتایئے؟

جواب حضرت فاطمہؓ (بخاری ۴۰۷۵)

سوال:۶۹۵ غزوہ میں نبی کریم ﷺ کے زخم سے خون روکنے کے لئے حضرت فاطمہؓ نے کیا علاج اختیار کیا؟

جواب چٹائی جلا کر راکھ زخم پر چپکا دیا (بخاری ۴۰۷۵)

سوال:۶۹۶ غزوہ احد میں نبی کریم ﷺ کے زخم کو دھونے کے لئے پانی کون بہا رہا تھا؟

جواب حضرت علیؓ (بخاری ۴۰۷۵)

سوال:۶۹۷ غزوہ احد میں ابوسفیان کے نعرہ ''اعل ھبل'' کے جواب میں صحابہؓ نے کیا جواب دیا؟

جواب اللہ اعلیٰ واجل (بخاری ۴۰۴۳)

سوال:۶۹۸ غزوہ احد میں ابوسفیان کے نعرہ ''لنا عزی ولا عزی لکم'' کے جواب میں صحابہ کرامؓ نے کیا جواب دیا؟

جواب اللہ مولانا ولا مولیٰ لکم (بخاری ۴۰۴۳)

سوال:۶۹۹ ''کتنا اچھا کارنامہ رہا آج کا دن جنگ بدر کے دن کا بدلہ ہے اور لڑائی ڈول ہے'' ابوسفیان کے کہنے پر حضرت عمرؓ نے کیا جواب دیا؟

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com


جواب عمرؓ نے جواب دیا نہیں بلکہ ہمارے مقتولین جنت میں ہیں اور تمہارے مقتولین جہنم میں ہیں (فتح الباری ص ۳۴۷ ج ۷)

سوال: ۷۰۰ اس خوش نصیب صحابی کا نام بتایئے جن کے متعلق حضرت زید بن ثابتؓ کا بیان ہے کہ احد کے روز رسول ﷺ نے مجھے بھیجا کہ میں اس کو تلاش کروں اور فرمایا کہ اگر وہ دکھائی پڑ جائیں تو انھیں میرا اسلام کہنا؟

جواب حضرت سعد بن الربیعؓ (زادالمعاد ص ۹۰ ج ۲)

سوال: ۷۰۱ اس صحابی کا نام بتایئے جنھوں نے ایک وقت کی بھی نماز ادا نہیں کیا اور وہ جنتی ہیں؟

جواب عمرو بن ثابت بن وقش (اصیرم) (فتح الباری ص ۳۱ ج ۶)

سوال: ۷۰۲ اس شخص کا نام بتایئے جس نے غزوہ احد میں خوب خوب دادشجاعت دی تھی اور تنہا سات یا آٹھ مشرکین کو تہ تیغ کیا تھا...... لیکن جب اس کے زخموں نے شدت اختیار کی تو اس نے اپنے کو ذبح کر کے خودکشی کر لی؟

جواب قزمان (ابن ھشام ص ۲ے ج ۲)

سوال: ۷۰۳ اس یہودی کا نام بتایئے جس کے متعلق رسول اکرم ﷺ نے احد کے موقع پر فرمایا کہ جیسا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ وہ بہت اچھا یہودی تھا؟

جواب مخیریق (ابن ھشام ص ۲ے ج ۲)

سوال: ۷۰۴ اس صحابی کا نام بتایئے جو رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں پہنچے اور عرض کی..... خدا کی قسم، میری تمنا ہے کہ لنگڑے پن ہی کے ساتھ جنت کی زمین روندتا پھروں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عمرو بن جموحؓ (ابن ھشام ص ۴۷ ج ۲)

سوال: ۷۰۵ حضرت عمرو بن جموحؓ کی قبر میں دوسرے دفن کئے جانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عبداللہ عمرو بن حرامؓ (زادالمعاد ص ۵۹۲ ج ۱، فتح الباری ص ۴۲۸ ج ۷)

سوال: ۷۰۶ حضرت حمزہؓ کی قبر میں دوسرے دفن کئے جانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب عبداللہ بن جحشؓ (فتح الباری ص ۴۲۸ ج ۷)

سوال: ۷۰۷ غزوہ احد میں شہداء کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ستر (۷۰) (بخاری رقم ۴۰۷۸)

سوال: ۷۰۸ اس کافر کا نام بتایئے جو گرفتار کر کے رسول ﷺ کی خدمت میں لایا گیا تو کہنے لگا محمد میری لغزش سے درگذر کرو، مجھ پر احسان کرو اور میری بچیوں کی خاطر مجھے چھوڑ دو میں یہ عہد کرتا ہوں کہ اب دوبارہ ایسی حرکت نہیں کروں گا آپ ﷺ نے فرمایا...مومن ایک سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا؟

جواب ابوعزہ جمحی (الرحیق المختوم ص ۴۴۵)

سوال: ۷۰۹ اس جاسوس کا نام بتایئے جو غزوہ حمراء الاسد میں قتل کیا گیا؟

جواب معاویہ بن مغیرہ بن ابی العاص (الرحیق المختوم ص ۴۴۵)

سوال: ۷۱۰ سریہ ابی سلمہؓ کس سن میں پیش آیا؟

جواب محرم ۴ھ میں (زادالمعاد ص ۵۹۷ ج ۱)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۱ ۷ سریہ عبداللہ بن انیسؓ کب پیش آیا؟

جواب محرم ۴ھ میں (زادالمعاد ص ۵۹۷ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۴۵۲)

سوال:۱۲ ۷ اس صحابی کا نام بتایئے جنھوں نے خالد بن ابی سفیان کا سر نبی کریم ﷺ کی خدمت میں پیش کیا تو آپ ﷺ نے انہیں ایک عصا مرحمت فرمایا یہ کہنے لگے کہ یہ میرے اور آپ ﷺ کے درمیان قیامت کے دن علامت ہوگی؟

جواب حضرت عبداللہ بن انیسؓ (زادالمعاد ص ۵۹۷ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۴۵۲)

سوال:۱۳ ۷ عبداللہ بن انیسؓ نے اپنی وفات کے وقت عصا کے متعلق کیا وصیت کیا؟

جواب عصا کفن میں رکھنے کی (زادالمعاد ص ۵۹۷ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۴۵۲)

سوال:۱۴ ۷ رجیع کا واقعہ کس سن میں پیش آیا؟

جواب صفر ۴ھ میں (زادالمعاد ص ۵۹۷ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۴۵۲)

سوال:۱۵ ۷ رجیع کے موقع پر عضل اور قارہ کے لوگوں کی طرف آپ ﷺ نے کتنے صحابہ کرامؓ کو روانہ فرمایا؟

جواب دس (بخاری رقم ۳۹۸)

سوال:۱۶ ۷ رجیع کے حادثہ میں بنولحیان کے تیروں سے کتنے صحابہ کرامؓ شہید ہوئے؟

جواب سات (بخاری رقم ۴۰۸۶)

سوال:۱۷ ۷ رجیع کے موقع پر بنولحیان کے لوگوں نے حضرت خبیبؓ اور زیدؓ کو مکہ لیجا کر کیا کیا؟

جواب بیچ دیا (بخاری رقم ۴۰۸۶)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۷۱۸ قتل کے وقت دو رکعت نماز پڑھنے کا طریقہ شروع کرنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت خبیبؓ (بخاری ۴۰۸۶)

سوال:۷۱۹ جب ابوسفیان نے حضرت خبیبؓ سے کہا کیا تمہیں یہ بات پسند آئیگی کہ تمہارے بدلے محمد ﷺ ہمارے پاس ہوتے ہم ان کی گردن مارتے اور تم اپنے اہل وعیال میں رہتے تو انھوں نے کیا جواب دیا؟

جواب واللہ! مجھے تو یہ بھی گوارا نہیں کہ میں اپنے اہل وعیال میں رہوں اور (اس کے بدلے) محمد ﷺ کو جہاں آپ ﷺ ہیں وہیں رہتے ہوئے کانٹا چبھ جائے اور وہ آپ ﷺ کو تکلیف دے۔

(فتح الباری ص ۴۸۸ ج ۷، زاد المعاد ص ۵۹۸ ج ۲)

سوال:۷۲۰ حضرت خبیبؓ کی لاش کو جھانسہ دیکر اٹھا لے جانے اور دفن کرنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت عمرو بن امیہ الضمریؓ (الرحیق المختوم ص ۴۵۵)

سوال:۷۲۱ حضرت خبیبؓ کے قاتل کا نام بتائیے؟

جواب ابوسروعۃ عقبہ بن حارث (بخاری رقم ۴۰۸۶)

سوال:۷۲۲ حضرت خبیبؓ نے اپنے قاتل کے باپ کو کس غزوہ میں قتل کیا تھا؟

جواب غزوۂ بدر میں (بخاری رقم ۴۰۸۶)

سوال:۷۲۳ حضرت خبیبؓ جب مقید تھے تو اس وقت کی ان کی کوئی کرامت بتائیے؟

جواب بے موسم انگور کے گچھے کھانا (بخاری رقم ۴۰۸۶)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۴ے قریش کے لوگوں سے حضرت عاصمؓ کی لاش کی حفاظت اللہ تعالیٰ نے کس طرح کی؟

جواب بھڑوں کا جھنڈ بھیج کر (بخاری رقم ۴۰۸۶)

سوال:۲۵ے اللہ مومن بندے کی حفاظت اس کی وفات کے بعد بھی کرتا ہے جیسے اس کی زندگی میں کرتا ہے، کہنے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت عمرؓ (فتح الباری ص ۴۸۹ ج ۷)

سوال:۲۶ے حضرت زید بن دثنہؓ کو شہید کرنے والے کا نام بتائیے؟

جواب صفوان بن امیہ (فتح الباری ص ۴۸۵ ج ۷)

سوال:۲۷ے رجیع کے موقع پر بنولحیان کے لوگوں نے حضرت خبیبؓ اور زیدؓ کے علاوہ کس صحابی کو قید کیا تھا؟

جواب حضرت عبداللہ بن طارقؓ کو (فتح الباری ص ۴۸۵ ج ۷)

سوال:۲۸ے واقعہ بئر معونہ کس سن میں پیش آیا؟

جواب ۴ھ صفر میں (زادلمعاد ص ۵۹۹ ج ۲)

سوال:۲۹ے بئر معونہ میں نبی اکرم ﷺ نے کس کو امیر مقرر کیا تھا؟

جواب منذر بن عمروؓ کو (زادالمعاد ص ۵۹۹ ج ۲، ابن ھشام ص ۲۰۸)

سوال:۳۰ے مُعنِق للموت کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت منذر بن عمروؓ کو (ابن ھشام ص ۲۰۸ ج ۲)

سوال:۳۱ے بئر معونہ میں کل کتنے صحابہ کرام شہید کیے گئے؟

جواب ستر (بخاری ۴۰۹۰)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۲۳۲ے ملاعب الاسنہ کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب ابو براء عامر بن مالک کو (ابن ھشام ص ۲۰۸ ج ۲)

سوال:۲۳۳ے بئر معونہ کے موقع پر صحابۂ کرام نے رسول اکرم ﷺ کا خط دشمن خدا عامر بن طفیل کے پاس کس صحابی کے ذریعہ بھیجا؟

جواب حضرت حرام بن ملحانؓ کے ذریعہ (ابن ھشام ص ۲۰۹ ج ۲)

سوال:۲۳۴ے بئر معونہ کے موقع پر عصیہ رعل اور ذکوان کے حملہ کے بعد زندہ بچنے والے صحابۂ کرامؓ کا نام بتائیے؟

جواب (۱) حضرت کعبؓ بن زید بن نجار (۲) حضرت عمروؓ بن امیہ الضمری

(زادالمعاد ص ۶۰۰ ج ۲)

سوال:۲۳۵ے بئر معونہ میں صحابہ کرامؓ کی شہادت کے بعد رعل اور ذکوان کے ساتھ نبی کریم ﷺ نے کیا سلوک کیا؟

جواب ایک مہینہ تک بدعا کیا (بخاری رقم ۴۰۹۴)

سوال:۲۳۶ے بئر معونہ کے شہداء کے بارے میں کیا قرآن نازل ہوا تھا؟

جواب انا قدلقینا ربنا، فرضی عنا وارضانا (بخاری رقم ۴۰۹۱)

سوال:۲۳۷ے بئر معونہ کے بارے میں جو قرآن نازل ہوا تھا کیا اس کی تلاوت باقی ہے یا منسوخ ہوگئی؟

جواب منسوخ ہوگئی (بخاری رقم ۴۰۹۱)

سوال:۲۳۸ے نبی کریم کو قتل کرنے کے متعلق یہود کے مشورہ کے بعد آپ ﷺ کے سر پر چکی گرانے کے لئے کون تیار تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب عمرو بن جحاش یہودی (ابن هشام ص ۲۱۵ ج ۲)

سوال: ۴۳۹ نبی کریم ﷺ کو قتل سے یہود کو روکنے والے یہودی کا نام کیا ہے؟

جواب سلّام بن مِشکم (الرحیق المختوم ص ۴۵۹)

سوال: ۴۴۰ کس صحابی کو آپ ﷺ نے بنو نضیر کے پاس جلا وطنی کا حکم دیکر بھیجا؟

جواب حضرت محمد بن مسلمہؓ کو (الرحیق المختوم ص ۴۵۹)

سوال: ۴۴۱ اس یہودی کا نام بتائیے جس نے نبی کریم ﷺ کے پاس جوابی پیغام بھیجتے ہوئے کہا ہم اپنے دیار سے نہیں نکل سکتے آپ ﷺ کو جو کرنا ہو کر لیں؟

جواب حُیی بن اخطب (الرحیق المختوم ص ۴۷۰)

سوال: ۴۴۲ غزوہ بنی نضیر کے موقع پر مدینہ کا انتظام کس کے سپرد تھا؟

جواب حضرت عمرو بن ام مکتومؓ کے (ابن هشام ص ۲۱۶ ج ۲)

سوال: ۴۴۳ غزوہ بنی نضیر میں مسلمانوں کا علمبردار کون تھا؟

جواب علیؓ (الرحیق المختوم ص ۴۶۱ ج ۲)

سوال: ۴۴۴ بنو نضیر کے یہود نے جب خیبر کا رخ کیا تو کتنے یہود مسلمان ہوئے؟

جواب دو (۱) یامین بن عمیرو (۲) ابو سعد بن وھب (ابن هشام ص ۲۱۷ ج ۲)

سوال: ۴۴۵ رسول ﷺ نے شرط کے مطابق یہود کے جو ہتھیار اپنے قبضے میں لئے تھے ان کی تعداد کتنی تھی؟

جواب پچاس زرہیں، پچاس خود، تین سو چالیس تلواریں۔

(الرحیق المختوم ص ۴۶۲)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۴۶ے ان دو انصاری صحابۂ کرامؓ کا نام بتایئے جن کو آپ ﷺ نے فقر کے سبب بنونضیر کے باغات زمین اور مکان سے کچھ عطا کیا؟

جواب (۱) حضرت سہل بن حنیفؓ (۲) حضرت ابودجانہ سماکؓ

(ابن ھشام ص ۲۱۷ ج ۲)

سوال:۴۷ے غزوہ بنی نضیر کس سن میں واقع ہوا؟

جواب ۴ھ میں (ابن ھشام ص ۲۱۵ ج ۲)

سوال:۴۸ے سورہ بنی نضیر کس سورہ کو کہا جاتا ہے؟

جواب سورہ حشر کو (بخاری ص ۴۸۸۳)

سوال:۴۹ے غزوۂ بدر دوم کس سن میں واقع ہوا؟

جواب ۴ھ میں (الرحیق المختوم ص ۴۶۵)

سوال:۵۰ے غزوہ بدر دوم میں مسلمانوں کی کل تعداد کتنی تھی؟

جواب ۱۵۰۰ (زادالمعاد ص ۱۰۱ ج ۱)

سوال:۵۱ے غزوہ بدر دوم کے موقع پر مدینہ کا انتظام کس کے سپرد تھا؟

جواب حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کے (زادالمعاد ص ۱۰۱ ج ۱)

سوال:۵۲ے غزوۂ بدر دوم کے مسلمانوں کا علمبردار کون تھا؟

جواب حضرت علیؓ (زادالمعاد ص ۱۰۱ ج ۱)

سوال:۵۳ے غزوہ بدر کے موقع پر مشرکین کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۲۰۰۰ (زادالمعاد ص ۱۰۱ ج ۱)

سوال:۵۴ے غزوہ دومۃ الجندل کس سن میں پیش آیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ربیع الاول ۵ھ میں (الرحیق المختوم ص ۴۶۷)

سوال:۷۵۵ غزوہ دومۃ الجندل میں راستہ بتانے کے لئے کون مقرر تھا؟

جواب مذکور (الرحیق المختوم ص ۴۶۷)

سوال:۷۵۶ غزوہ دومۃ الجندل کے موقع پر آپ ﷺ کا جانشین مدینہ میں کون تھا؟

جواب حضرت سباع بن عرفطہؓ (الرحیق المختوم ص ۴۶۷)

سوال:۷۵۷ راجح قول کے مطابق غزوہ احزاب کب واقع ہوا؟

جواب ۵ھ میں

(زادالمعاد ص ۶۰۶ ج ۱، ابن ھشام ص ۲۵۸ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۱۲۶ ج ۱)

سوال:۷۵۸ غزوہ احزاب کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب خندق (بخاری کتاب المغازی باب غزوۃ الخندق وھی الاحزاب)

سوال:۷۵۹ خندق کھودنے کا مشورہ دینے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت سلمان فارسیؓ (زادالمعاد ص ۲۴۸ ج ۱، فتح الباری ص ۴۹۹ ج ۷)

سوال:۷۶۰ رسول اکرم ﷺ نے ہر دس آدمی کے لئے کس قدر خندق کھودنے کا کام سپرد کیا تھا؟

جواب چالیس گز (رحمۃ للعالمین ص ۱۳۱ ج ۲)

سوال:۷۶۱ اللھم لولا انت ما اھتدینا ولا تصدقنا ولا صلینا
فانزلن سکینۃ علینا وثبت الاقدام ان لاقینا
ان الاولی قد بغوا علینا وان ارادوا فتنۃ ابینا
مذکورہ بالا رجزیہ کلمات کس صحابی کے ہیں؟

جواب حضرت عبداللہ [illegible]ؓ (بخاری [illegible])

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۶۲ے غزوۂ خندق کے موقع پر مسلمانوں کا شعار (کوڈ بھاشا) کیا تھا؟

جواب حم لا ینصرون (زادالمعاد ص ۶۰۸ ج۱)

سوال:۶۳ے غزوہ خندق میں عمرو بن عبدوُد (جو اپنے آپ کو ہزار نوجوانوں کے برابر سمجھا کرتا تھا) کو قتل کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت علیؓ (زادالمعاد ص ۶۰۸ ج۱، رحمۃ للعالمین ص ۱۳۲)

سوال:۶۴ے غزوہ خندق کے موقع پر مدینہ کا منتظم کون تھا؟

جواب حضرت عمرو بن ام مکتومؓ (زادالمعاد ص ۶۰۷ ج۱)

سوال:۶۵ے غزوہ خندق میں نبی کریم ﷺ نے مشرکین پر بدعاء کیوں کی؟

جواب صلوۃ وسطیٰ کے فوت ہونے کیوجہ سے (بخاری رقم ص ۴۱۱۱)

سوال:۶۶ے صلوۃ وسطیٰ سے کون سی نماز مراد ہے؟

جواب صلوۃ عصر

(مسلم کتاب المساجد باب الدلیل لمن قال الصلوۃ الوسطی ھی صلوۃ العصر ص ۲۲۷ ج۱)

سوال:۶۷ے غزوہ خندق میں اس مقتول کافر کا نام بتایئے جس کی لاش حاصل کرنے کے لئے اہل مکہ نے مسلمانوں کو دس ہزار درھم پیش کئے۔ نبی ﷺ نے فرمایا لاش دیدو قیمت درکار نہیں؟

جواب نوفل بن عبداللہ (رحمۃ للعالمین ص ۱۳۸ ج۱)

سوال:۶۸ے حضرت سعد بن معاذ کو تیر مارنے والے کا نام بتایئے؟

جواب حبان بن العرقۃ (بخاری رقم ص ۴۱۲۲)

سوال:۶۹ے حضرت سعد بن معاذ نے تیر لگنے کے بعد کیا دعا کی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب اے اللہ! میں سمجھتا ہوں کہ اب تو نے ہماری ان کی جنگ کو آخری مرحلے تک پہنچا دیا ہے پس اگر قریش کی جنگ کچھ باقی رہ گئی ہے تو مجھے ان کے لئے باقی رکھ کہ میں ان سے تیری راہ میں جہاد کروں اور اگر تو نے لڑائی ختم کردی ہے تو اس زخم کو ظاہر کردے اور اسکو میری موت کا سبب بنا۔

(بخاری رقم ص ۴۱۲۲)

سوال: ۷۷۰ اس صحابی کا نام بتایئے؟ فرمان نبوی ﷺ کے مطابق جن کی موت سے رحمٰن کا عرش ہل گیا؟

جواب حضرت سعد بن معاذؓ (بخاری رقم ص ۳۸۰۳)

سوال: ۷۷۱ غزوۂ خندق کے موقع پر ایک یہودی جب فارع نامی قلعہ کا چکر لگانے لگا تو حضرت صفیہؓ بنت عبدالمطلب نے حضرت حسان بن ثابتؓ سے کیا کہا؟

جواب جایئے اور اسے قتل کردیجئے (ابن ھشام ص ۲۶۵ ج ۲)

سوال: ۷۷۲ فارع نامی قلعہ کا چکر لگانے والے یہودی کو کس نے قتل کیا؟

جواب صفیہؓ بنت عبدالمطلب نے (ابن ھشام ص ۲۶۵ ج ۲)

سوال: ۷۷۳ اس شخص کا نام بتایئے جو بنو غطفان سے تعلق رکھتا تھا اور اس نے خندق کے موقع پر اسلام قبول کیا؟

جواب حضرت نعیم بن مسعودؓ (ابن ھشام ص ۲۶۵ ج ۲)

سوال: ۷۷۴ خندق کے موقع پر سرد اور کڑکڑاتی رات میں رسول اکرم ﷺ نے کفار کی خبر لانے کے لئے کس صحابی کو بھیجا؟

جواب حضرت حذیفہ بن یمانؓ کو (فتح الباری ص ۵۰۹ ج ۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۷۷۵ خندق سے واپسی کے دن جب رسول اکرم ﷺ ظہر کے وقت غسل فرما رہے تھے ایک فرشتہ تشریف لایا اور فرمایا کیا آپ ﷺ نے ہتھیار رکھدیئے ہیں حالانکہ ابھی فرشتوں نے ہتھیار نہیں رکھے...اٹھئے اور بنوقریظہ کا رخ اپنے رفقاء کے ساتھ کیجئے کہنے والے فرشتہ کا نام بتائیے؟

جواب حضرت جبرئیلؑ (بخاری رقم ص ۴۱۲۱)

سوال:۷۷۶ بنوقریظہ کے موقع پر مدینہ کا انتظام کس کے سپرد تھا؟

جواب حضرت عمرو بن ام مکتومؓ کے۔(ابن ھشام ص ۲۷۱ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۸۸)

سوال:۷۷۷ حضرت ابولبابہ کے اپنے احساس کے مطابق ان سے بنوقریظہ کے موقع پر اللہ اور رسول ﷺ کے ساتھ کونسی خیانت ہوگئی تھی؟

جواب یہود سے حلق کی طرف اشارہ (ذبح کرنے کا)(فتح الباری ص ۵۲۶ ج ۷)

سوال:۷۷۸ اس صحابی کا نام بتائیے جنھوں نے نبی کریم ﷺ سے خیانت کا احساس ہونے کے بعد سیدھے مسجد نبوی پہونچکر اپنے آپ کو مسجد کے ستون سے باندھ لیا؟

جواب حضرت ابولبابہؓ (فتح الباری ص ۵۲۶ ج ۷)

سوال:۷۷۹ حضرت ابولبابہؓ ستون سے کل کتنی رات بندھے رہے؟

جواب چھ رات (ابن ھشام ص ۲۷۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۹۶)

سوال:۷۸۰ حضرت ابولبابہؓ کو ہر نماز کے وقت کون کھول دیتا؟

جواب ان کی بیوی (ابن ھشام ص ۲۷۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۴۹۶)

سوال:۷۸۱ بنوقریظہ کے یہود کو کس کے زیر نگرانی باندھا گیا؟

جواب حضرت محمد بن مسلمہ انصاریؓ کے (الرحیق المختوم ص ۴۹۱)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۸۲ے قریظہ کے موقع پر جب قبیلہ اوس کے لوگ رسول اللہ سے عرض پرداز ہوئے آپ ﷺ نے بنو قینقاع کے ساتھ جو سلوک فرمایا تھا وہ آپ ﷺ کو یاد ہی ہے....لہٰذا ان پر احسان فرمائیں۔آپ نے فرمایا کیا آپ لوگ اس پر راضی نہیں کہ ان کے متعلق آپ ہی کے گروہ کا ایک آدمی فیصلہ کرے؟ اس آدمی کا نام بتائیے جن کی طرف فیصلہ کرنے کے لئے آپ ﷺ نے اشارہ فرمایا تھا؟

جواب حضرت سعد بن معاذؓ (ابن ھشام ص۲۷۶ ج۲)

سوال:۸۳ے بنوقریظہ کے متعلق حضرت سعد بن معاذؓ نے کیا فیصلہ کیا؟

جواب مردوں کو قتل کرنے اور عورتوں کو قیدی بنانے کا۔ (بخاری رقم ص۴۱۲۲)

سوال:۸۴ے بنوقریظہ کے متعلق سعد بن معاذ کے فیصلہ پر آپ ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

جواب آپ کا وہی فیصلہ ہے جو سات آسمانوں کے اوپر اللہ تعالیٰ کا ہے۔

(فتح الباری ص۵۲۴ ج۷)

سوال:۸۵ے بنوقریظہ کے یہود نے مسلمانوں کے خاتمہ کے لئے کس قدر ہتھیار مہیا کر رکھے تھے؟

جواب ڈیڑھ ہزار تلواریں، دو ہزار نیزے، تین سو زرہیں، پانچ سو ڈھال۔

(الرحیق المختوم ص۴۹۲)

سوال:۸۶ے اس صحابی کا نام بتائیے جنھیں بنوقریظہ کی عورت نے چکی کا پاٹ پھینک کر شہید کیا تھا اور قصاص کے طور پر اس عورت کو قتل کیا گیا؟

جواب حضرت خلاد بن سویدؓ (ابن ھشام ص۲۷۹ ج۲)

”محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com



سوال:۷۸۷ اس یہودی کا نام بتائیے جس کو بنوقریظہ کے موقع پر قتل کیا گیا اور وہ رشتے میں آپ ﷺ کا خسر تھا؟

جواب حیی بن اخطب (ابن ھشام ص۲۷۸ ج۲)

سوال:۷۸۸ اس عورت کا نام بتائیے جنھیں بنوقریظہ کے موقع پر رسول اکرم ﷺ نے اپنے لئے منتخب کرلیا اور وہ آپ ﷺ کی وفات تک ملکیت میں تھیں؟

جواب ریحانہ بنت عمرو بن خنافہ۔ (ابن ھشام ص۲۸۲ ج۲، الرحیق المختوم ص۴۹۲)

سوال:۷۸۹ اس صحابی کا نام بتائیے جن کا جنازہ اٹھایا گیا تو منافقین نے کہا کہ ان کا جنازہ کس قدر ہلکا ہے رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اسے فرشتے اٹھائے ہوئے تھے؟

جواب حضرت سعد بن معاذؓ (ترمذی مع التحفہ ۴۱۰۲)

سوال:۷۹۰ سلام بن ابی الحقیق کی کنیت کیا ہے؟

جواب ابورافع (بخاری کتاب المغازی باب قتل ابی رافع)

سوال:۷۹۱ سلام بن ابی الحقیق کا واقعہ کس سن میں پیش آیا؟

جواب ۵ھ (زادالمعاد ص۱۰۶ ج۲)

سوال:۷۹۲ سلام بن ابی الحقیق کو قتل کرنے والے دستہ کے کمانڈر کون تھے؟

جواب حضرت عبداللہ بن عتیکؓ (بخاری مع الفتح ۴۰۳۹)

سوال:۷۹۳ سلام بن ابی الحقیق کو قتل کرنے کے لئے عبداللہ بن عتیکؓ نے کیا حیلہ اختیار کیا؟

جواب اس کے قلعہ کے قریب جاکر یوں بیٹھ گئے گویا قضائے حاجت کر رہے ہیں۔ (بخاری مع الفتح ص۴۰۳۹)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۷۹۴ حضرت عبداللہ بن عتیکؓ کی پنڈلی کیسے سرک گئی؟

جواب جب وہ سَلّام بن ابی الحُقَیق کو قتل کر کے سیڑھی سے نیچے اتر رہے تھے تو انھوں نے سمجھا کہ میں نیچے اتر پڑا ہوں حالانکہ ایک زینہ باقی تھا جب پاؤں رکھا تو نیچے گر پڑے۔ (بخاری رقم ص ۴۰۳۹)

سوال:۷۹۵ حضرت عبداللہ بن عتیکؓ کی پنڈلی سرک گئی تو نبی کریم ﷺ نے کیا علاج کیا؟

جواب آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اس پر پھیر دیا (بخاری رقم ۴۰۳۹)

سوال:۷۹۶ ثُمامہ بن اُثال کس سن میں مسلمانوں کے ہاتھوں گرفتار کیے گئے؟

جواب ۶ ھ میں (الرحیق المختوم ص ۵۰۰)

سوال:۷۹۷ ثُمامہ بن اُثال کس کے حکم سے بھیس بدل کر نبی کریم ﷺ کو قتل کرنے کے ارادہ سے نکلے تھے؟

جواب مسلیمہ کذاب کے (الرحیق المختوم ص ۵۰۰)

سوال:۷۹۸ اے محمد ﷺ! میرے نزدیک خیر ہے اگر تم مجھ کو قتل کرو گے تو ایک حق والے کو قتل کرو گے اور اگر احسان کرو گے تو ایک قدردان پر احسان کرو گے اور اگر مال چاہتے ہو تو جو چاہو مانگ لو کہنے والے کا نام بتائیے؟

جواب ثمامہ بن اثالؓ (بخاری رقم ۴۳۷۲)

سوال:۷۹۹ سریہ سیف البحر کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب سریہ خبط (بخاری مع الفتح رقم ۴۳۶۱)

سوال:۸۰۰ جیش خبط کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب صحابۂ کرامؓ اس مہم کے دوران سخت بھوک سے دوچار ہوئے یہاں تک کہ پتے جھاڑ کر کھانا پڑا اس لئے اس کا نام جیش خبط پڑ گیا۔

(بخاری مع الفتح ص ۴۳۶۱)

سوال:۸۰۱ سریہ خبط کا امیر کون تھا؟

جواب حضرت ابوعبیدہؓ بن جراحؓ (بخاری مع الفتح ص ۴۳۶۱)

سوال:۸۰۲ ابوعبیدہؓ کا اسم گرامی کیا ہے؟

جواب عامرؓ بن عبداللہ بن جراح (فتح الباری ص ۱۱۷ ج ۷)

سوال:۸۰۳ امین الامت کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کو (بخاری مع الفتح ص ۴۳۶۰)

سوال:۸۰۴ سریہ سیف البحر میں صحابہ کرامؓ کی کتنی تعداد تھی؟

جواب تین سو (بخاری مع الفتح ص ۴۳۶۰)

سوال:۸۰۵ سریہ سیف البحر کے دوران صحابۂ کرام کے لئے بطور رزق سمندر نے جو مچھلی پھینکا تھا اس کا نام کیا ہے؟

جواب عنبر (بخاری رقم ۴۳۶۲)

سوال:۸۰۶ عنبر نامی مچھلی کو صحابۂ کرام نے کتنے دنوں تک کھایا؟

جواب ۱۸ دن (بخاری مع الفتح ص ۴۳۶۰)

سوال:۸۰۷ غزوہ مصطلق کس سن میں پیش آیا؟

جواب ۵ ھ میں (زاد المعاد ص ۲۰۲ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۱۸۹ ج ۲)

سوال:۸۰۸ غزوہ مصطلق کا دوسرا نام کیا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب مریسیع (بخاری کتاب المغازی باب غزوہ المصطلق)

سوال:۸۰۹ نبی کریم ﷺ کو جب یہ اطلاع ملی کہ بنو مصطلق کا سردار حارث بن ابی ضرار آپ ﷺ سے جنگ لڑنے کے لئے اپنے قبیلہ اور کچھ دوسرے عربوں کو لیکر آرہا ہے تو آپ ﷺ نے تحقیق حال کے لئے کس صحابی کو روانہ کیا؟

جواب حضرت بریدہ حصیب اسلمیؓ کو (زادالمعاد ص۲۰۲ ج۱)

سوال:۸۱۰ غزوہ مریسیع میں مہاجرین کا جھنڈا کس کے پاس تھا؟

جواب حضرت ابوبکر صدیقؓ کے (زادالمعاد ص۲۰۲ ج۱)

سوال:۸۱۱ انصار کا علمبردار کون تھا؟

جواب حضرت سعد بن عبادہؓ (زادالمعاد ص۲۰۲ ج۱)

سوال:۸۱۲ اس زوجہ مطہرہ کا نام بتائیے جو مریسیع میں گرفتار ہو کر آئیں اور وہ ثابت بن قیسؓ کے حصہ میں آئیں انھوں نے ان سے کتابت کر لی نبی کریم ﷺ نے ان سے کتابت کی رقم ادا کرنے کے بعد ان سے نکاح کر لیا؟

جواب حضرت جویریہؓ (زادالمعاد ص۲۰۲ ج۱)

سوال:۸۱۳ غزوہ مریسیع میں رسول اکرم کے ساتھ جانے والی زوجہ مطہرہ کا نام بتائیے؟

جواب حضرت عائشہؓ (بخاری مع الفتح ص۱۴۴۱)

سوال:۸۱۴ غزوہ مریسیع کے فراغت کے بعد چشمہ مریسیع پر ”یا معشر الانصار“ اور یا ”معشر المھاجرین“ کی پکار لگانے والے کا نام بتائیے؟

جواب جہجاہ غفاری، سنان بن وبر جہنی (ابن ھشام ص۳۴۶ ج۲)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال: ۸۱۵ اس منافق کا نام بتایئے جس نے کہا تھا اگر ہم مدینہ واپس گئے تو عزت والے ذلت والوں کو وہاں سے باہر نکال دیں گے؟

جواب عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین (زادالمعاد ص ۶۰۵ ج ۱)

سوال: ۸۱۶ عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین نے کس موقع پر کہا تھا کہ اگر ہم واپس گئے تو عزت والے ذلت والوں کو وہاں سے باہر نکال دیں گے؟

جواب غزوہ مریسیع کے واپسی پر (زادالمعاد ص ۶۰۵ ج ۱)

سوال: ۸۱۷ عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین کے خیال کو رسول اکرم ﷺ سے کس صحابی نے بتایا؟

جواب زید بن ارقمؓ نے (ابن ھشام ص ۳۴۶ ج ۲)

سوال: ۸۱۸ عبداللہ بن ابی کے خیال جاننے کے بعد حضرت عمرؓ نے رسول اکرم ﷺ سے کس صحابی کے متعلق کہا کہ آپ ﷺ انھیں حکم دیں کہ اس بدبخت کی گردن ماردیں؟

جواب حضرت عباد بن بشرؓ کے متعلق۔

(زادالمعاد ص ۶۰۵ ج ۱، ابن ھشام ص ۳۴۶ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۱۶)

سوال: ۸۱۹ عبداللہ بن ابی کے قتل کے متعلق نبی کریم ﷺ نے حضرت عمرؓ کو کیا جواب دیا؟

جواب آپ ﷺ نے فرمایا نہیں لوگ کہیں گے کہ محمد ﷺ اپنے ساتھیوں کو قتل کرتے ہیں۔

(زادالمعاد ص ۶۰۵ ج ۱، ابن ہشام ص ۳۴۶ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۱۶)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۸۲۰ اس صحابی کا نام بتایئے جو مدینہ کے دروازے پر تلوار سونت کر کھڑے ہو گئے اور جب عبداللہ بن ابی وہاں پہونچا تو اس سے بولے خدا کی قسم! آپ یہاں سے آگے نہیں بڑھ سکتے یہاں تک کہ رسول اکرم ﷺ اجازت دیدیں کیونکہ حضور ﷺ عزیز اور آپ ذلیل ہیں؟

جواب عبداللہؓ جو رئیس المنافقین کے بیٹے ہیں (الرحیق المختوم ص ۵۱۷)

سوال:۸۲۱ اس صحابی کا نام بتایئے جنھوں نے نبی اکرم ﷺ سے عرض کیا کہ اے اللہ کے رسول آپ ﷺ اسے قتل کرنے کا ارادہ رکھتے ہوں تو مجھے فرمایئے خدا کی قسم! میں اس کا سر آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر کردوں گا؟

جواب عبداللہؓ جو رئیس المنافقین کے بیٹے تھے. (ابن ھشام ص ۳۴۸ ج ۲)

سوال:۸۲۲ غزوہ مریسیع کے موقع پر حضرت عائشہؓ جو ہار کھو بیٹھیں اس ہار کو انھوں نے کس سے عاریتاً لیا تھا؟

جواب حضرت اسماء بنت ابی بکرؓ سے. (بخاری مع الفتح ص ۵۱۶۴)

سوال:۸۲۳ واقعۂ افک کس غزوہ میں پیش آیا؟

جواب مریسیع میں (بخاری کتاب المغازی باب غزوہ بنی مصطلق)

سوال:۸۲۴ مریسیع کے موقع پر جب حضرت عائشہؓ سو گئیں تو پھر کس صحابی کی استرجاع (انا للہ وانا الیہ راجعون) کی آواز سنکر بیدار ہوئیں؟

جواب حضرت صفوانؓ بن معطل کی. (بخاری مع الفتح ص ۴۱۴۱)

سوال:۸۲۵ واقعۂ افک کے موقع پر حضرت عائشہؓ سے علیحدگی اور کسی دوسرے سے شادی کرنے کا صراحت کئے بغیر مشورہ دینے والے صحابی کا نام بتایئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت علیؓ (بخاری مع الفتح ص ۴۱۴۱)

سوال:۸۲۶ واقعہ افک کے تعلق سے حضرت عائشہؓ نے اپنے والدین سے بطور مثل کیا کہا تھا؟

جواب واللہ! میرے لئے اور آپ لوگوں کے لئے وہی مثل ہے جسے حضرت یوسفؑ کے والد نے کہا تھا﴿ فصبر جميل والله المستعان على ما تصفون﴾ (یوسف:۱۸) (بخاری رقم ۴۱۴۱)

سوال:۸۲۷ واقعۂ افک کے تعلق سے حضرت عائشہؓ پر تہمت تراشی کے جرم میں اسی اسی کوڑے لگائے جانے والے صحابۂ کرام کا نام بتایئے؟

جواب (۱) حضرت حسان بن ثابتؓ (۲) حضرت مسطح بن اثاثہؓ (۳) حضرت حمنہ بنت جحشؓ (تحفة الاحوذی ص ۲۷ ج ۹)

سوال:۸۲۸ سریہ دیار بنی کلب کب پیش آیا؟

جواب شعبان ۶ھ میں (الرحیق المختوم ص ۵۲۳)

سوال:۸۲۹ سریہ دیار بنی کلب کا امیر کون تھا؟

جواب حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ (الرحیق المختوم ص ۵۲۳)

سوال:۸۳۰ اس صحابی کا نام بتایئے جنھیں نبی کریم ﷺ سے سریہ بنی کلب کے موقع پر اپنے ہاتھ سے پگڑی باندھا تھا؟

جواب حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ (الرحیق المختوم ص ۵۲۳)

سوال:۸۳۱ صلح حدیبیہ کس سن کا واقعہ ہے؟

جواب ۶ھ میں (زادالمعاد ص ۶۱۸ ج ۲، فتح الباری ص ۵۵۸ ج ۷)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۸۳۲ حدیبیہ میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۱۴۰۰ (بخاری مع الفتح ص۴۱۵۰،۴۱۵۳،۴۱۵۴)

سوال:۸۳۳ صلح حدیبیہ کے موقع پر آپ ﷺ کے ہمراہ جانے والی ام المومنین ؓ کا نام کیا ہے؟

جواب حضرت ام سلمہ ؓ (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱-۲۷۳۲)

سوال:۸۳۴ اس شخص کا نام بتائیے جس کو صلح حدیبیہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے دیکھ کر فرمایا کہ یہ شخص عبادت گذار قوم میں سے ہے اس لئے اس کے سامنے ھدی کو لیجاؤ تا کہ وہ اسے دیکھ لے؟

جواب حلیس بن علقمہ (ابن ھشام ص۲۷۲ ج۲)

سوال:۸۳۵ اس صحابی کا نام بتائیے جنھوں نے صلح حدیبیہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ سے عرض کیا اللہ اور اس کے رسول خوب جانتے ہیں کہ ہم عمرہ کیلئے آئے ہیں اور قتال کیلئے نہیں آئے ہیں وہاں البتہ اگر کوئی ہمارے اور اللہ کے درمیان حائل ہوتو ہم اس سے بیشک مقاتلہ کریں گے؟

جواب حضرت ابوبکر ؓ (زادالمعاد ص۶۱۹ ج۱)

سوال:۸۳۶ اس صحابی کا نام بتائیے جنھیں حدیبیہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے قریش مکہ کے پاس بطور سفیر بھیجا تا کہ ان سے مکہ میں داخل ہونے کی اجازت حاصل کی جائے؟

جواب حضرت عثمان غنی ؓ (زادالمعاد ص۶۲۰ ج۱، ابن ھشام ص۳۷۴ ج۲، فتح الباری ص۵۷۰ ج۷، الرحیق المختوم ص۵۳۳)

سوال:۸۳۷ صلح حدیبیہ کے موقع پر قریش مکہ کے پاس بطور سفیر عثمان غنی ؓ کو بھیجنے کا مشورہ دینے والے صحابی کا نام بتائیے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عمرؓ (زادالمعاد ص ۶۲۰ ج ۱، ابن ھشام ص ۳۷۴ ج ۲، فتح الباری ص ۵۷۰ ج ۷، الرحیق المختوم ص ۵۳۳)

سوال: ۸۳۸ اس صحابی کا نام بتایئے جنھیں حدیبیہ کے موقع پر قریش مکہ نے بیت اللہ کا طواف کرنے کی پیشکش کی مگر انھوں نے یہ پیشکش رد کردی اور گوارہ نہ کیا کہ حضور ﷺ کے طواف کرنے سے پہلے خود طواف کرلیں؟

جواب حضرت عثمان غنیؓ

(زادالمعاد ص ۶۲۰ ج ۱، ابن ھشام ص ۳۷۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۳۳)

سوال: ۸۳۹ اس صحابی کا نام بتایئے جنھوں نے حدیبیہ کے موقع پر ارشاد فرمایا اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے اگر میں ایک سال بھی وہاں رہتا اور حضور ﷺ حدیبیہ میں مقیم رہتے تو میں آپ ﷺ کے طواف کرنے سے پہلے ہرگز طواف نہیں کرتا؟

جواب حضرت عثمان غنیؓ (زادالمعاد ص ۶۲۱ ج ۱۔ سیرۃ الرسول ص ۱۳۳)

سوال: ۸۴۰ جب حدیبیہ میں یہ خبر پھیل گئی کہ حضرت عثمان غنیؓ کو شہید کردیا گیا تو آپ ﷺ نے کیا کیا؟

جواب حضرت عثمان غنیؓ کا انتقام لینے کے لئے آپ ﷺ نے تمام صحابۂ کرامؓ سے بیعت لی (بخاری مع الفتح ۴۱۶۷)

سوال: ۸۴۱ صلح حدیبیہ کے موقع پر حضرت عثمان غنیؓ کا انتقام لینے کے لئے نبی کریم ﷺ سے سب سے پہلے بیعت کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب ابوسنان اسدیؓ

(ابن ھشام ص ۳۷۶ ج ۲، فتح الباری ۵۷۰ ج ۷، الرحیق المختوم ۵۳۴)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۸۴۲ حدیبیہ کے موقع پر عثمان غنیؓ کا انتقام لینے کے لئے نبی کریم ﷺ سے تین دفعہ بیعت کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت سلمہ بن اکوعؓ

(صحیح مسلم مع شرح النووی کتاب الجہاد والسیر باب غزوۃ قرد ص ۱۱۳ ج ۲)

سوال:۸۴۳ حدیبیہ کے موقع پر حضرت عثمان غنیؓ کا انتقام لینے کے لئے نبی کریم ﷺ سے بیعت نہ کرنے والے منافق کا نام بتایئے؟

جواب جد بن قیس (ابن ہشام ص ۳۷۶ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۳۴)

سوال:۸۴۴ حدیبیہ میں حضرت عثمان غنیؓ کا انتقام لینے کے لئے حضور ﷺ نے اپنے دست مبارک کو کس کا ہاتھ کہکر ان کی طرف سے اپنے دست مبارک پر بیعت کی تھی؟

جواب حضرت عثمان غنیؓ کا (زاد المعاد ص ۱۲۱ ج ۱، ابن ہشام ص ۳۷۶ ج ۲)

سوال:۸۴۵ ﴿لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبا یعو نک تحت الشجرۃ﴾ (الفتح:۱۸) کس کے متعلق نازل ہوئی؟

جواب نبی کریم ﷺ سے جن لوگوں نے عثمان غنیؓ کے انتقام کے لئے بیعت کیا تھا. (الرحیق المختوم ص ۵۳۴)

سوال:۸۴۶ اس شخص کا نام بتایئے جس کو حدیبیہ کے موقع پر قریش کی جانب سے صلح کے لئے آتا ہوا دیکھ کر نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرام سے فرمایا تمہارا کام تمہارے لئے سہل کر دیا گیا ہے؟

جواب سہیل بن عمرو (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱-۲۷۳۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۸۴۷ حدیبیہ کے موقع پر دفعات صلح لکھنے والے کا نام بتائیے؟

جواب حضرت علیؓ (مسلم مع شرح نووی کتاب الجہاد والسیر باب صلح الحدیبیہ ص۱۰۴ ج۲)

سوال:۸۴۸ حدیبیہ کے موقع پر دفعات صلح لکھے جانے کے وقت سہیل نے کیا لکھنے پر کہا کہ ہم رحمٰن کو نہیں جانتے؟

جواب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲۔ مسلم مع شرح نووی کتاب الجہاد والسیر باب صلح الحدیبیہ ص۱۰۵ ج۲)

سوال:۸۴۹ سہیل نے دفعات صلح حدیبیہ میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی جگہ کیا لکھنے کو کہا؟

جواب باسمک اللّٰھم (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲۔ مسلم مع شرح نووی کتاب الجہاد والسیر باب صلح الحدیبیہ ص۱۰۵ ج۲)

سوال:۸۵۰ سہیل نے دفعات صلح حدیبیہ کے موقع پر محمد رسول اللہ لکھنے پر کیا اعتراض کیا؟

جواب اللہ کی قسم! اگر ہم یہ جانتے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں تو ہم آپ کو بیت اللہ سے نہ روکتے اور آپ سے مقاتلہ نہ کرتے۔
(بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲)

سوال:۸۵۱ دفعات صلح حدیبیہ میں سہیل نے محمد رسول اللہ کی جگہ کیا لکھنے کو کہا؟

جواب محمد بن عبداللہ۔ (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲)

سوال:۸۵۲ سہیل نے جب دفعات صلح میں محمد رسول اللہ لکھنے پر اعتراض کیا تو نبی کریم ﷺ نے کیا جواب دیا؟

جواب اگرچہ تم نے میری تکذیب کی ہے لیکن میں بلاشبہ اللہ کا رسول ہوں۔
(بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال: ۸۵۳ حدیبیہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ سے دوران گفتگو آپ ﷺ کی داڑھی مبارک عروہ نے پکڑ لیا تو اس کے ہاتھ کو تلوار کا دستہ مار کر ہٹانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت مغیرہ بن شعبہؓ (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲)

سوال: ۸۵۴ اس شخص کا نام بتایئے جس نے حدیبیہ کے موقع پر اپنے ساتھیوں سے کہا اے قوم! اللہ کی قسم میں کسریٰ، قیصر، نجاشی جیسے بادشاہوں کے پاس گیا ہوں لیکن بخدا! میں نے کسی بادشاہ کو نہیں دیکھا اس کے ساتھی اس کی اسقدر عزت واحترام کرتے ہوں جس قدر محمد ﷺ کے صحابہؓ ان کی تعظیم کرتے ہیں بخدا!! اگر وہ بلغم تھوکیں تو وہ بھی کسی آدمی کے ہاتھ میں پڑتا ہے اور وہ اسے چہرے اور بدن پر مل لیتا ہے اور جب وہ انہیں حکم دیتے ہیں تو فوراً اطاعت کرتے ہیں جب آپ ﷺ وضو کرتے ہیں تو اس کے پانی کے لئے آپس میں جھگڑتے ہیں جب آپ ﷺ کلام کرتے ہیں تو صحابہ کی آوازیں بند ہو جاتی ہیں اور غایت تعظیم کے باعث وہ انکی طرف نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھتے؟

جواب عروہ بن مسعودؓ (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲)

سوال: ۸۵۵ اس صحابی کا نام بتایئے جن کے متعلق سہیل کہنے لگا اے محمد ﷺ! یہ پہلا آدمی ہے جسے فیصلے کے مطابق آپ ﷺ لوٹائیں گے؟

جواب حضرت ابوجندلؓ (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲)

سوال: ۸۵۶ اس صحابی کا نام بتایئے جن کے متعلق حضرت عمرؓ کا بیان ہے مجھے امید تھی کہ وہ تلوار لیکر اپنے باپ کو اڑا دیں گے لیکن انھوں نے اپنے باپ کے بارے میں بخل سے کام لیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت ابوجندلؓ (فتح الباری ص ۴۳۳ ج ۷۔ ابن ھشام ص ۳۸۰ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۳۹)

سوال:۸۵۷ حدیبیہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ کو مشورہ دیتے ہوئے عرض کرنے والی ام المومنین کا نام بتایئے یارسول اللہ ﷺ کیا آپ ایسا چاہتے ہیں تو پھر آپ ﷺ تشریف لے جایئے اور کسی سے کچھ کہے بغیر چپ چاپ اپنا جانور ذبح کر دیجئے اور اپنے حجام کو بلا کر سر منڈا لیجئے؟

جواب حضرت ام سلمہؓ (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲)

سوال:۸۵۸ نبی کریم ﷺ نے کس موقع پر ابوجہل کا ایک اونٹ ذبح کیا؟

جواب حدیبیہ کے موقع پر (ابن ھشام ص ۳۸۰ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۳۷)

سوال:۸۵۹ ﴿انا فتحنا لک فتحاً مبینا﴾ (الفتح:۱) میں فتح مبین سے کیا مراد ہے؟

جواب صلح حدیبیہ (بخاری مع الفتح رقم ۴۸۳۴)

سوال:۸۶۰ اس صحابی کا نام بتایئے جو صلح حدیبیہ کے بعد نبی کریم ﷺ کے پاس مدینہ مسلمان ہو کر تشریف لائے اور ان کی تلاش میں مشرکین قریش آئے تو ان کے ساتھ انھیں لوٹا دیا گیا؟

جواب حضرت ابوبصیرؓ (بخاری مع الفتح رقم ۲۷۳۱۔۲۷۳۲)

سوال:۸۶۱ نبی کریم ﷺ نے شاہ حبشہ کے پاس خط کس صحابی کے ذریعہ بھیجا؟

جواب حضرت عمرو بن امیہ الضمریؓ کے ذریعہ

(زاد المعاد ص ۸۹۹ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۴۷)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۸۶۲ نبی کریم ﷺ کا خط جب حضرت عمرو بن امیہ الضمری ؓ نے نجاشی کے حوالہ کیا تو اس نے خط کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟

جواب نجاشی نے اسے لیکر آنکھ پر رکھا اور تخت سے زمین پر اتر آیا۔

(الرحیق المختوم ص۵۵۵)

سوال:۸۶۳ شاہ مصر مقوقس کا اصل کا نام کیا تھا؟

جواب جریج بن متیٰ (الرحیق المختوم ص۵۵۰)

سوال:۸۶۴ نبی کریم ﷺ نے شاہ مصر کے پاس خط کس کے ذریعہ بھیجا؟

جواب حاطبؓ بن ابی بلتعہ کے ذریعہ (زادالمعاد ص۹۰۱ ج۲، الرحیق المختوم ۵۵۲)

سوال:۸۶۵ مقوقس نے آپ ﷺ کی خدمت میں ہدیتاً کیا بھیجا؟

جواب دو لونڈیاں، خچر اور کپڑے (زادالمعاد ص۹۰۲ ج۲، الرحیق المختوم ۵۵۲)

سوال:۸۶۶ مقوقس نے ہدیتاً جو لونڈیاں بھیجا تھا ان کا نام کیا ہے؟

جواب (۱) ماریہ (۲) سیرین (زادالمعاد ص۹۰۲ ج۲)

سوال:۸۶۷ مقوقس نے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں جو خچر بھیجا تھا اس کا نام کیا ہے؟

جواب دُلدُل (زادالمعاد ص۹۰۲ ج۲)

سوال:۸۶۸ آپ ﷺ کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کس لونڈی سے پیدا ہوئے؟

جواب حضرت ماریہ سے (زادالمعاد ص۱۸۶ ج۱)

سوال:۸۶۹ سیرین نامی لونڈی جو مقوقس نے ہدیتاً نبی کریم ﷺ کے لئے بھیجا تھا آپ ﷺ نے اس کو کس صحابی کے حوالہ کر دیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت حسان بن ثابتؓ کے (الرحیق المختوم ص ۵۵۳)

سوال:۸۷۰ نبی کریم ﷺ نے شاہ فارس کے پاس خط کس کے ذریعہ بھیجا تھا؟

جواب حضرت عبداللہ بن حذافہؓ کے ذریعہ۔ (بخاری مع الفتح رقم ۴۴۲۴)

سوال:۸۷۱ جب شاہ فارس کو خط پڑھ کر سنایا گیا تو اس نے خط کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب خط چاک کردیا (بخاری مع الفتح رقم ۴۴۲۴)

سوال:۸۷۲ جب شاہ فارس کو خط پڑھ کر سنایا گیا تو وہ متکبرانہ انداز میں کیا بولا؟

جواب میری رعایا میں سے ایک حقیر غلام اپنا نام مجھ سے پہلے لکھتا ہے۔
(الرحیق المختوم ۵۵۴)

سوال:۸۷۳ شاہ فارس کا نام کیا تھا؟

جواب پرویز (فتح الباری ص ۱۶۰ ج ۸)

سوال:۸۷۴ خسرو کا بیٹا جو اپنے باپ کو قتل کر کے خود بادشاہ بن بیٹھا اس کا نام کیا ہے؟

جواب شیرویہ (فتح الباری ص ۱۶۱ ج ۸)

سوال:۸۷۵ شاہ روم کے پاس نبی کریم ﷺ نے خط کس کے ذریعہ بھیجا؟

جواب حضرت دحیہؓ کلبی کے ذریعہ (بخاری مع الفتح رقم ۷)

سوال:۸۷۶ شاہ روم کا نام کیا تھا؟

جواب ہرقل (بخاری مع الفتح رقم ۷)

سوال:۸۷۷ منذر بن ساوی کے نام خط آپ ﷺ نے کس کے ذریعہ ارسال فرمایا؟

جواب حضرت علاء بن حضرمیؓ کے ذریعہ (زاد المعاد ص ۷۰۹ ج ۲)

سوال:۸۷۸ رسول اکرم ﷺ نے ہوذہ بن علی کے پاس خط کس کے ذریعہ بھیجا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت سلیط بن عمروؓ عامری کے ذریعہ

(زاد المعاد ص ۹۱۴ ج ۲، الرحیق المختوم ۵۶۱)

سوال: ۸۷۹ حارث بن ابی شمر غسانی کے پاس آپ ﷺ نے کس کے ذریعہ خط روانہ فرمایا؟

جواب حضرت شجاع بن وہبؓ کے ذریعہ

(زاد المعاد ص ۹۱۶ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۶۲)

سوال: ۸۸۰ شاہ عُمان کے پاس خط لیکر جانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عمرو بن عاصؓ (زاد المعاد ص ۹۰۴ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۶۳)

سوال: ۸۸۱ غزوہ قرد کس سن میں پیش آیا؟

جواب ۷ھ میں (بخاری مع الفتح کتاب المغازی باب غزوۃ القرد)

سوال: ۸۸۲ غزوہ قرد میں علمبردار کون تھا؟

جواب حضرت مقداد بن عمروؓ (الرحیق المختوم ص ۵۷۰)

سوال: ۸۸۳ اس غزوہ کا نام بتایئے جس پر تبصرہ کرتے ہوئے رسول اکرم ﷺ نے فرمایا آج ہمارے سب سے بہتر شہسوار ابو قتادہؓ اور سب سے بہتر پیادہ سلمہؓ ہیں؟

جواب غزوہ قرد (مسلم کتاب الجہاد والسیر باب غزوۃ القرد ص ۱۱۵ ج ۲)

سوال: ۸۸۴ غزوہ خیبر کس سن میں پیش آیا؟

جواب ۷ھ میں (زاد المعاد ص ۶۲۱ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۵۷۱)

سوال: ۸۸۵ ﴿وعدکم الله مغانم کثیرة فعجل لکم هذه﴾ (الفتح: ۲۰) (اللہ نے تم سے بہت سے اموال غنیمت کا وعدہ کیا ہے جسے تم حاصل کرو گے تو اس کو تمہارے لئے فوری طور پر عطا کر دیا جس کو فوری طور پر عطا کر دیا) اور بہت سے اموال غنیمت سے کیا مراد ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب فوری طور پر عطا کرنے سے مراد صلح حدیبیہ اور بہت سے اموال غنیمت سے مراد فتح خیبر ہے۔ (الرحیق المختوم ص ۵۷۲)

سوال:۸۸۶ غزوہ خیبر میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۱۴۰۰ (رحمۃ للعالمین ۱۹۴ ج ۲۔الرحیق المختوم ص ۵۷۳)

سوال:۸۸۷ غزوہ خیبر کے موقع پر مدینہ کا منتظم کون تھا؟

جواب حضرت سباع ؓ بن عُرفُطہ

(فتح الباری ص ۵۹۰ ج ۷، زاد المعاد ص ۱۲۱ ج ۱، مختصر سیرۃ الرسول ص ۱۳۷)

سوال:۸۸۸ حضرت ابو ہریرہ ؓ نے کس سن میں اسلام قبول کیا؟

جواب ۷ ھ میں (تحفۃ الاحوذی باب فضل الطہور ص ۲۷ ج ۱)

سوال:۸۸۹ اَللّٰھُمَّ لَوْلَااَنْتَ مَا اھْتَدَیْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَاصَلَّیْنَا
فَاغْفِرْفِدَاءلَّکَ مَا اتَّقَیْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَاقَیْنَا
وَاَلْقِیَنْ سَکِیْنَۃً عَلَیْنَا اِنَّااِذَاصِیْحَ بِنَااَبَیْنَا
وَبِالصِّیَاحِ عَوَّلُوْاعَلَیْنَا کس کے اشعار ہیں۔

جواب عامر بن اکوع ؓ کے (بخاری مع الفتح ۴۱۹۶)

سوال:۸۹۰ عامر بن اکوع ؓ کے اشعار سن کر نبی کریم ﷺ نے فرمایا اللہ اس پر رحم کرے تو اس کو سن کر کس صحابی نے کہا اس پر شہادت واجب ہوگئی؟

جواب حضرت عمر ؓ نے (فتح الباری ص ۵۹۲ ج ۷)

سوال:۸۹۱ غزوہ خیبر میں علمبردار کون تھا؟

جواب حضرت علی ؓ (بخاری مع الفتح ۴۲۱۰)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۸۹۲ کس موقع پر حضرت علیؓ سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا تھا. بخدا! اگر تمہارے ذریعہ اللہ تعالیٰ ایک آدمی کو بھی ہدایت دیدے تو یہ تمہارے لئے سرخ اونٹوں سے بہتر ہے؟

جواب خیبر کے موقع پر (بخاری ۴۲۱۰)

سوال:۸۹۳ اس یہودی کا نام بتایئے جس کو ایک ہزار مردوں کے برابر مانا جاتا ہے؟

جواب مرحب (الرحیق المختوم ص ۵۷۸)

سوال:۸۹۴ مرحب نامی یہودی کا قاتل کون ہے؟

جواب حضرت علیؓ (زاد المعاد ص ۶۳۴ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۵۷۹)

سوال:۸۹۵ اس صحابی کا نام بتایئے جن کے متعلق نبی کریم ﷺ نے اپنی دونوں انگلیاں اکٹھا کر کے فرمایا ان کے لئے دوہرا اجر ہے وہ بڑے جانباز مجاہد تھے کم ہی ان جیسا کوئی عرب روئے زمین پر چلا ہوگا؟

جواب حضرت عامر بن اکوعؓ کے بارے میں. (بخاری مع الفتح ۴۱۹۶)

سوال:۸۹۶ اس ام المومنین کا نام بتایئے جو غزوہ خیبر میں قید ہو کر آئیں؟

جواب حضرت صفیہؓ (بخاری مع الفتح ۴۲۰۰)

سوال:۸۹۷ حضرت صفیہؓ سے رسول اکرم ﷺ نے نکاح میں بطور مہر کیا مقرر کیا؟

جواب آزادی (بخاری مع الفتح رقم ۴۲۰۰)

سوال:۸۹۸ حضرت صفیہؓ سے شادی کے موقع پر رسول اکرم ﷺ نے ولیمہ میں کیا کھلایا؟

جواب کھجور گھی اور ستو سان کر (بخاری مع الفتح رقم ۵۱۶۹)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب چاند اپنی جگہ سے گر کر میری آغوش میں آپڑا ہے۔

(ابن ھشام ص ۳۰۲ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۸۸)

سوال: ۹۰۰ جب حضرت صفیہؓ نے اپنے شوہر کنانہ سے اپنے خواب کو بیان کیا تو اس نے حضرت صفیہؓ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

جواب اس نے تھپڑ رسید کرتے ہوئے کہا کہ یہ بادشاہ جو مدینہ میں ہے اس کی آرزو کرتی ہو۔ (ابن ھشام ص ۳۰۲ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۵۸۸)

سوال: ۹۰۱ اس ام المومنین رضی اللہ عنہا کا نام بتایئے جن سے آپ ﷺ نے فرمایا تم نے کیوں نہیں کہہ دیا کہ تم مجھ سے بہتر کیوں کر ہو سکتی ہو میرا باپ ہارونؑ میرا چچا موسیٰ اور میرا شوہر محمد ﷺ ہے؟

جواب حضرت صفیہؓ (ترمذی مع التحفہ ۳۱۴۸)

سوال: ۹۰۲ رسول اکرم ﷺ کو بکری کے گوشت میں زہر دینے والی یہودیہ عورت کا نام کیا ہے؟

جواب زینب بنت حارث۔ (فتح الباری ص ۶۳۳ ج ۷، زاد المعاد ص ۶۴۲ ج ۲)

سوال: ۹۰۳ زینب بنت حارث کے گوشت میں زہر دینے کے سبب انتقال کر جانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت بشر بن براءؓ (فتح الباری ص ۶۳۳ ج ۷، زاد المعاد ص ۶۴۲ ج ۲)

سوال: ۹۰۴ خیبر میں کل کتنے یہود قتل کیے گئے؟

جواب ۹۳ (الرحیق المختوم ص ۵۸۹)

سوال: ۹۰۵ تیماء کے متعلق نبی کریم ﷺ کو نوشتہ لکھنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت خالد بن سعیدؓ (الرحیق المختوم ص ۵۹۱)

”محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۰۶ غزوہ ذات الرقاع کس سن میں واقع ہوا؟

جواب خیبر کے بعد ۷ھ میں

(بخاری کتاب المغازی باب غزوۃ ذات الرقاع، الرحیق المختوم ص ۵۹۳)

سوال:۹۰۷ غزوہ ذات الرقاع کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

جواب صحابۂ کرامؓ نے اس غزوہ میں اپنے پاؤں پر چیتھڑے اور پٹیاں باندھ اور لپیٹ رکھی تھیں اسی لئے اس کا نام ذات الرقاع ہے۔

(بخاری مع الفتح رقم ۴۱۲۸)

سوال:۹۰۸ غزوہ ذات الرقاع میں نبی کریم ﷺ کو نیند آگئی دریں اثنا ایک مشرک آپ ﷺ کے پاس آکر تلوار سونت کر کہنے لگا کہ اب آپ ﷺ کو مجھ سے کون بچائے گا اس مشرک کا نام بتایئے؟

جواب غورث بن حارث (بخاری مع الفتح رقم ۴۱۳۶)

سوال:۹۰۹ نبی کریم ﷺ نے کل کتنے عمرے کیے؟

جواب (۴) چار (بخاری مع الفتح ۴۲۵۳)

سوال:۹۱۰ عمرۂ قضا میں صحابہ کی تعداد عورتوں اور بچوں کے علاوہ کتنی تھی؟

جواب ۲۰۰۰ (فتح الباری ص ۶۳۷ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۶۰۰)

سوال:۹۱۱ عمرۂ قضا کیلئے آپ کس سن میں تشریف لے گئے؟

جواب ذی قعدہ ۷ھ میں

(ابن ھشام ص ۴۳۳ ج ۲، زاد المعاد ص ۶۶۰ ج ۲، فتح الباری ص ۶۳۷ ج ۷)

سوال:۹۱۲ عمرۂ قضا کیلئے کس اونٹنی پر آپ ﷺ مکہ تشریف لے گئے؟

جواب قصواء پر (الرحیق المختوم ص ۶۰۰)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۱۳ اس ام المومنین کا نام بتایئے جن سے نبی کریم ﷺ نے عمرۂ قضاء سے واپسی کے دوران مقام سرف میں نکاح کیا؟

جواب حضرت میمونہؓ (زاد المعاد ص۲۶۱ ج۱، الرحیق المختوم ص۶۰۳)

سوال:۹۱۴ اس شخص کا نام بتایئے جنھیں حضرت اسامہ بن زیدؓ نے لا الہ الا اللہ کہنے کے باوجود قتل کر دیا تھا؟

جواب نہیک بن مرداسؓ (فتح الباری ص۲۴۰ ج۱۲)

سوال:۹۱۵ معرکۂ موتہ کس سن میں واقع ہوا؟

جواب ۸ھ میں۔

(ابن ہشام ص۳۷۴ ج۲، الرحیق المختوم ص۶۶۸، فتح الباری ص۶۵۰ ج۷)

سوال:۹۱۶ معرکۂ موتہ کا سبب کیا ہے؟

جواب اس کا سبب یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت حارثؓ بن عمیر ازدی کو اپنا خط دیکر حاکم بُصریٰ کے پاس روانہ کیا تو انھیں قیصر روم کے گورنر شرحبیل بن عمرو غسانی نے جو بلقاء پر مامور تھا گرفتار کر لیا اور مضبوطی کے ساتھ باندھ کر ان کی گردن ماردی جب نبی کریم ﷺ کو اس کی اطلاع دی گئی تو آپ ﷺ پر یہ بات سخت گراں گذری اور آپ ﷺ نے اس علاقہ پر فوج کشی کیلئے لشکر تیار کیا۔

(فتح الباری ص۶۵۰ ج۷، زاد المعاد ص۲۶۸ ج۱، الرحیق المختوم ص۶۰۵)

سوال:۹۱۷ معرکۂ موتہ میں اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

جواب تین ہزار (الرحیق المختوم ص۶۰۸، ابن ھشام ص۳۷۴ ج۲ حاشیہ۳)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۱۸ معرکۂ موتہ میں نبی کریم ﷺ نے سپہ سالار یکے بعد دیگرے کن کن لوگوں کو منتخب کیا تھا؟

جواب (۱) حضرت زید بن حارثہؓ (۲) حضرت جعفر بن ابی طالبؓ
(۳) حضرت عبداللہ بن رواحہؓ (بخاری مع الفتح ۴۲۶۱)

سوال:۹۱۹ ذوالجناحین کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کو (بخاری مع الفتح ۳۷۰۹)

سوال:۹۲۰ حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کو ذوالجناحین اور طیار کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب اللہ تعالیٰ نے انہیں دو بازوں کے بدلے جنت میں دو بازو عطا کئے ہیں جن کے ذریعہ وہ جہاں چاہتے ہیں اڑتے ہیں.
(ابن ھشام ص ۴۴۴ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۶۰۹)

سوال:۹۲۱ سیف اللہ کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت خالد بن ولیدؓ کو (بخاری مع الفتح ۳۷۵۷)

سوال:۹۲۲ حضرت عبداللہ بن رواحہؓ کی شہادت کے بعد لپک کر جھنڈا اٹھا کر ”مسلمانو! اپنے کسی آدمی کو سپہ سالار بنالو“ کہنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت زید بن ارقمؓ (ابن ھشام ص ۴۴۵ ج ۲، زادالمعاد ص ۶۷۰ ج ۲)

سوال:۹۲۳ معرکۂ موتہ میں حضرت خالد بن ولیدؓ کے ہاتھوں ٹوٹنے والی تلوار کی کل تعداد کتنی تھی؟

جواب ۹ (بخاری مع الفتح ۴۲۶۶)

سوال:۹۲۴ معرکۂ موتہ میں کتنے مسلمان شہید کئے گئے؟

جواب ۱۲ (الرحیق المختوم ص ۶۱۲، رحمۃ للعالمین ص ۲۲۷ ج ۲)

”محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۲۵ معرکۂ موتہ میں نبی کریم ﷺ نے جب یکے بعد دیگرے سپہ سالار کو متعین کر دیا تو کس یہودی نے کہا کہ اگر محمد (ﷺ) سچا نبی ہے تو یہ سب مارے جائیں گے؟

جواب نعمان نامی یہودی نے (رحمۃ للعالمین ص ۲۲۷ ج ۲)

سوال:۹۲۶ فتح مکہ کس سن میں پیش آیا؟

جواب رمضان ۸ھ میں

(زاد المعاد ص ۶۷۷ ج ۱، فتح الباری ص ۴ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۶۲۳)

سوال:۹۲۷ فتح مکہ میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۱۰۰۰۰ (زاد المعاد ص ۶۸۲ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۶۲۳)

سوال:۹۲۸ فتح مکہ کے موقع پر مدینہ کا عامل کون تھا؟

جواب حضرت ابورھم کلثوم بن حصین غفاریؓ

(ابن ھشام ص ۳۷۳ ج ۲، زاد المعاد ص ۶۷۷ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۶۲۳)

سوال:۹۲۹ اس ام المومنینؓ کا نام بتایئے جنھوں نے اپنے والد محترم کی آمد پر نبی کریم ﷺ کے بستر کو لپیٹ کر رکھ دیا؟

جواب حضرت ام حبیبہؓ (زاد المعاد ص ۶۷۸ ج ۱)

سوال:۹۳۰ جب ابوسفیان نے اپنی بیٹی سے کہا کیا تم نے اس بستر کو میرے لائق نہیں سمجھا کہ تو نے بستر کو لپیٹ دیا تو بیٹی نے کیا جواب دیا؟

جواب یہ بستر رسول اکرم ﷺ کا ہے اور آپ ناپاک مشرک آدمی ہیں۔

(زاد المعاد ص ۶۷۸ ج ۱)

سوال:۹۳۱ ابوسفیان نے اپنی بیٹی کے جواب کو سنکر کیا کہا؟

"محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com



جواب اللہ کی قسم! میرے بعد تجھے خرابی ہوگئی. (زادالمعادص ۶۷۸ ج ۱)

سوال: ۹۳۲ فتح مکہ کے موقع پر رسول اکرم ﷺ کے حملہ سے رقعہ کے ذریعہ قریش کو باخبر کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ (بخاری مع الفتح رقم ۴۲۷۴)

سوال: ۹۳۳ فتح مکہ کے موقع پر رسول اکرم ﷺ کے حملہ سے قریش کو باخبر کرنے کیلئے جو رقعہ لیکر عورت جارہی تھی اس رقعہ کو عورت نے کہاں چھپا رکھا تھا؟

جواب سر کی چوٹی میں (بخاری مع الفتح ۴۲۷۴)

سوال: ۹۳۴ فتح مکہ کے موقع پر رسول اکرم ﷺ کے حملہ سے قریش کو باخبر کرنے کیلئے جو عورت جارہی تھی اس کو گرفتار کرنے کیلئے نبی کریم ﷺ نے کن کن صحابۂ کرام کو بھیجا تھا؟

جواب (۱) حضرت علیؓ (۲) حضرت زبیرؓ (۳) حضرت مقدادؓ (۴) حضرت ابو مرثد غنویؓ (بخاری مع الفتح ۴۲۷۴+۳۹۸۳)

سوال: ۹۳۵ اس عورت کو پکڑنے کیلئے نبی کریم ﷺ نے صحابہ کرامؓ کو کس مقام پر پہونچنے کو کہا؟

جواب روضۂ خاخ پر (بخاری مع الفتح ۴۲۷۴)

سوال: ۹۳۶ ''اللہ کے رسول حکم دیں کہ میں اس منافق کی گردن ماردوں'' فتح مکہ کے موقع پر حاطب بن ابی بلتعہؓ کے متعلق نبی کریم ﷺ سے عرض کرنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عمرؓ (بخاری مع الفتح ۴۲۷۴)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۳۷ اس صحابی کا نام بتایئے جنھوں نے ابوسفیان بن حارث سے کہا رسول اکرم ﷺ کے پاس حاضر ہوکر وہی کلمات عرض کریں جو برادران یوسفؑ نے حضرت یوسفؑ کے سامنے عرض کیا تھا ﴿قالوا تاللہ لقد اثرک اللہ علینا وان کنا لخاطئین﴾ (یوسف:۹۱)

جواب حضرت علیؓ (زادالمعاد ص۶۸۲ ج۱)

سوال:۹۳۸ ابوسفیان بن حارث کے جواب میں نبی کریم ﷺ نے کیا کہا؟

جواب لاتثریب علیکم الیوم (زادالمعاد ص۶۸۲ ج۱)

سوال:۹۳۹ عباسؓ! ٹھہر جاؤ۔ خدا کی قسم تمہارا اسلام لانا میرے نزدیک خطاب کے اسلام لانے سے اگر وہ اسلام لاتے زیادہ پسندیدہ ہے'' کہنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عمرؓ (ابن هشام ص۴۰۷ ج۲، الرحیق المختوم ص۶۲۶)

سوال:۹۴۰ اے اللہ کے رسول ﷺ ابوسفیان فخر کو پسند کرتا ہے اس لئے کوئی اعزاز عطا فرمایئے؟ کہنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عباسؓ (زادالمعاد ص۶۸۴ ج۱)

سوال:۹۴۱ حضرت عباسؓ کے کہنے پر نبی کریم ﷺ نے ابوسفیان کو کیا اعزاز عطا کیا؟

جواب جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہوجائے اسے امان ہے۔

(زادالمعاد ص۶۸۴ ج۱)

سوال:۹۴۲ کلید کعبہ واپس دیتے ہوئے نبی کریم ﷺ نے کس سے فرمایا ''اسے لے لو ہمیشہ کیلئے نسلاً بعد نسلٍ ظالم کے سوا کوئی تم سے نہ چھینے گا؟

جواب عثمان بن ابی طلحہ سے (زادالمعاد ص۶۸۸ ج۱)

'' محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ ''

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۴۳ فتح مکہ کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے اکابر مجرمین میں سے کتنے آدمیوں کا خون رائیگاں قرار دیتے ہوئے فرمایا اگر یہ کعبہ کے پردے کے نیچے ملیں تو بھی انہیں قتل کردو؟

جواب نو (زادالمعاد ص۶۸۹ ج۱،الرحیق المختوم ص ۶۳۵)

سوال:۹۴۴ فتح مکہ پر بیت اللہ کے اردگرد اور اسکی چھت پر کل کتنے بت تھے؟

جواب ۳۶۰ (بخاری مع الفتح ۴۷۲۰)

سوال:۹۴۵ سواع نامی بت کو توڑنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عمرو بن عاصؓ (زادالمعاد ص۶۹۱ ج۱)

سوال:۹۴۶ مناۃ نامی بت توڑنے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت سعد بن زیدؓ (زادالمعاد ص۶۹۱ ج۱)

سوال:۹۴۷ عزیٰ نامی بت توڑنے کیلئے نبی کریم ﷺ نے کس کی سرکردگی میں سریہ روانہ کیا؟

جواب حضرت خالد بن ولیدؓ کی (ابن ھشام ص۵۲۲ ج ۲،الرحیق المختوم ص ۶۴۱)

سوال:۹۴۸ غزوہ حنین کس سن میں پیش آیا؟

جواب شوال ۸ ھ میں (ابن ھشام ص۵۲۳ ج ۲،رحمۃ للعالمین ص ۱۹۹ ج ۲)

سوال:۹۴۹ غزوہ حنین کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب ہوازن (زادالمعاد ص۷۱۴ ج۱)

سوال:۹۵۰ غزوہ حنین میں مسلمانوں کی تعداد کتنی تھی؟

جواب ۱۲۰۰۰ (ابن ھشام ص۵۲۶ ج ۲،زادالمعاد ص۷۱۶ ج۱)

سوال:۹۵۱ غزوہ ہوازن کی وجہ تسمیہ کیا ہے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب بنی ہوازن نبی ﷺ کے مقابلہ میں جنگ کرنے کیلئے آئے تھے۔

(زادالمعاد ص ۷۱۴ ج ۱)

سوال:۹۵۲ غزوہ حنین میں قبیلہ ہوازن کا جنرل کمانڈر کون تھا؟

جواب مالک بن عوف۔ (ابن ھشام ص ۵۲۳ ج ۲، فتح الباری ص ۳۳ ج ۸)

سوال:۹۵۳ غزوہ حنین میں قبیلہ ہوازن کا پتہ لگانے کیلئے نبی کریم ﷺ نے کس صحابی کو روانہ کیا؟

جواب حضرت عبداللہ بن ابی حدردؓ کو۔

(ابن ھشام ص ۵۲۶ ج ۲، زادالمعاد ص ۷۱۶ ج ۱)

سوال:۹۵۴ غزوہ حنین کے موقع پر مکہ میں نبی کریم ﷺ نے کس کو سردار بنایا؟

جواب حضرت مالک بن عوفؓ کو (ابن ھشام ص ۵۲۶ ج ۲، زادالمعاد ص ۷۱۶ ج ۱)

سوال:۹۵۵ اس مشرک کا نام بتایئے غزوہ حنین کے موقع پر جس سے نبی کریم ﷺ نے اسلحہ بطور قرض لیا؟

جواب صفوان (زادالمعاد ص ۷۱۶ ج ۱)

سوال:۹۵۶ غزوہ حنین میں مال غنیمت کی مقدار کیا تھی؟

جواب قیدی ۶۰۰۰، اونٹ ۲۴۰۰۰، بکری ۴۰۰۰۰ سے زائد، چاندی ۴۰۰۰ اوقیہ یعنی ایک لاکھ ساٹھ ہزار درہم جس کی مقدار چھ کنٹل سے کچھ ہی کم ہوتی ہے۔ (زادالمعاد ص ۷۱۹ ج ۱، فتح الباری ص ۵۹ ج ۸، الرحیق المختوم ص ۲۵۲)

سوال:۹۵۷ جعرانہ میں حنین کے مال غنیمت کا نگراں کون تھا؟

جواب حضرت مسعود بن عمرو غفاریؓ (ابن ھشام ص ۵۴۸ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۲۵۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۵۸ غزوہ حنین کے موقع پر جب آپ ﷺ کی رضاعی بہن شیما نے حاضر ہوکر عرض کیا اے اللہ کے رسول ﷺ میں آپ ﷺ کی رضاعی بہن ہوں تو آپ ﷺ نے کیا پوچھا؟

جواب کیا علامت ہے؟ (زادالمعادص ۲۲۷ ج ۱، ابن ھشام ص ۵۴۸ ج ۲)

سوال:۹۵۹ رسول کریم ﷺ کے علامت دریافت کرنے پر شیما نے کیا بتایا؟

جواب انھوں نے عرض کیا کہ میں آپ (ﷺ) کو اٹھا ہوئے تھی کہ آپ ﷺ نے میری پیٹھ میں دانت سے کاٹا تھا.

(زادالمعادص ۲۲۷ ج ۱، ابن ھشام ص ۵۴۸ ج ۲)

سوال:۹۶۰ حنین کے مال غنیمت میں سے ابوسفیان کو اس کے بیٹوں سمیت کل کتنے اونٹ اور چاندی دی گئی؟

جواب ۱۲۰/اوقیہ چاندی اور تین سو اونٹ. (زادالمعادص ۱۹۷ ج ۱)

سوال:۹۶۱ حکیم بن حزام کو حنین کے مال غنیمت سے کتنے اونٹ دئے گئے؟

جواب ۲۰۰/اونٹ (زادالمعادص ۲۰۷ ج ۱)

سوال:۹۶۲ ”اے انصار! کیا تم اس سے راضی نہیں کہ لوگ اونٹ اور بکریاں لیکر جائیں اور تم رسول اللہ ﷺ کو لیکر اپنے ڈیروں میں پلٹو اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں محمد ﷺ کی جان ہے اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا ایک فرد ہوتا“.(بخاری مع الفتح ۴۳۳۰) آپ ﷺ نے یہ ارشاد کس موقع پر فرمایا تھا؟

جواب حنین کے مال غنیمت کی تقسیم پر انصار کے اعتراض کے بعد.

(بخاری مع الفتح ۴۳۳۰)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۶۳ آپ ﷺ نے ازواج مطہرات سے کس سن میں ایلاء کیا؟

جواب ۹ ھ میں (الرحیق المختوم ص ۶۶۸)

سوال:۹۶۴ آپ ﷺ کی زندگی کا آخری غزوہ کون ہے؟

جواب تبوک (سیرۃ الرسول ص ۱۲۸)

سوال:۹۶۵ غزوہ تبوک کس سن میں واقع ہوا؟

جواب رجب ۹ ھ

(زاد المعاد ص ۶۹ ۷ ج ۱، ابن ھشام ص ۶۲۰ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۲۰۰ ج ۲)

سوال:۹۶۶ غزوہ تبوک میں اسلامی لشکر کی تعداد کتنی تھی؟

جواب تیس ہزار (رحمۃ للعالمین ص ۱۳۱ ج ۱)

سوال:۹۶۷ غزوہ تبوک میں حضرت عثمان غنیؓ کے صدقہ دینے کے بعد ان کے متعلق نبی کریم ﷺ نے کیا فرمایا؟

جواب آج کے بعد حضرت عثمانؓ جو بھی کریں انھیں ضرر نہ ہوگا

(ترمذی مع التحفہ ۴۹۳۹)

سوال:۹۶۸ غزوہ تبوک کے موقع پر آپ ﷺ نے اپنے اہل وعیال کی دیکھ بھال کیلئے مدینہ میں کس کو رہنے کا حکم دیا؟

جواب حضرت علیؓ کو (بخاری مع الفتح ۴۴۱۶)

سوال:۹۶۹ آپ ﷺ نے غزوہ تبوک کے موقع پر کس کو مخاطب کر کے فرمایا" کیا تم مجھ سے اس بات پر راضی نہیں کہ میرا تمہارا وہی تعلق ہو جو حضرت موسیٰ کے ساتھ حضرت ہارونؑ کا تھا مگر خبردار میرے بعد کوئی نبی نہیں"؟

جواب حضرت علیؓ کو (بخاری مع الفتح ۴۴۱۶)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۷۰ غزوہ تبوک کا دوسرا نام کیا ہے؟

جواب جیش عُسرۃ (بخاری کتاب المغازی باب غزوہ تبوک وھی غزوۃ العسرۃ)

سوال:۹۷۱ غزوہ تبوک کے موقع پر نبی کریم ﷺ نے ایک علاقہ سے گذرتے ہوئے فرمایا اس علاقہ کا پانی بالکل نہ پینا اور نہ اس سے نماز کیلئے وضو کرنا اور تم نے جو اس سے آٹا گوندھ لیا ہے وہ اونٹوں کا کھلا دو اور خود اس میں سے کچھ نہ لینا اس علاقہ کا نام بتایئے؟

جواب مقام حجر (دیار ثمود) (زادالمعاد ص۷۲۲ ج۲)

سوال:۹۷۲ جب آپ ﷺ تبوک پہنچے تو کہاں کا حاکم حاضر ہوا؟

جواب ایلہ کا (زادالمعاد ص۷۷۸ ج۲)

سوال:۹۷۳ حاکم ایلہ نے نبی کریم ﷺ کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟

جواب مصالحت کیا (زادالمعاد ص۷۷۸ ج۲)

سوال:۹۷۴ دومۃ الجندل کے بادشاہ کا نام کیا تھا؟

جواب اکیدر (زادالمعاد ص۷۸۰ ج۲)

سوال:۹۷۵ نبی کریم ﷺ نے اکیدر کے پاس کس صحابی کو بھیجا؟

جواب حرت خالد بن ولیدؓ کو (زادالمعاد ص۷۸۰ ج۲)

سوال:۹۷۶ حضرت خالد بن ولیدؓ کو اکیدر کے پاس بھیجتے ہوئے نبی کریم ﷺ نے اس کی کیا علامت بتایا تھا؟

جواب تم اسے گائے کا شکار کرتے دیکھو گے۔ (زادالمعاد ص۷۸۰ ج۲)

سوال:۹۷۷ غزوہ تبوک میں پیچھے رہ جانے والے تینوں مخلص صحابۂ کرامؓ کے اسمائے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب (۱) حضرت مرارہ بن ربیعؓ (۲) حضرت کعب بن مالکؓ
(۳) حضرت ہلال بن امیہؓ (بخاری مع الفتح ۴۴۸۱)

سوال:۹۷۸ مسجد ضرار کو منہدم کرنے کیلئے آپ ﷺ نے جن دو صحابہ کرامؓ کو بھیجا تھا ان کا نام کیا ہے؟

جواب (۱) حضرت مالک بن دخشمؓ (۲) حضرت حصنؓ بن عدی عجلانی
(زاد المعاد ص ۷۸۸ ج ۲)

سوال:۹۷۹ غزوہ تبوک میں پیچھے رہ جانے والے تینوں مخلص صحابۂ کرام کا نبی ﷺ کے حکم سے کتنے دنوں تک سوشل بائیکاٹ تھا؟

جواب ۵۰ دن (بخاری مع الفتح ۴۴۱۸)

سوال:۹۸۰ صاحب سر رسول اللہ ﷺ کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب حضرت حذیفہؓ کو (بخاری مع الفتح ۳۷۴۳)

سوال:۹۸۱ اس صحابی کا نام بتایئے جس کی قبر میں نبی کریم ﷺ اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما اترے تھے ان سے نبی کریم ﷺ فرماتے اپنے بھائی کا ادب ملحوظ رکھو؟

جواب حضرت عبداللہ ذوالبجادین.
(ابن ھشام ص ۶۳۳ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۱۳۶ ج ۱)

سوال:۹۸۲ اس صحابی کا نام بتایئے جن کے متعلق نبی کریم ﷺ کی دعا سن کر ابن مسعود فرماتے کاش! اس قبر میں میں دبایا جاتا؟

جواب حضرت عبداللہ ذوالبجادینؓ
(ابن ھشام ص ۶۳۳ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۱۳۶ ج ۱).

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۹۸۳ آپ ﷺ نے ۹ ھ میں مناسک حج قائم کرنے کی غرض سے کس صحابی کو امیر الحج بنا کر روانہ فرمایا؟

جواب حضرت ابوبکرؓ کو (بخاری مع الفتح ۴۳۶۳)

سوال:۹۸۴ نبی کریم ﷺ نے حضرت ابوبکرؓ کو مسلمانوں کا امیر حج بنا کر کس سن میں روانہ کیا؟

جواب ۹ ھ میں (بخاری مع الفتح کتاب المغازی باب حج ابی بکر بالناس فی سنۃ تسع)

سوال:۹۸۵ ۹ ھ میں حضرت ابوبکرؓ کے ساتھ کتنے مسلمانوں نے حج کیا؟

جواب ۳۰۰ (زاد المعاد ص۸۱۹ ج ۲، فتح الباری ص۱۰۴ ج ۸)

سوال:۹۸۶ نبی کریم ﷺ نے جب حضرت ابوبکرؓ کو امیر حج بنا کر بھیجا تھا تو کل کتنے اونٹ ان کے ساتھ میں تھے؟

جواب ۲۰/ اونٹ (زاد المعاد ص۸۱۹ ج ۲، فتح الباری ص۱۰۴ ج ۸)

سوال:۹۸۷ ۹ ھ میں حضرت ابوبکرؓ جب امیر حج بنائے گئے تو اس قافلے کی طرف حضرت علیؓ کس سواری سے گئے تھے؟

جواب عضباء نامی اونٹنی سے (زاد المعاد ص۸۱۹ ج ۲)

سوال:۹۸۸ عام الوفود کس سن کو کہا جاتا ہے؟

جواب ۹ ھ کو (ابن ھشام ص۶۸۵ ج ۲، فتح الباری ص۱۰۴ ج ۸)

سوال:۹۸۹ وفد بنی تمیم دربار نبوی ﷺ میں کب آیا؟

جواب ۹ ھ میں (ابن ھشام ص۶۸۵ ج ۲، فتح الباری ۷۵۹ ج ۸)

سوال:۹۹۰ وفد عبد القیس دربار نبوی ﷺ میں دوسری مرتبہ کب حاضر ہوا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ۹ ھ میں (فتح الباری ص ۱۰۷ ج ۸)

سوال:۹۹۱ تم میں دو خصلتیں (۱) دور اندیشی (۲) بردباری ایسی ہیں جنھیں اللہ پسند کرتا ہے آپ ﷺ نے کس سے فرمایا؟

جواب الاشج العصری سے (مسلم مع شرح نووی کتاب الایمان باب الامر بالایمان باللہ تعالی ورسولہ وشرائع الدین والدعاص ۳۵ ج ۱)

سوال:۹۹۲ الاشج العصری کا نام کیا ہے؟

جواب منذر بن عائذ (شرح النووی مع المسلم ص ۳۵ ج ۱)

سوال:۹۹۳ کس وفد کو آپ ﷺ نے مباہلہ کی دعوت دی؟

جواب وفد نجران کو (زاد المعاد ص ۸۵۳ ج ۲)

سوال:۹۹۴ نبی کریم ﷺ نے خواب دیکھا کہ آپ ﷺ کے پاس روئے زمین کے خزانے کھول دئے گئے ہیں اور اس میں سے سونے کے دو کنگن آپ ﷺ کے ہاتھ میں آپڑے ہیں آپ ﷺ کو یہ دونوں بہت گراں اور رنجدہ محسوس ہوئے چنانچہ آپ ﷺ کو وحی کی گئی کہ ان دونوں کو پھونک دیجئے آپ ﷺ نے پھونک دیا تو وہ دونوں اڑ گئے آپ ﷺ نے اس کی تعبیر کیا فرمائی؟

جواب آپ ﷺ نے اس کی تعبیر یہ فرمائی کہ دو کذاب (پرلے درجے کے جھوٹے) نکلیں گے (بخاری مع الفتح ۴۳۷۵)

سوال:۹۹۵ دو کذاب سے کون کون مراد ہیں؟

جواب (۱) مسیلمہ کذاب (۲) اسود عنسی (بخاری مع الفتح ۴۳۷۵)

سوال:۹۹۶ مسیلمہ نے کس سن میں نبوت کا دعوی کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ۱۰ھ میں (فتح الباری ۱۱۲؍ ج ۸)

سوال:۹۹۷ عرب یمامہ کا رحمٰن کس کو کہتے تھے؟

جواب مسیلمہ کذاب کو (فتح الباری ۱۱۲؍ ج ۸)

سوال:۹۹۸ مسیلمہ کذاب کو کس سن میں قتل کیا گیا؟

جواب ۱۲ھ میں (الرحیق المختوم ص ۷۰۳)

سوال:۹۹۹ مسیلمہ کذاب کو قتل کرنے والے کا نام بتایئے؟

جواب حضرت وحشی بن حربؓ (الرحیق المختوم ص ۷۰۳)

سوال:۱۰۰۰ اسود عنسی نے کس علاقہ میں نبوت کا دعوی کیا؟

جواب یمن میں (فتح الباری ص ۱۱۷ ج ۸)

سوال:۱۰۰۱ اسود عنسی کس مقام پر قتل کیا گیا؟

جواب یمن میں (بخاری ۴۳۷۹)

سوال:۱۰۰۲ اسود عنسی کو قتل کرنے والے کا نام کیا ہے؟

جواب فیروز (بخاری رقم ۴۳۷۹)

سوال:۱۰۰۳ اسود عنسی کو کب قتل کیا گیا؟

جواب نبی کریم ﷺ کی وفات سے ایک رات اور ایک دن قبل۔

(فتح الباری ص ۱۱۷ ج ۸)

سوال:۱۰۰۴ آپ ﷺ نے کس صحابی کے متعلق فرمایا ”مجھ سے عرب میں جس کسی آدمی کی خوبی بیان کی گئی اور وہ میرے پاس آیا تو میں نے انکی شہرت سے کچھ کمتر ہی پایا مگر اس کے برعکس اِن کی شہرت اِن کی خوبیوں کو نہیں پہنچ سکی“؟

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت زید الخیر کے متعلق (زاد المعاد ص ۸۳۵ ج ۲)

سوال:۱۰۰۵ "غالباً تم مجھ سے اس سال کے بعد نہ مل سکو گے بلکہ غالباً تم میری اس مسجد اور میری قبر کے پاس سے گذرو گے آپ ﷺ نے کس صحابی سے ارشاد فرمایا؟

جواب حضرت معاذ بن جبلؓ سے (الرحیق المختوم ص ۷۱۱)

سوال:۱۰۰۶ میدان عرفات میں رسول اکرم ﷺ کے ارشادات کو لوگوں تک پہنچانے کیلئے آواز لگانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت ربیعہ بن امیہؓ (ابن ھشام ص ۷۴۴ ج ۲)

سوال:۱۰۰۷ ﴿الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دیناً﴾ کہاں نازل ہوئی؟

جواب میدان عرفہ میں (بخاری مع الفتح ۴۶۰۶)

سوال:۱۰۰۸ ﴿الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دیناً﴾ کے نزول کے بعد رونے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب حضرت عمرؓ (الرحیق المختوم ۷۱۶)

سوال:۱۰۰۹ آپ ﷺ نے حجۃ الوداع کس سن میں ادا کیا؟

جواب ۱۰ ھ میں (زاد المعاد ص ۳۹۴ ج ۱، فتح الباری ص ۱۳۰ ج ۸)

سوال:۱۰۱۰ آپ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر اپنے دست مبارک سے کل کتنے اونٹوں کی قربانی کی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب ٦٣ (رحمۃ للعالمین ص ٢٣٢ ج ١، الرحیق المختوم ٧١٧)

سوال: ١٠١١ حجۃ الوداع کے موقع پر رسول اکرم ﷺ کی طرف سے حضرت علیؓ نے کتنے اونٹ ذبح کیے؟

جواب ٣٧ (رحمۃ للعالمین ص ٢٣٢ ج ١، الرحیق المختوم ٧١٧)

سوال: ١٠١٢ اس صحابی کا نام بتایئے جن کے متعلق رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر تم لوگ ان کی سپہ سالاری پر طعنہ زنی کرتے ہو تو ان سے پہلے ان کے والد کی سپہ سالاری پر طعنہ زنی کر چکے ہو؟

جواب حضرت اسامہ بن زیدؓ (بخاری مع الفتح رقم ٤٤٦٩)

سوال: ١٠١٣ سورہ نصر کا نزول کہاں ہوا؟

جواب حجۃ الوداع کے موقع پر یوم النحر کو منی میں (فتح الباری ص ٩٥٢ ج ٨)

سوال: ١٠١٤ کس سورہ میں نبی کریم ﷺ کی موت کی طرف اشارہ کیا گیا؟

جواب سورہ نصر میں (بخاری مع الفتح ٤٩٧٠)

سوال: ١٠١٥ آپ ﷺ کے مرض الموت کا آغاز کب ہوا؟

جواب ٢٩ رصفر ١١ھ بروز دوشنبہ (رحمۃ للعالمین ص ٢٤١ ج ١، الرحیق المختوم ٧٢٦)

سوال: ١٠١٦ آپ ﷺ نے بحالت مرض کل کتنے دنوں نماز پڑھائی؟

جواب ١١ر دن (رحمۃ للعالمین ص ٢٤١ ج ١، الرحیق المختوم ٧٢٦)

سوال: ١٠١٧ آپ ﷺ کی بیماری کی مدت کل کتنے دن تھی؟

جواب ١٣ یا ١٤ر دن (رحمۃ للعالمین ص ٢٤١ ج ١، الرحیق المختوم ٧٢٦)

سوال: ١٠١٨ آپ ﷺ نے اپنی حیات مبارکہ کا آخری ہفتہ کس ام المومنین کے مکان میں گذارا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے مکان میں۔

(بخاری مع الفتح رقم ۴۴۵۰)

سوال:۱۰۱۹ ”یہود و نصاریٰ پر اللہ کی لعنت ہو کہ انھوں نے اپنے انبیاء کے قبروں کو مساجد بنا لیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی موت سے کتنے دن قبل ارشاد فرمایا؟

جواب ۵/دن (رحمۃ للعالمین ص ۲۴۱ ج ۱، الرحیق المختوم ۷۲۶)

سوال:۱۰۲۰ قرطاس کا واقعہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات سے کتنے روز قبل اور کس دن پیش آیا؟

جواب ۴ روز قبل جمعرات کے دن۔ (بخاری مع الفتح ۴۴۳۱)

سوال:۱۰۲۱ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حیات مبارکہ کی آخری مغرب کی نماز میں کون سی سورہ تلاوت فرمائی؟

جواب سورہ مرسلات (بخاری مع الفتح ۴۴۲۹)

سوال:۱۰۲۲ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں حضرت ابوبکر صدیقؓ کی پڑھائی ہوئی نماز کی کل تعداد کتنی ہے؟

جواب 17 (رحمۃ للعالمین ص ۲۴۳ ج ۱، الرحیق المختوم ۷۳۰)

سوال:۱۰۲۳ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے موت کے دوران فرمایا ایک بندے کو اللہ نے اختیار دیا کہ وہ یا تو دنیا کی چمک دمک اور زیب و زینت میں سے جو کچھ چاہے اللہ اسے دیدے یا اللہ کے پاس جو کچھ ہے اسے اختیار کرے تو اس بندے نے اللہ کے پاس والی چیز کو اختیار کر لیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ بات سن کر ایک صحابی رونے لگے۔ رونے والے صحابی کا نام بتائیے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (بخاری مع الفتح ۳۶۵۴)

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۰۲۴ آپ ﷺ نے کس صحابی کے متعلق فرمایا کہ مجھ پر اپنی رفاقت اور مال میں سب سے زیادہ صاحب احسان ہیں؟

جواب حضرت ابوبکرؓ کے متعلق (بخاری مع الفتح ۳۶۵۴)

سوال:۱۰۲۵ آپ ﷺ کی وفات کے وقت آپ کی زرہ یہودی کے پاس کس چیز کے عوض رہن رکھی ہوئی تھی؟

جواب تیس صاع جو کے عوض (بخاری مع الفتح ۴۴۶۷)

سوال:۱۰۲۶ انتقال کے وقت آپ ﷺ کا آخری کلمہ کیا تھا؟

جواب اللھم بالرفیق الاعلیٰ (بخاری مع الفتح ۴۴۶۳)

سوال:۱۰۲۷ اس صحابی کا نام بتایئے جس کے ہاتھ میں مسواک دیکھ کر حضور اکرم ﷺ نے اپنے آخری وقت میں مسواک کرنے خواہش ظاہر کی؟

جواب حضرت عبدالرحمٰنؓ بن ابی بکر (بخاری مع الفتح ۴۴۵۱)

سوال:۱۰۲۸ اس ام المومنینؓ کا نام بتایئے جنھوں نے آپ ﷺ کو حالت نزع میں سہارا دیکر ٹیکا تھا؟

جواب حضرت عائشہؓ صدیقہ (بخاری مع الفتح ۴۴۵۰)

سوال:۱۰۲۹ اس ام المومنینؓ کا نام بتایئے جن کا بیان ہے کہ اللہ کی ایک نعمت مجھ پر یہ ہے کہ رسول ﷺ نے میرے گھر میں میری باری کے دن میرے لبے اور سینے کے درمیان وفات پائی؟

جواب حضرت عائشہؓ صدیقہ (بخاری مع الفتح ۴۴۴۹)

سوال:۱۰۳۰ نبی کریم ﷺ کی وفات کے وقت آپ ﷺ کے لعاب کے ساتھ کس

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جواب حضرت عائشہؓ صدیقہ (بخاری مع الفتح ۴۴۴۹)

سوال:۱۰۳۱ اس صحابیہ کا نام بتایئے جنھیں نبی کریم ﷺ نے اپنے مرض الموت میں بلایا اور انکے کان میں آہستہ کچھ باتیں کی تو وہ رونے لگیں پھر بلایا اور سرگوشی کی تو ہنسنے لگیں؟

جواب حضرت فاطمہؓ (بخاری مع الفتح ۴۴۳۴)

سوال:۱۰۳۲ اس صحابی کا نام بتایئے جنھوں نے آپ ﷺ کے انتقال کے بعد رخ انور سے چادر ہٹائی اور اسے چوما اور روے اور پھر فرمایا میرے ماں باپ آپ ﷺ پر فدا اللہ آپ ﷺ پر دو موت نہیں جمع کرے گا جو موت آپ ﷺ پر لکھ دی گئی تھی وہ آپ ﷺ کو آچکی؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (بخاری مع الفتح ۴۴۵۲)

سوال:۱۰۳۳ اس صحابی کا نام بتایئے جو رسول اکرم ﷺ کی وفات کے بعد کہنے لگے کہ آپ ﷺ کی وفات نہیں ہوئی ہے بلکہ آپ ﷺ اپنے رب کے پاس تشریف لے گئے ہیں جس طرح حضرت موسیٰؑ بن عمران تشریف لے گئے تھے؟

جواب حضرت عمرؓ (ابن ھشام ص ۸۰۴ ج ۲)

سوال:۱۰۳۴ عمرؓ بیٹھ جاؤ حضرت عمرؓ نے بیٹھنے سے انکار کردیا.....امابعد! فمن کان منکم یعبد محمداً فان محمداً قدمات ومنکان منکم یعبد اللہ فان اللہ حی لایموت قال اللہ﴿ وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل. ....الشاکرین ﴾ حضرت ابوبکرؓ نے کس موقع پر فرمایا؟

جواب آپ ﷺ کے انتقال کے بعد (بخاری رقم ۴۴۵۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۰۳۵ آپ ﷺ کے انتقال کے بعد تجہیز و تکفین سے قبل کس معاملہ میں اختلاف ہوگیا؟

جواب جانشینی کے معاملہ میں (الرحیق المختوم ص ۷۳۶)

سوال:۱۰۳۶ نبی کریم ﷺ کی وفات کس تاریخ کو ہوئی؟

جواب ۱۲ ربیع الاول ۱۱ھ دوشنبہ بوقت چاشت.

(الرحیق المختوم ص ۷۴۴، رحمۃ للعالمین ص ۲۴۶ ج۱)

سوال:۱۰۳۷ نبی کریم ﷺ کی وفات کے وقت آپ ﷺ کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب ۶۳ سال ۴ دن. (الرحیق المختوم ص ۷۴۴، رحمۃ للعالمین ص ۲۴۶ ج۱)

سوال:۱۰۳۸ آپ ﷺ کو غسل دینے والے صحابۂ کرام کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

جواب علی بن ابی طالبؓ، عباس بن عبدالمطلبؓ، فضل بن عباسؓ، قثم بن عباسؓ، اسامہ بن زیدؓ، اوس بن خولیؓ، شقران مولی رسول اللہ ﷺ.

(ابن ھشام ص ۸۱۴ ج ۲)

سوال:۱۰۳۹ آپ ﷺ کو کروٹ بدلنے والے صحابہ کرامؓ کے نام کیا ہیں؟

جواب عباسؓ بن عبدالمطلب، فضلؓ بن عباس، قثم بن عباسؓ.

(ابن ھشام ص ۸۱۴ ج ۲)

سوال:۱۰۴۰ آپ ﷺ کے جسد مبارک پر پانی بہانے والے صحابہ کرامؓ کے نام کیا ہیں؟

جواب اسامہ بن زیدؓ، شقرانؓ مولی رسول اللہ ﷺ. (ابن ھشام ص ۸۱۴ ج ۲)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



سوال:۱۰۴۱ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم ﷺ کی وفات پر کیا کہا؟

جواب حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا یا ابتاہ اجاب ربا دعاہ ، یا ابتاہ من جنة الفردوس مأواہ، یا ابتاہ الیٰ جبرئیل ننعاہ پیارے باپ نے دعوت حق کو قبول فرمایا۔اور فردوس میں نزول فرمایا۔آہ جبرئیل کو خبر انتقال کون پہنچا سکتا ہے۔(بخاری مع الفتح:۴۴۶۲)

سوال:۱۰۴۲ جب آپ ﷺ کی آخری آرام گاہ کے متعلق اختلاف ہوا تو کس صحابی نے فرمایا کہ کوئی نبی بھی نہیں اٹھایا جاتا مگر اس کی تدفین وہیں ہوتی ہے جہاں وہ اٹھایا جاتا ہے؟

جواب حضرت ابوبکرؓ (ابن ھشام ص ۸۱۵ ج ۲، الرحیق المختوم ص ۷۳۷)

سوال:۱۰۴۳ آپ ﷺ کے بستر مرض کو اٹھانے والے صحابی کا نام بتایئے؟

جواب ابوطلحہؓ (الرحیق المختوم ص ۷۳۷)

سوال:۱۰۴۴ آپ ﷺ کی قبر مبارک کیسی کھودی گئی؟

جواب لحد والی (ابن ماجہ ص ۱۱۳ ج ۱، باب ماجاء فی الشق)

سوال:۱۰۴۵ نبی کریم ﷺ کو کتنے کپڑوں میں کفنایا گیا؟

جواب تین کپڑوں میں۔ (بخاری مع الفتح:۱۲۶۴)

سوال:۱۰۴۶ آپ ﷺ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی؟

جواب کسی نے نہیں.

(ابن ھشام ۸۱۶ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۲۴۸ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۷۳۷)

سوال:۱۰۴۷ آپ ﷺ کی نماز جنازہ کیسے پڑھی گئی؟

”محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

جواب دس دس صحابہ کرامؓ نے باری باری پڑھی۔

(ابن ھشام ۸۱۶ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۲۴۸ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۷۳۷)

سوال: ۱۰۴۸ آپ ﷺ کی کل کتنی بیویاں تھیں؟

جواب ۱۱ (ابن ھشام ۸۱۶ ج ۲، رحمۃ للعالمین ص ۲۴۸ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۷۳۹)

سوال: ۱۰۴۹ ان ازواج مطہرات کا نام بتایئے جو آپ ﷺ کی زندگی میں انتقال کر گئیں؟

جواب (۱) خدیجہؓ (۲) زینبؓ بنت خزیمہ۔ (الرحیق المختوم ص ۷۳۷)

سوال: ۱۰۵۰ نبی کریم ﷺ کی تمام ازواج مطہرات کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

جواب (۱) حضرت خدیجہؓ (۲) حضرت سودہؓ (۳) حضرت عائشہؓ

(۴) حضرت حفصہ بنت عمرؓ (۵) حضرت زینب بن خذیمہؓ

(۶) حضرت ام سلمہؓ (۷) حضرت زینب بن جحشؓ

(۸) حضرت جویریہ بنت حارثؓ (۹) حضرت ام حبیبہؓ

(۱۰) حضرت صفیہؓ (۱۱) حضرت میمونہؓ

(زادالمعاد ص ۷۸ تا ۹۵ ج ۱، الرحیق المختوم ص ۷۳۹ تا ۷۴۲)

☆☆☆